بیسٹ کا عشق

از قلم ماہی شاہ، حبا خان

وہ ڈر کر بھاگ رہی تھی ایسے جیسے اس کے پیچھے کتے لگے ہوں کہ اچانک ہی اس کی ٹکر کسی بھاری وجود سے ہوئی تو اس نے سہم کر
اس کی طرف دیکھا تو بلیک ماسک سے جھلکتی ہوئی اس کی سبز وحشت سے بڑی آنکھیں سرح. تھی اس کی انکھیں دیکھ کر اس کے چیخ نکلی ساتھ۔ہی اس کی آنکھ کھل گئی اور گہرے گہرے سانس لینے لگی۔۔

اف کیوں کیوں مجھے یہ خواب آ کر تنگ کرتے ہیں اور یہ سبز انکھوں والا مونسٹر کون ہے اور اس طرح کی انکھیں اگر کبھی حقیقت میں مجھے نظر آئی تو میں تو وہاں ہی مر جاؤں گی

ایک جرجری لے کر وہ وہاں سے اٹھی اور فریش ہونے چلی گئی کیونکہ اس نے یونیورسٹی جانا تھا۔۔

بلیک جینز کے ساتھ سرخ رنگ کا شارٹ فراک پہنے اور گلے میں دوپٹہ مفلر کی طرح لیے ہوئے بہت کیوٹ لگ رہی تھی اور پھر اس کی نیلی
آنکھیں غضب ڈھا رہی تھی

ماما ماما جلدی سے ناشتہ دے دیں مجھے بھوک لگی ہے مجھے یونیورسٹی جانا ہے۔۔

زرمین خان نے اس کو دیکھا تو دل میں بے ساختہ ماشاءاللہ کہا تھا کیونکہ وہ لگ ہی بہت خوبصورت رہی تھی ماما جانی مجھے دیکھنا بس کریں ناشتہ دے دی نظر لگائیں گی کیا اف تم بھی نام جاؤ بیٹھو پاپا بھی انتظار کر رہے ہیں سکندر خان تو اپنی جان سے پیاری بیٹی کو دیکھا جو اس کے اکلوتی جان تھی۔۔

پاپا آپ ماما سے کتنا پیار کرتے ہیں کیوں بیٹا جی اپ یہ کیوں پوچھ رہی ہیں اف ہو پاپا بتائیں تو کیونکہ آج کل ماما بہت گلابی گلابی ہو رہی ہیں خیر ہے نا اور زرمین بیگم تو اس کی بات پر جنھپ گئی تھی اور اس کو ایک تھپڑ رسید کیاانو باز آ جاؤ۔۔

تم بہت شرارتی ہوتی جا رہی ہو اف وہ ماما میں نے کیا کہا پاپا اپ بتائیں ماما دن بدن پیاری ہوتی جا رہی ہیں نا بیٹا جی کیوں مجھے گھر سے نکلوانا ہے مجھے تو اپنی شرارتوں سے معاف رکھو انمول کھلا کر ہنس پڑی دونوں نے بے ساختہ ماشاءاللہ کہا تھا اور ہمیشہ ہنستے رہنے کی دعا کی تھی لیکن قسمت کا کس کو پتہ ہے۔۔

✿✿✿✿✿✿

وہ ایک لڑکی کی تصویر لے کر مسلسل رو رہا تھا اہ میری لٹل فیری کہاں چلی گئی ہو 15 سال 15 سال بہت ہو گے تمہیں دور ہوے لیکن اب تمہیں میں ڈھونڈ لوں گا اور پھر تمہیں کہیں نہیں جانے دوں گا پلیز لٹل فیری واپس آ جاؤ تمہارا زی تمہیں بہت یاد کر رہا ہے۔۔

میرا دل کر رہا ہے تمہیں تمہارے باپ کے کیے کی سزا دوں لیکن یہ دل ہے کہ مانتا ہی نہیں بس یہی چاہتا ہے کہ تم میرے پاس ہو میری

سبز آنکھوں والی لٹل فیری۔۔۔

✿✿✿✿✿✿

وہ جلدی سے یونیورسٹی پہنچی تھی کہ اسکی دوست زویا جو کہ ایک مہینہ ہوا تھا یونیورسٹی آئی تھی باہر سے میگریشن کروا کر اور آتے ہی اس نے اپنی شرارتی عادت کی وجہ سے جلد ہی انمول سے دوستی کر لی تھی۔۔۔

یار انو کہاں تھی میں کب سے ویٹ کر رہی تھی اور ایک تم ہو کہ مجھے انتظار کروا رہی ہو بس یار لیٹ ہو گئی اچھا چلو چلے لیٹ ہو رہے ہیں ویسے بھی ہمارے پیپرز ہونے والے ہیں اور ایک مہینہ رہ گیا ہے پھر ہماری سٹڈی کمپلیٹ ہو جائے گی۔۔

ہا ہا یار ہم کون سا الگ ہو گئے تم تو ہمارے گھر بھی آتی جاتی ہو زویا یار کاش میرا کوئی بھائی ہوتا تو میں تمہیں اپنی بھابی بنا لیتی ہوں دفعہ ہو جاؤ اور انو تم بھی کیا باتیں لے کر بیٹھ جاتی

ہو پہلے تمہاری شادی ہو گئ پھر میری اہ میرے لیے تو کوئی شہزادہ ہی آئے گا اور بھاگ کر کلاس میں چلی گئی اللہ کرے کوئی شہزادہ ہی اے اور مسکراتے ہوئے اس کے پیچھے چلی گئی۔۔

✿✿✿✿✿✿

وہ نک سک سا تیار ہو کر پولیس اسٹیشن جانے کے لیے تیار ہو رہا تھا اس نے تیار ہو کر اپنے اپ کو شیشے میں دیکھا تو براؤن آنکھیں ماتھے پر آئے ہوئے بال اور ہلکی سی داڑھی اور سفید رنگ وہ کسی بھی لڑکی کا خواب ہو سکتا تھا لیکن اس نے آج تک صرف اپنی لٹل فیری کا انتظار کیا تھا۔۔

اسے یقین تھا کہ ایک دن وہ اپنی لٹل فیری کو ڈھونڈ لے گا پھر کبھی دور نہیں جانے دے گا وہ تیار ہو کر نیچے آیا تو میر پہلے ہی ناشتے کی ٹیبل پر بیٹھ کر اس کا انتظار کر رہا تھا آؤ آؤ پولیس والوں آپ کا ہی انتظار ہو رہا تھا ہاہا بھیا اپ بھی نہ کہاں آپ اور کہاں ہم یہ مذاق اچھا ہے کہ آپ میرا انتظار کر رہے تھے۔۔

چلو چپ کر کے ناشتہ کرو پھر مجھے ایک دشمن کو ٹھکانے لگانے جانا ہے اور ایک میں پولیس والا ہو کر بھی آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتادونوں ہی کہکا لگا کر اٹھ گئے اور یہ بتاؤ یہ ماہا کدھر ہے پتہ نہیں بھائی کہاں گئی ہے اپنے کمرے میں ہو کیوں خود ہی ناشتہ کر لے گی چلو ٹھیک ہے خدا حافظ تم جاؤ مجھے بھی کام ہے اوکے بھیا خدا حافظ۔

ماما میں آگئی ماما کدھر ہیں آپ مجھے بھوک لگی ہے او ہو بیٹا کتنی دفعہ کہا ہے سلام کیا کرو پہلے آتے ہی کھانا مانگنے لگ جاتی ہو اوکے ماما سوری اب دے دینا کھانا اوکے جاؤ چینج کر کے آؤ میں کھانا دیتی ہوں یہ کہہ کر وہ چلی گئی پاگل بیٹی میری اور وہ کچن میں چلی گئی۔۔۔

اوپر آکر اس نے موبائل میں میسج دیکھا تو زویا کا میسج تھا تم آ رہی ہو نا

او شٹ یار میں بھول گئی

ماما سے پوچھنا

اوکے میں پوچھ کر بتاتی ہوں

اوکے یار آ جانا

اوکے میں کھانا کھا کر پوچھتی ہوں اوکے بائے نیچے آکر اس نے کھانا کھایا اور ماما سے پوچھا ماما وہ زویا ہے نا اس نے شاپنگ پر جانا ہے اس کی برتھ ڈے ہے تو مجھے بھی جانا ہے۔۔
میں رات تک واپس آجاؤ گی پلیز ماما۔۔

اوکے ٹھیک ہے چلی جانا تھینکس ماما بیٹا دھیان سے جانا

اوکے ماما۔۔اوپر آ کر اس نے ذویا کو میسج
کیا کے وہ آ رہی ہے۔

شاپنگ کر کے وہ آگئ تھی بہت تھک گی تھی بیٹا آرام کرو جا کر

اوکے ماما۔۔یہ کہ کر وہ چلی گئی۔۔۔

جلدی کرو صاحب اٹھ گئے ہیں

سب نوکروں میں افرا تفری مچی ہوئی تھی

دیکھو گھر کا کونا کونا چمکا دو صاحب کو دھول مٹی بالکل پسند نہیں اگر غلطی سے بھی ان کو کوئی گندی جگہ نظر آ جائے تو

تم لوگوں کے خیر نہیں

اختر سب نوکروں کو ہدایت دیتے ہوئے باہر نکلا جہاں کتوں کی بھونکنے کی آوازیں آ رہی تھی وہ ان خطرناک شکل کے کتوں کے

قریب آیا ان کی ایک فٹ لٹکتی زبان وہ نہ صرف دیکھنے میں خطرناک بالکل ان سے خطرے کا عملی نمونہ سب نوکر دیکھ چکے تھے

جب میر سلطان کو غصہ اتا تھا نوکروں کو ان کے اگے پھینک دیتا تھا ویک سفاک بے رحم درندہ تھا جس کی ڈکشنری میں معافی نام کا لفظ نہیں تھا وہ گرین آنکھوں والامافیا ورلڈ کا بے تاج بادشاہ جس نے مافیا کے چھوٹے موٹے کیڑوں کو مار ڈالا تھا اور خود بیسٹ بن بیٹھا تھا
کوئی بھی اس سے الجھنے سے پہلے ہزار بار سوچتا تھا اب
دیکھتے ہیں اس بیسٹ کی دنیا میں کون سی پرنسز آتی ہیں

لٹل فیری

I am not live without you

پلیز واپس آ جاؤ

تمہارے بغیر نہیں رہ سکتاتمہارا ذی تمہیں یاد کر رہا ہے تم بھی تو

اپنے زی کے بغیر نہیں رہ سکتی تھی نا واپس آ جاؤ پتہ نہیں تمہارا باپ تمہیں کہاں لے کر گیا ہے

اس ٹائم اس کا چہرہ آنسو سے تر تھا۔کوئی نہیں کہہ سکتا تھا کہ یہ وہ زین شاہ ہے جو مقابل کے منٹوں میں پسینے چھڑوا
سکتا تھا ایک قابل ترین افسر جس کے نام سے دشمن کا پتے تھے اس ٹائم لٹل فیری کی یاد میں ایک بے بس ہارا ہوا انسان لگ رہا تھا۔۔

✿✿✿✿✿

ایک ٹاول کمر سے پیروں تک جب کہ دوسرا بالوں پر لپیٹے ہوئے وہ اپنے گیلے اور مضبوط ورشی جسم کے ساتھ شاور لے کر باہر نکلا
سر پر سے ٹاول ہٹا کر وہ ڈریسنگ کے سامنے آ کر کھڑا ہوا سب سے پہلے اس نے اپنے گیلے چمکتے ہوئے چہرے پر بکھرے بالوں کو سکھایا۔۔

سبز آنکھیں گھنی پلکیں ہلکے گلابی ہونٹ دودھیا رنگت ہلکی سی بیڑ جو اس کے حسن میں مزید اضافے کا باعث بنی تھی ہاتھوں کی ابھری ہوئی نسیں چوڑا سینہ سکس پیک جو اس کی شخصیت کو مزید متاثر کر رہی تھی۔۔

پہلے وہ بیڈ پر رکھی بلیو کلر کی پینٹ پہننے لگا اب وہ شرٹ لیس شیشے کے سامنے کھڑا ہوا ڈریسنگ پر سے باڈی سپرے اٹھا کر
جسم پر لگانے لگا پھر وائٹ شرٹ پہنی اور ہاتھوں سے بالوں کو سنوارنے لگا اسے ایک میٹنگ کے لیے جانا تھا کیونکہ دن کے اجالے میں وہ لوگوں کے لیے ایک عام سا انسان بزنس مین تھا

اور رات کے اندھیرے میں دشمنوں کی سفاک موت ہم جس کے نام سے دنیا تھر تھر کانپتی تھی جب وہ تیار ہو کر نیچے آیا تو سب ملازم ایک قطار کے ساتھ کھڑے ہو گئے کیونکہ سب ہی اس کے غصے سے واقف تھے وہ آرام سے ناشتہ کر کے باہر چلا گیا سب نے شکر کیا کہ آج غصہ نہیں کیا..

سورج افق پر غروب ہو رہا تھا رات کا اندھیرا نے اپنی لپیٹ میرے لے رہا تھا ماہ شاہ کانوں پر ہینڈ فون لگائے گانے سنتے ہوئے تیز سپیڈ
سے گاڑی ڈرائیو کر رہی تھی اسے لگ رہا تھا جیسے اسے اپنی جان کی پرواہ نہ ہو اس نے بلیو رنگ کی شرٹ اور بلیک پینٹ پہنی تھی۔۔۔۔۔۔۔

۔اور ہائی ہیل والے بند شوز پہنے ہوئے تھ سفید نرم و ملائم چہرے کے گلابی گال ایسے لگتے تھے جیسے برف کے جسمے میں گلابی رنگت کی امیزش بری بری براؤن آنکھیں جن پر پلکوں کی گھنی باڑ تھی مغرور ستوہ ناک سرخ یا قوتی لب لمبے بال نیچے سے بالکل کرل کیے ہوئے تھے وہ ایک جیتا جاگتا حسن کا مجسمہ تھی اپنے ہی خیالوں میں گالی چلا رہے تھے کہ دور سے ہی ٹریفک وارڈن نے اسے رکنے کا اشارہ کیا تو وہ سخت کوفت کا شکار ہوئی گاڑی رکتے ہی اس نے ہیڈ فون اتارا اور گارے کا شیشہ اترتے ہوئے بولی۔۔۔

واٹ پروبلم۔۔۔

ٹریفک وارڈن اس خوبصورت لڑکی کو دیکھ کر ایک پل کو تو حیران ہوا اسے بگڑے ہوئے امیر زادوں پر بہت غصہ آتا تھا اور یہ تو پھر امیر ازادی تھی

بی بی گاڑی تیز چلانے کے جرم میں چالان کاٹ رہا ہوں

جرمانہ ادا کرو

اس نے یہ کہہ کر ایک کاغذ ماہ کی طرف بڑھایا

اس نے پہلے کاغذ کو دیکھا پھر ٹریفک وارڈن کو تو بولی کتنا جرمانہ ہے

500 روپے....

ماہا نے ایک نور نکالا اور اس کو دیا بی بی کے پانچ ہزار ہیں میں نے 500 مانگا ہے

رکھ لو آئندہ مجھے دیکھا تو رکنا مت یہ ایڈوانس میں جمع کروا رہی ہوں۔۔

ہمم۔۔۔

اس نے آبرو آچکا کر رعب سے دیکھا۔اور گاڑی سٹارٹ کر دی

اور پہلے سے بھی زیادہ سپیڈ بڑھا دی ٹریفک وارڈن نوٹ پکڑے ہونکوں کی طرح منہ کھول کر جاتے ہوئے گاڑی کو دیکھ رہا تھا

سوئے تو یہاں کھڑا کیا کر رہا ہے وسیم جو اس کے ساتھ ڈیوٹی کر کے آ رہا تھا آ کر کہنے لگا

بس یار آج کل کے جنریشن کو پتہ نہیں کیا ہو گیا ہے ابھی جو گاڑی
آئی مشکل سے 20 سال کی ہو گی لیکن گاڑی ایسے چلا رہی تھی جیسے ریس میں حصہ لیا ہو۔۔

میں نے 500 مانگا جرمانہ کیا تو 5000 دے گی بولی ایڈوانس میں رکھ کو۔۔

وہ ایسے ہی تھی تھوڑی مغرور بے خوف پابندیوں کو نہ ماننے والے اس کا دل آزاد پرندوں کی طرح فضاؤں میں اڑتا تھا وہ صرف خواب دیکھتی نہیں تھی اسے پورا بھی کرتی تھی۔۔

بس جس چیز کو پسند کر لیا اس سے ہر حال میں حاصل کرنا ہے اور ایسی آزادی اور بے خوفی صرف میر سلطان شاہ اور زین شاہ کی بہن ماہ شاہ میں ہی ہو سکتی ہے۔۔

میر اور زین کے اکلوتی اور لاڈلی بہن تھی جو کسی کو بھی خاطر میں نہیں لاتی تھی جو چیز اسے پسند ہوتی تھی وہ اسے لا دیتے تھے کسی بھی قیمت پر وہ گاڑی چلا رہی تھی اتنے میں زین کی کال آگئی اس نے کال اٹھائی

ہیلو بھیا کیسے ہو آپ

میں تو ٹھیک ہوں تم کیسی ہو اور کہاں ہو آج کل نظر ہی نہیں آتی۔۔۔جلدی گھر پہنچو میر کو غصہ آیا ہوا۔۔

اسے پتہ چل گیا نا تم گھر نہیں ہو تمہاری ڈانٹ پکی اوکے بھیا میں آتی ہوں۔۔۔آپ میر بھیا کو سنبھال لیں

تم آؤ ذرا گھر۔تمہاری خبر لگواتا ہوں میں میر سے۔۔۔

ہاں ہاں بھیا اپ ایسا کچھ نہیں کر سکتے تو جانتے ہیں بعد میں میں ناراض ہو جاؤں گی چلو بائے میں اتی ہوں خدا حافظ۔۔

ماما آج زویا کی سالگرہ ہے تو میں نے رات کو وہاں جانا ہے۔۔

اوکے بیٹا ٹائم سے آ جانا پتا ہے نا آپ کے پاپا کو نہیں پسند کہ آپ

لیٹ نائٹ گھر سے باہر رہیں۔۔

اوکے ماما۔۔اپ پریشان نہ ہو میں جلدی آ جاؤ گی۔۔

اوکے بیٹا ٹھیک ہے۔۔

اپنا خیال رکھنا۔میری کچھ طبیعت ٹھیک نہیں ہے میں اپنے کمرے میں جا رہی ہو۔۔

اوکے ماما۔میں جاتے ہوئے آپ کو بتا دو گی۔۔اور اک kiss دے کر بھاگ جاتی ہےاور اس کی حرکت پر زرمین بیگم کے چہرے پر مسکراہٹ آ جاتی ہے۔۔

میری پاگل بیٹی۔۔۔

زین آج رات مجھے ایک دشمن کا کام ختم کرنے جانا ہے تم اج رات گھر پر ہی رکنا زین میں جانتا ہوں تم راتوں کو اٹھ اٹھ کر اپنی لٹل فیری کو یاد کرتے ہو تمہاری یہ آنکھیں رات جاگنے کے سارے راز بتا

دیتی ہیں ایک دفعہ مجھے وہ کمینہ مل جائے میں خود تجھے لٹل فیری لے کر دوں گا پتہ نہیں کہاں چھپ کر بیٹھ گیا ہے۔۔

اپنا اور اپنی بیٹی کا نام بھی تبدیل کروا لیا ہے لیکن ابھی وہ مجھے جانتا نہیں جتنا مرضی چھپ لے ابھی میں چپ بیٹھا ہوں تا کہ اس کے گناہ اور بڑھ جاؤں اور ایسی موت دوں گا کہ دیکھنے والے کی روح کانپ جائے گی۔۔۔

یار میں کیا کروں بچپن سے اس سے پیار کرتا ہوں اب تو وہ سبز آنکھوں والی میری لٹل فیری بڑی ہو گئی ہو گی۔۔۔

اچھا بتاؤ جب وہ سامنے آئے گی تو پہچان لو گے ہاں میں پہچان لوں گا اوئے ہوئے بڑے عاشق بنے بیٹھے ہو۔۔۔

ہا ہا بس یار کیا کروں تمہیں بھی دیکھوں گا جب تم کو محبت ہو گی کیسے اسے دور جانے دیتے ہو۔۔

۔جب مجھے محبت ہو گی نا تو اسے میں اپنے پاس قید کر لوں گا کسیسے نہ وہ بات کر سکے گی نہ ہی کسی کو دیکھ سکے گی

بس مجھے سوچ مجھ سے بات کرے اگر کسی سے نے اس کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھا تو اس کی آنکھیں نکال دوں گا اور اگر کسی نے اسے بات کرنے کی کوشش کی تو زبان ہی کاٹ دوں گا یہ کہہ توے اس کی سبز آنکھوں میں الگ ہی وحشت اور جنونیت تھی کہ ایک دفعہ تو زین بھی ڈر گیا تھا۔۔

بھیا بھیا کہاں ہیں۔۔۔

لو آگئی تمہاری لاڈلی۔۔

تم نے ہی اسے بگاڑا ہوا ہے

کیا کروں اس میں مجھے میری مریم نظر آتی ہے اور آنکھوں سے دو موتی ٹوٹ کر گالوں میں بہ نکلے--

دیکھ میر میں جانتا ہوں تمہاری تکلیف میں ہر قدم پر تمہارے ساتھ ہوں جتنا اس شخص نے تمہارے ساتھ ظلم کیا اس کو کتے کی موت ماریں گے میں بھی تو جی رہا ہو اس کو سزا دینے کے لیے--

کیا ہوا آپ دونوں کو ایسے کیوں بیٹھے ہیں جیسے آپ دونوں کی محبوبائیں روٹھ کر بیٹھ گئی ہیں--

ماہا کہاں ہوتی ہو تم راتوں کو تمہیں پتہ ہے میرے کتنے دشمن ہیں پھر بھی تم اکیلے باہر نکلتی ہو کتنی دفعہ کہا ہے گارڈ لے کر جایا کرو--

میر بھیا آپ لوگوں نے مجھے اتنا اپنا سیلف ڈیفنس کرنا سکھایا ہے اتنا تو میں بھی چھوٹے موٹے کیوڑوں کو مار دیتی ہوں۔۔

آپ فکر نہ کریں۔۔

کیسے فکر نہ کروں ماہا اگر تم میرے کسی دشمن کی نظر میں اگئی کچھ کر دیا ہے تو مریم کو تو میں نے کھو دیا ہے لیکن تمہیں نہیں کھو سکتے۔۔

چلو آپ لوگ بیٹھو مجھے ایک کام ہے میں کر کے آتا ہوں پھر آکر تم لوگوں سے بات کرتا ہوں..

میر بھیا کیا آپ پھر سے لوگوں کا دل نوچنے جا رہے ہے مجھے بھی ساتھ جانا ہے بہت دن ہو گئے ہے کسی دشمن کا دل نوچ کر نہی نکالا مجھے بھی لے جائے نا ساتھ قسم سے ایسے لوگوں کو کٹتے ہوئے دیکھ کر بہت مزہ آتا ہے۔

او توبہ کرو ماہ آج تک مجھ میں ہمت نہیں کہ میں اتنا خون دیکھ سکوں اور تم دل نوچنے کی باتیں کر رہی ہو۔۔

میر تم نے اسے بالکل اپنی طرح بنا دیا ہے نہ کسی سے ڈرتی ہے نہ اسے کچھ خوف ہے۔۔

زین یہ میری بہن ہے اسے ایسا ہی ہونا چاہیے نڈر۔۔ماہ تم ابھی زین کے ساتھ بیٹھو میں آتا ہوں..

جینز کا کھلا پجامہ پہنے لال رنگ کا کرتا جس پر سیاہ ایمبرائڈری کی ہوئی تھی معصومیت سے پر نور چہرہ بے تحاشہ سرخ گلاب بھی رنگت ستوہ ناک نیلی انکھیں ہونٹوں کے اوپر کا تل جس کو دیکھ کر ایک دفعہ تو لوگ اپنا ہوش گواہ بیٹھتے تھے۔۔

قدرت کی بنائی ہوئی جیتی جاگتی شاہکار مکمل بے تحاشہ حسن اس سادگی میں بے اگلے بندے کے ہوش اڑانے کو تیار تھی اس نے اپنے اپ کو شیشے میں دیکھا تو خود کو دیکھ کر شرما گئی۔۔

زویا کہ سالگرہ پر جانے کو تیار کھڑی تھی اتنے میں ڈرائیور نے ہارن مارا تو بھاگ کر ماما کے پاس گئی اوکے ماما میں جا رہی ہوں۔۔

جلدی آنا۔۔

اوکے ماما یہ کہہ کر وہ چلی گئی آج نہ جانے ان کا دل کیوں گھبرا رہا تھا جیسے کچھ برا ہونے والا ہے۔۔

وہاں بہت بڑے بڑے بزنس پارٹنرز اور نام گرامی لوگ شامل تھے کیونکہ یہ زویا کی ضد تھی کہ اس کی سالگرہ پہلی دفعہ پاکستان میں ہونے لگی ہے تو دھوم دھام سے منائی جائے۔۔

دلاور بیگ زویا سے بہت پیار کرتا تھا اسی لیے بڑے پیمانے پر سالگرہ کی جیسے ہی زویا اندر داخل سب کی نظریں تو اس حسین پیکر پر اٹک گئی تھی۔۔

زویا بھاگ کر انمول کے گلے لگی اوئے ہوئے آج تو کوئی قیامت ڈھا رہا ہے انمول یہ سن کر مزید لال گلابی ہوئی تھی چلو آؤ میں تم کو پاپا سے ملواؤں۔۔

پاپا یہ انمول ہے میری بیسٹ فرینڈ۔

السلام علیکم انکل۔۔

وعلیکم السلام بیٹا کیسے ہو آپ میں ٹھیک ہوں

انکل چلو بیٹا اپ پارٹی انجوائے کرو۔۔

اوکے پاپا۔۔

لاش کو بہت ہی برے طریقے سے مارا گیا ہے سر اس کے جسم کا کوئی حصہ نہیں جس کو کاٹا نہ گیا ہو اور اس کا دل نکال کر باہر پھینک دیا ہے انسپیکٹر فیاض نے لاش کو دیکھا تو اسے بھی الٹیاں آنے لگی پتہ نہیں کون ظالم ہے جو ایسی عبرت ناک موت دیتا ہے اس نے غور سے دیکھا تو اس کے سر پر ایک ٹیگ لگا ہوا تھا جہاں بیسٹ

دیکھا ہوا تھا۔۔

اور ایسے کئی لاشیں دیکھی تھی جہاں بیسٹ اپنا کام کر کے اپنا ٹیگ لگا جاتا ہے۔۔

سر یہ وہی بندہ ہے جنھوں نے مختلف شہروں سے

بچیاں اٹھا کر ان لیگل طریقے سے یورپ بھجوائی ہیں۔۔

سر یہ بیسٹ جو کوئی بھی ہے پر قتل کے بعد ایک ٹیگ چھوڑ جاتا ہے جس کے اوپر دا بیسٹ لکھا ہوتا ہے۔۔

اور لاشوں کی حالت ایسی ہوتی ہے کہ دیکھا نہیں جاتا انسپیکٹر عمران نے کہا کہ یہ کام تو اچھا کرتا ہے ایک طرف سے گنہگار لوگوں کو مارتا ہے۔

انسپیکٹر فیاض نے کھا جانے ہوئے نظروں سے اسے دیکھا تھا وہ بے شک ہماری مدد کر رہا ہے لیکن

کا مطلب یہ نہیں کہ وہ ایسے بندوں کو ماریں اسے بھی ڈھونڈ لیں گے جلدی ہی چلو اب یہاں رکنے کا کام نہیں۔۔

اچھا زویا یار میں جا رہی ہوں ماما نے بولا تھا جلدی آنا اب مجھے جانا ہو گا۔۔ویسے بھی 12

بج گے ہے۔۔اب بھی نہ گی تو پاپا ڈانٹے گے۔۔

اوکے ٹھیک ہے انو اپنا خیال رکھنا۔۔اوکے بائے۔۔

یہ کہ کر وہ ڈرائیور کے ساتھ چلی گئی۔

اب بھی وہ آدھے راستے میں ہی پہنچی تھی
کہ گاڑی خراب ہو گئی۔۔

کیا ہوا انکل بیٹا لگتا ہے گاڑی خراب ہو گئی ہے

انمول یہ سن کر بہت ڈر گئی تھی کیونکہ اندھیرے
سے تو ایسے ویسے ہی بہت ڈر لگتا تھا۔۔۔

انکل پلیز جلدی کریں۔۔

بیٹا آپ گاڑی میں ہی بیٹھنا باہر نہیں جانا میں کہیں سے پانی دیکھ کے آتا ہوں ٹھیک ہے
انکل جلدی آیئے گا۔۔

ڈرائیور کو گئے ابھی تھوڑی دیر ہی ہوئی تھی کہ اس کی گاڑی کے باہر کوئی آ گیا..

آئے ہائے کیا مال ہے..

آج تو ہماری موج ہو گی اے لڑکی نکل باہر وہ لڑکے شراب کے نشے میں پھول دکھ تھے ایسے نہیں نکلے گی اور انمول تو یہ سب دیکھ کر ہوش کھونے والی تھی اس نے جلدی سے دوسرا دروازہ کھولا تو بھاگنے لگی۔۔

بھاگ بھاگ کر وہ ایک درخت کے پیچھے چھپ گئیا تنے میں لڑکوں کی آوازیں آئی یہاں ہی آئی تھیوہ لڑکی جانے نہیں چاہیے..

انمول نے ڈر کر پھر سے بھاگنا شروع کر دیا اب بھی وہ بھاگ ہی رہی تھی کہ ایک بھاری موجود کے ساتھ ٹکرا گئی۔۔

اس نے سر اٹھا کر دیکھا تو وہیں سبز وحشت سے بھرپور آنکھیں دیکھ کر اپنا خواب یاد آیا لیکن زیادہ دیر سوچ نہیں سکی اور میر کی باہوں میں بے ہوش ہو گئی۔۔۔

میر جو اپنا کام کر کے واپس جا رہا تھا کسی لڑکی کی چیخیں سن کر اس کی طرف ایا تو ایک لڑکی اس سے ٹکرا گئی۔۔

وہ تو اس کی نیلی انکھوں میں ڈوب گیا تھا اس نے مکمل حسن دیکھا تھا لیکن ایسا سوگوار حسن دے کر ایک بار تو وہ بھی مبہوت رہ گیا تھا۔۔۔

اے لڑکے چھوڑ لڑکی کو یہ ہمارا مال ہے ہمارے بعد تیری باری بھی آ جائے گی۔۔

یہ سننے کی دیر تھی کہ اس کی دماغ کی رگیں پھول گئی اسے ایک دم سے مریم کا خیال آیا۔۔۔

اے سنا نہیں تم نے چھوڑ لڑکی کو

اس نے انمول کو ایک طرف لٹایا تو ان کی طرف آیا وہ میری ہے

کمینو تمہاری ہمت کیسے اس کی طرف دیکھنے کی اور ان کو دھنک کے رکھ دیا حتی کہ وہ مرنے والے ہو گئے۔۔۔

اتنے میں کسی کی آواز آئی انمول بیٹا انمول بیٹا کہاں ہو آپ اس نے انمول کو اٹھایا تو اس آواز کی طرف چلا گیا جہاں ایک بزرگ آدمی آوازیں دے رہا تھا اس نے کسی آدمی کے ہاتھوں میں انمول کو دیکھا تو ڈر کر اس کی طرف بھاگ گئے کیا ہوا انمولکو بیٹا

کچھ نہیں کچھ لڑکے پیچھے لگ گئے تھے میں بچا کر لے آیا ہوں۔۔۔۔

آپ کا بہت شکریہ بیٹا آپ کا احسان بہت بڑا ہے اگر آپ نہ ہوتے تو پتہ نہیں آج کیا ہو جاتا۔۔

اس نے چپ کر کے انمول کو گاڑی میں ڈالا اور ایک نظر اس کے ہونٹ کے اوپر تل کو دیکھا اس پتھر کا پہلی دفعہ دل دھڑکا تھا اور یہ اس معصوم کے لیے اچھی بات نہیں تھی وہ اس سے بے خبر بے ہوش پڑی ہوئی تھی۔۔

زرمین بیگم نے بہت کالز کی لیکن انمول نے نہیں اٹھائی تو وہ بہت پریشان ہو گئی تھی اتنے میں باہر گاڑی کا ہارن بجا تو شکر کیا لیکن کسی آدمی کے ہاتھوں میں اپنی بے ہوش بیٹی کو دیکھ کر دل دہل گیا تھا اس کی حالت ہی ایسی تھی۔۔

جب میر جا رہا تھا تو ایک پل کو خیال آیا کہ وہ چھوڑ آئے راستے میں کوئی اور مسئلہ نہ ہو جائےاس لیے وہ چھوڑنے آیا تھا

کیا کیا ہوا میری بیٹی کو

زمین بیگم کی چیہں سن کر سکندرہان بھی باہر آگئے تھے۔کیا ہوا ہے میری بیٹی کو اور تم کون ہو۔۔

کیا ہوا ہے غفور چاچا سکندر صاحب ڈرائیور صاحب کی عمر کے لحاظ سے انہیں چچا ہی کہتے تھے

بیٹا بھلا ہو ان کا کہ ان لوفر لڑکوں سے ہماری انو کو بچا لائیں ورنہ پتہ نہیں کیا ہو جاتا پھر چاچا نے ساری بات انہیں بتا دی۔۔

بیٹا مجھے سمجھ نہیں آرہا اپ کا شکریہ کس طرح ادا کریں اپ نے ہم پر بہت بڑا احسان کیا ہے نہی انکل کسی لڑکی کی عزت کو بچانا فرض ہے مجھ پر۔۔

یہ تو پھر میری پرنسس ہے بیسٹ کی پرنسس میر نے دل میں کہا"------

اچھا انکل پھر ملاقات ہوگی ابھی مجھے بھی گھر جانا ہے اوکے بیٹا ضرور آیئے گا خدا حافظ

زرمین بیگم تو ساری رات انمول کے پاس بیٹھی رہی انمول تو ساری رات ڈرتی رہی چیختی رہی کہ ماما ماما انہوں نے مجھے گندا کرنا چاہا اور پھر بے ہوش ہو جاتی زرمین بیگم تو بہت پریشان ہوگی تھی اپنی معصوم بیٹی کی ہے یہ حالت دیکھ کر ڈاکٹر نے بولا تھا جو
صبح تک ٹھیک ہو جائے گی۔۔۔

میر آج بہت خوش تھا اس کو اس کی پرنسز مل گئی تھی اس نے دل میں پکا ارادہ کیا کہ اب وہ بہت جلدی سے اپنی پرنسس کو اپنی زندگی میں شامل کر لے گا وہ مسکراتا ہوا گھر میں داخل ہوا

تو سامنے زین اسے عجیب نظروں سے دیکھ رہا تھا۔۔۔

مسکراتے ہوئے میر کے چہرے پر ایک الگ ہی چمک تھی۔۔

اس کے گال کا ایک طرف کا ڈمپل اسے بہت خوبصورت بنا رہا تھا زین نے بے ساختہ ہی دل میں ماشاءاللہ کہا کیونکہ بہت عرصے بعد میر دل سے خوش نظر آیا تھا۔۔

خیر ہے نا آج یہ بیسٹ بہت خوش نظر آرہا ہے آج سے پہلے کبھی خوش نہیں دیکھا اتنا۔۔

ہمممم۔۔۔۔

یار آج مجھے میری پرنسز مل گئی ہے اس بیسٹ کی پرنسز اب میں بہت جلدی میں اسے اپنی زندگی میں شامل کر لو گا۔۔

چلو صبح ناشتے کے ٹیبل پر میں نے آپ لوگوں سے ماہا کے بارے میں بات کرنی ہے ابھی میں بہت تھک گیا ہوں صبح بات ہوتی ہے...

ہاں ہاں جاؤ اپنی پرنسز کے خواب دیکھو زین نے اسے بچپن کے اس حادثے کے بعد آج دل سے خوش ہوتے ہوئے پہلی بار دیکھا تھا ہم

موقع جاؤ تم بھی جاؤ اپنے لٹل فیری کے خواب دیکھو۔۔

پتہ نہیں یار وہ کہاں ہے اب جلد سے جلد سے اسے ڈھونڈنا ہے تاکہ اپنے پاس لے آؤں۔۔

اگر اس کے باپ نے اس کی شادی کر دی ہوئی تو۔۔۔

ہمممم-----

اگر ایسا ہوا تو اسے بیوہ کرنے میں مجھے کوئی جھجک نہیں ہوگی پیار اور جنگ میں سب جائز ہوتا ہے۔۔

اس کو لے کر میرا جنون اور وحشت بڑھتی جا رہی ہے۔۔۔

ہاہاہاہا واہ بر خوردار کچھ زیادہ ہی جنونی ہو گئے

ہا بس عشق کر کے دیکھو تم بھی ہو جاؤ گے

ہو اوکے گڈ نائٹ یہ کہتے ہو وہ کمرے میں چلا گیا۔۔۔

صبح انمول اٹھی تو اسے رات کا واقعہ یاد آیااور وہ سبز وحشت سے بھرپور آنکھیں ایک دماس نے جرجری لی اور اٹھ کر نماز ادا کرنے چلی گی زرمین بیگم نے اسے نماز کی پابندی کرنا سکھایا تھا اس لیے وہ نماز نہیں چھوڑتی تھی زرمین بیگم نے اسے دیکھا تو اس کے پاس آئی

کیسی ہے میری بیٹی

ٹھیک ہوں مما پریشان نہ ہو۔۔

وہ ایسے ہی تھی کسی کو پریشان نہیں دیکھ سکتی تھی رحم دل لیکن اسے پتہ نہیں تھا کہ وہ ایک بے رحم سفاک بیسٹ کا جنون بننے والی ہے چلو آؤ بیٹا میں نے آپ کی پسند کا ناشتہ بنایا ہے کر لو آکر۔۔

اوکے ماما۔۔

آپ جائیں لیکن میں آج یونیورسٹی نہیں جاؤں گی ماما سچ مجھے یہاں کون لایا تھا بیٹا بھلا ہو اس لڑکے کا جو تم کو صحیح سلامت چھوڑ گیا اس کا ذکر پر پھر انمول کا دل زور سے دھڑکا۔۔۔

صبح وہ سب ناشتے کے ٹیبل پر بیٹھے تھے کہ میر نے ماہ سے پوچھا ماہ جو میں نے

تمہیں کام کہا تھا اس کام کا کیا بنا۔۔

جی میر بھیا سب کام ریڈی ہو گیا ہے آپ آگے بتائیں مجھے کیا کرنا ہے اوکے تو تم نے اپنا کارڈ وغیرہ بنوا لیا ہے نا یونیورسٹی کا۔۔

جی میر بھیا سب ہو گیا ہے

اوکے! تو پھر وہاں تمہیں یونیورسٹی ایک خطرناک مشن کے لیے جانا ہو گا۔۔

میں نے سنا ہے کہ وہاں کنگ کا گینگ کچھ لوگ وہاں کام کرتے ہیں اور یونیورسٹیز

میں لڑکیوں کو اپنے جھال میں پھنسا کر ان کو آگے کنگ کے حوالے کر دیتے ہیں اور اب تمہیں وہاں جا کر یہ پتہ لگانا ہے کہ وہ گروپ کون سا ہے۔۔

اوکے میر بھیا آپ ٹینشن نہ لیں مجھے تو ایسے کام کرنے میں بہت مزہ آتا ہے آپ کو فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے ویسے وہاں جا کے ایسی ان کا دل ایسے نوچ کر نکالونگی اور شکل ایسے بگاڑونگی کہ لوگ انہیں پہچاننے سے انکار کر دیں گے۔۔۔

گڈ ماہا مجھے تم پھر فخر ہے میری نڈر بہنبی جان جو ان دونوں کی باتیں غور سے سن رہی تھی میر بی جان سے مخاطب ہوا۔۔

بی جان مجھے ایک لڑکی پسند آئی ہے اور میں اس سے شادی کرنا چاہتا ہوں سب نے اسے حیران نظروں سے دیکھا وہ تو لڑکیوں سے دور بھاگتا تھا۔

اب وہ کیسے شادی کر سکتا ہے آپ لوگ سبا تنا حیران ہو کہ کیوں دیکھ رہے ہیں میں نے پھر انوکھی بات تو نہیں کہہ دی۔۔

بیٹا جی تم نے تو کہا تھا تم جب تک اپنا مقصد پورا نہیں کرو گے شادی نہیں کرو گے تو اب یہ کیا ہے۔۔زین نے اسے تنگ کرنے کے لئے

بولامیر نے اسے ایک مصنوعی گھوری سے نوازہ۔۔

چپ کرو تم میں بھی جان سے بات کر رہا ہوں کیونکہ وہی میرا رشتہ لے کر جائیں گے ابھی جانا اب جائیں گی نا بی جان!!..

ہاں بیٹا کیوں نہیں میں تو بہت خوش ہوں کہ تم اپنی زندگی کی طرف لوٹ آؤ گے یہ کہہ کر بھی جان اور ماہ چلی گئی۔۔۔

میر مجھے ایک بات سمجھ نہیں آرہی۔۔

کیا کون سی بات۔۔۔۔۔۔

جو تم کام کرتے ہو اگر ان کے گھر والوں کو پتہ چل گیا تو کیا وہ تمہیں اپنی بیٹی دیں گے۔۔

زین تم مجھے جانتے ہو جو جس پر میری نظر پڑ جائے نا وہ میری ہی ہوتی ہے اور تمہاری بھابھی پر میری کل رات نظر پڑ چکی ہے اب
سے وہ میری ہے اسے دنیا کی کوئی طاقت مجھ سے الگ نہیں کر سکتی۔۔اور اس کے گھر والوں کو کون بتائے گا کہ میں کیا کام کرتا ہوں وہ ایک شریف اور سیدھے سادے بزنس مین کو اپنی بیٹی دے دیں گے۔۔

ہا ہا۔ہا ہا بہت بڑا کمینہ ہے تو۔

اور بعد میں اگر بھابھی کو پتہ چل گیا وہ تم سے دور ہو گئی تو۔۔۔

زین تم مجھے جانتے ہو جو میرا ہے صرف میرا ہے اگر اس نے دور ہونے کی کوشش کی تو اپنے ہاتھوں سے مار کر لان میں دفنا دوں گا۔۔

ایک پل کو تو زین بھی گھبرا گیا تھا اس کی جنونی طبیعت سے اچھے سے واقف تھا۔۔

اچھا کب جانا ہے بتا دینا۔۔

بیسٹ کا چاکو اس کے جسم پر آہستہ آہستہ چل رہا تھا۔یار جلدی کرو اپنا کام تم کر جاتے ہو اور بعد میں ایک پولیس والے کو صفائی پر

لگا دیتے ہو۔۔

اس نے مصنوعی غصے سے کہا۔۔۔

تم کیوں نہیں سمجھتے میں ایک پولیس والا ہوں چاہوں تو تمہیں ابھی اندر کر سکتا ہوں۔۔

اتنی ہمت ہے تم میں کہ تم بیسٹ ہو اندر کر سکو اگر تم اندر کر سکتے ہو تو اس ٹائم میرے پاس کھڑے نہ ہوتے اب چپ کر جاؤ مجھے میرا کام کرنے دو۔۔

اس کی چیخیں سن کر میر کو سکون مل رہا تھا اس نے اس کی ساری رگیں کاٹ دی تھی بس گردن کی رگ نہیں کاٹی تھی کیونکہ اس کے چیخیں سن کر وہ سکون حاصل کرنا چاہتا تھا

یہ وہی آدمی تھا جس کے خلاف پولیس میں کمپلین آئی تھے کہ اس نے چھ سالہ لڑکی کے ساتھ زیادتی کر کے اسے مار دیا۔۔۔

اور اب بیسٹ اسے اپنے مطابق سزا دے دیا تھا۔۔

آخر میں جب وہ تنگ آ گیا تو ایک ہی جھٹکے میں اس کی گردن الگ کر دی۔۔

۔چلو شاباش زین اب یہ تمہارا کام ہے وہ اپنے گھر کی بیسمنٹ سے اپنے کمرے میں چلا گیافریش ہونے اور نہا کر باہر آیا تو ایک دفعہ
پھر سے پرنسس کی یاد آگئ کتنی معصوم ہو

میری پرنسس۔۔۔

لیکن برا ہوا تم ایک بیسٹ کی نظر میں آگئی۔

۔اب تمہیں مجھ سے کوئی دور نہیں کر سکتا۔۔

بہت جلد میں تم کو اپنی زندگی میں لے آؤں گا۔۔

صبح اٹھتے ہی اس نے ناشتہ وغیرہ کیا اور تیار ہو کر باہر جانے لگا۔۔

اہم اہم۔۔۔

کہاں جانے کی تیاری ہے کہیں ہماری بھابی کے پاس جانے کا ارادہ تو نہیں

میر یہ سن کر ہلکا سا مسکرایا جس سے اس کے ایک گال پر ڈمپل ظاہر ہوا زین نے بے ساختہ ماشاءاللہ کہا وہ لگ ہی اتنا پیارا رہا تھا۔۔۔

نہیں میں کسی کام سے جا رہا ہو آج سے پہلے میں نے تمھیں کبھی اتنے کھلے دل سے مسکراتے ہوئے نہیں دیکھا۔

جس پر میر ایک ادا سے ہنس دیا۔۔

محبت عشق۔۔ جنون۔۔ چلو اب میں جا رہا ہو۔

اوکے تم جاؤ میں بھی ڈیوٹی پر جا رہا ہو۔۔

اس نے ایک بوکے لیا اور اپنی پرنسس کے گھر چلا گیا۔۔

میر نے دروازے کی گھنٹی بجائی تو

زرمین بیگم نے دروازہ کھولا۔۔

السلام علیکم آنٹی۔۔

وعلیکم السلام بیٹا۔۔

آنٹی میں نے سوچا آپ کی بیٹی کی خیریت معلوم کر جاؤں یہاں سے گزر رہا تھا کوئی بات نہیں بیٹا آؤ اندر آؤ اسے ڈرائنگ روم میں بٹھا کر زرمین بیگم چائے بنانے چلی گئی ہوں۔۔

زرمین بیگم چائے بنا کر انمول کے کمرے میں چلی گئی بیٹا۔۔

انمول بیٹا!!

وہ لڑکا آیا ہے جو کل رات آپ کو لے کر آیا تھا آپ کی خیریت معلوم کرنے آیا ہے چینج کر کے آ جاؤ ایسے اچھا نہیں لگتا اس لڑکے

کے ذکر سے اس کا ایک دل دھڑکا اور اس کی وحشت سے بھری آنکھیں یاد آئی انمول کا دل ایک بار پھر سے زور سے ڈھرکا

اوکے ماما میں آتی ہوں۔

وہ تیار ہو کر نیچے آئی تو وہ سادگی میں بھی میر کے دل کو ڈھرکانے کا ہنر رکھتی تھی وہ بہت خوبصورت لگ رہی تھی اتنے میں

سکندر خان بھی آگئے تھے وہ میر کے ساتھ بیٹھ کر کاروباری حالات پر باتیں کر رہے تھے۔۔

انمول جب نیچے آئی تو نیچے آ کے اپنے ماما بابا کے ساتھ بیٹھ گئی تو میر تو اسے ہی دیکھی جا رہا تھا وہ لگ ہی اتنی پیاری رہی تھی۔۔

انمول نے جب نظریں اٹھا کر میر کی طرف دیکھا تو وہ اسی کی طرف دیکھ رہا تھا میر تو ایک دم سے اس کی نیلی آنکھوں میں ڈوب

ہی گیا تھا لیکن انکل اور آنٹی کا خیال کر کے نظریں پھیر دی اور انمول تو اس کی سبز آنکھوں کو دیکھ رہی تھی۔۔میر سے اور ضبط نہیں ہوا تو اس جانا ہی بہتر سمجھا۔۔

اوکے انکل میں چلتا ہوں اب آفس بھی جانا ہے میٹنگ کا ٹائم ہو رہا ہے۔۔

اوکے بیٹا بہت اچھا لگا آتے جاتے رہنا اوکے انکل اب تو آنا جانا لگا رہے گا اس نے انمول کو نظروں کے حصار میں لے کر کہا انمول اپنے اوپر اس کی نظریں برداشت کر رہی تھی۔

اوکے بیٹا

اس کے بعد کئی دفعہ وہ سکندر صاحب

سے ملنے کے بہانے آنے لگا سکندر صاحب کو

بھی میر بہت اچھا لگا۔۔

تیز گاڑی چلا کر وہ جا رہی تھی جیسے اسے کسی کی پرواہ نہیں تھی کہ اچانک کوئی اس کی گاڑی کے آگے ایا۔۔

وہاں پولیس بھی ناکا ڈالے بیٹھی تھی۔۔

بی بی جی آپ پھر سے آگئ۔۔

اب تو تم چلان نہیں کاٹو گے نا۔۔بی بی جی آپ نے ایکسیڈنٹ کیا ہے اب آپ کو پولیس تھانے جانا ہو گا۔۔

کیا کہا تم نے میں اور پولیس تھانے جاؤں میں نہیں جا رہی اور وہ جو میری گاڑی کا نقصان ہوا ہے اس کا کیا آپ کو نہیں پتہ میں اپنی
چیزوں کو لے کر بہت شدت پسند ہوں۔۔

آپ مجھے ابھی جانتے نہیں ہو یہ میری فیورٹ گاڑی تھی جس کا نقصان ہوا ہے اس کی بھرپائی کون کرے گا۔۔

میڈم ہمیں کچھ نہیں پتہ آپ کو ہمارے ساتھ پولیس اسٹیشن جانا ہوگا ورنہ آپ یہاں سے نہیں جا سکتی۔۔

اوکے چلو وہاں جا کر میں آپ کو بتاتی ہوں میں کون ہوں

ماہ کو وہ تھانے لے گئے تو وہاں جا کر ماہ نے پورے تھانے کو سر پر اٹھا لیا تھا وہ ان کو مزہ چکھانا چاہتی تھی کہ انہیں احساس
ہو کے وہ غلط بندے کو اٹھا کر لے آئے ہیں۔۔۔

جب زین تھانے میں داخل ہوا تو تھانے کا حال دیکھ کر ایک دفعہ تو چکرا گیا۔۔

اکبر یہ کیا حال کیا ہوا ہے تھانے کا.

صاحب جی ایک میڈم نے رول توڑا ہے اسے لے کر آئے ہیں..

لیکن وہ کسی کے قابو میں نہیں آرہی کون ہے یہ بدتمیز اسے میرے روم میں لے کر آؤ

اوکے سر---

وہ اپنے روم میں گیا تو اپنے کرسی پر ایک لڑکی کو بیٹھے دیکھا جو اپنا منہ دوسری طرف کیے بیٹھی تھی--

اے کون ہو تم اور یہ کیا حال کیا ہے میرے تھانے کا--

سر سر یہی وہ لڑکی ہے اتنا منع کیا تھا لیکن اب آپ کے کمرے میں آگئی ہے--

اتنا کہنا تھا کہ اس نے اپنا منہ زین کی طرف کیا اور وہ ماہا کی طرف دیکھ کر حیران رہ گیا وہ کیسے بھول گیا تھا کہ ایک افلا تون لڑکی اسکے گھر میں بھی موجود ہے۔۔۔

یہ تم ہو بھیا دیکھے نہ انہوں نے مجھے اتنا تنگ کیا ہے آپ کی بہن کو اٹھا لائے پولیس اسٹیشن آپ الٹا مجھے ڈانٹ رہے ہیں جائے میں نہیں بول رہی آپ سے میں میر بھیا سے بولونگی۔۔

میں جا رہی ہوں

زین نے غصے سے کانسٹیبل کو دیکھا وہ گھبرا گیا۔۔۔

سر مجھے نہیں پتہ تھا یہ آپ کی بہن ہے

دفع ہو جاؤ یہاں سے تمہیں تو میں بعد میں پوچھتا ہوں ماہ چلو بیٹھو یار ناراض نہیں ہو تمہیں پتہ ہے نا تم ناراض ہو جاتی ہو تو ہمیں سکون

نہیں آتا۔۔۔

یہ سچ تھا کہ میر اور زین نے کبھی ماہ کو دوست بھائی اور باپ کی کمی میں محسوس نہیں ہونے دی تھی اسی وجہ سے وہ خود سر
ضدی ' جنونی اور مافیا کوین ہو گئی تھی۔۔

لیکن بڑوں کا احترام کرنا بھی جانتی تھی اور شرارتی بھی بلا کی تھی میر کو جو چیز پسند نہیں تھی یہ اس کی چیزوں میں شراکت وہی ماہ کرتی تھی جس کی وجہ سے میر کو غصہ آتا تھا۔۔

اور وہ ڈانٹ بھی دیتا تھا لیکن جو اس کے علاوہ ماہ کو ڈانٹے یا بری نظر سے دیکھے اس کی آنکھیں نکال لیتا تھا ماہ خود بھی یہ
آنکھیں نوچنے والا کام اچھے سے کرتی تھی مگر وہ صرف اپنے دشمنوں کے لیے مافیا کوین تھی
اچھا بھائی میں ناراض نہیں ہوں چلیں آئیں

آئس کریم کھلا کر لائیں ورنہ میں ناراض ہو جاؤں گی اوکے میری ماں چلو آؤ

اہ میرا پیارا بھیا

پیچھے سے سب نے شکر ادا کیا ہے کہ یہ افلاطون لڑکی چلی گئی۔۔۔۔۔۔

میر بھی سارا دن اپنی پرنسز کے خیالوں میں رہا کام میں اس کا دل ہی نہیں لگ رہا تھا ویسے بھی کون سا وہ یہ کام کرتا تھا وہ تو
لوگوں کو دکھانے کے لیے آفس میں آجاتا تھا۔۔۔

وہ تو بے حد بے رحم سفاک انسان تھا اسے گینگ بنانے کی ضرورت نہیں تھی وہ اپنے دشمنوں کے لیے اکیلا ہی کافی تھا اس کے گینگ میں دو لوگ ہی شامل تھے ایک وہ اور ایک زین لیکن اس نے اپنی گھر کی سکیورٹی کے لیے گاڈ ضرور رکھے تھے کہ ضرورت آنے پر وہ کام آ سکیں۔۔۔

جب تک سلطان اپنے ہاتھوں سے دشمنوں کو دردناک موت نہیں دے جاتا تھا اس سے چین نہیں آتا تھا اسے خون دیکھ کر ایک عجیب سی خوشی محسوس ہوتی تھی دشمنوں کے سامنے آنے سے اس کی آنکھیں بالکل حساس سے آری اور بلینک ہو جاتی تھی۔۔

اس کی دنیا جو بچپن سے ہی ختم ہو گئی تھی لیکن وہ زندہ تھا اپنے بھائی اور ماہا کیوجہ سے اور اپنے سب سے بڑے دشمن کو اپنے
انجام تک پہنچانے کی وجہ سے زندہ تھا اور اب تو اس کے جینے کی ایک اور وجہ بن گئی تھی
اس کی پرنسز اس کا جنون بن گئی تھی
بیسٹ کا جنون۔۔۔۔

اس کا دل کیا وہ اڑ کر ایک دفعہ اپنی پرنسس کو دیکھ اے لیکن وہ بار بار جا کر اپنا ضبط نہیں آزمانا چاہتا تھا۔۔

وہ زبردستی بھی اسے حاصل کر لیتا ہے لیکن وہ اپنی پرنسز کو اپنے سے خوفزدہ ہوتا ہوا نہیں دیکھ سکتا تھا اس لیے وہ گھر جانے کے

لیے اٹھ گیا

وہ گھر پہنچا تو باہر ہی لاونج میں ماہ اور زین کسی بات پر بحث کر رہے تھے۔۔

کیا ہوا ہے تم دونوں کو جانوروں کی طرح لڑ رہے ہو

بھیا دیکھیں نا زین بھائی نے مجھے ڈانٹا

کیوں زین کیوں ڈانٹا تم نے

زین تو اپنی چالاک بہن کو دیکھ رہا تھا جو الٹا الزام اسی پر لگا رہی تھی۔۔۔

میر آج اس نے گاڑی ٹھوک دی ہے الٹا پولیس اسٹیشن آ کر سارا کباڑا کر ڈالا۔۔۔

الٹا الزام مجھ پر لگا رہی ہے۔۔۔

ماہ تم ٹھیک ہو نا۔۔۔

ہاں بھیا میں ٹھیک ہو لیکن میری گاڑی خراب ہو گئی ہے اور وہ رونے لگ گئی ماہا میں نی گاڑی لے دوں گا تم رو نہیں۔۔۔

بھیا آپ کو پتہ ہے نا میں اپنی چیزوں کے لیے کتنی شدت پسند ہوں جو میرا ہے میں اس پر کسی کی نظر بھی برداشت نہیں کر سکتی اور اس آدمی نے میری گاڑی خراب کر دی الٹا مجھے پولیس اسٹیشن پکڑ کر لے گے۔۔۔

اف میر دیکھ رہے ہو کتنی ضدی ہو گی ہے پتہ نہیں اسے کون لڑکا برداشت کرے گا کون شادی کرے گا اس سے۔۔

زین بھیا آپ کو اتنا پریشان ہونے کی ضرورت نہیں جس سے بھی مجھے شادی کرنی ہو گی میں خود پسند کروں گی اور وہ مجھے برداشت بھی کر لے گا۔۔

دیکھو دیکھو شرم نہیں آتی اپنے بھائیوں کے سامنے ایسے بات کرتے ہوئے

شرم کیسی آپ لوگوں نے ہی کہا تھا کہ آپ لوگ بھائی ہونے سے پہلے میرے دوست ہو اس لیے ہر بات شیئر کر لیتی ہوں۔۔۔

افف غلطی کر دین ماہا تمھیں یہ کہہ کر بہت بے شرم ہوتی ہو جا رہی ہو زین ماہا کو ڈانٹنے لگا

ہاہاہا میری بہن ہے زین یہ اچھی بات ہے جو دل میں ہوتا ہے وہ ہی زبان پھر

ہاں میری بہن ٹھیک کہہ رہی ہے اچھا میر بھائی ہماری بھابی کب آ رہی ہیں گھر بہت جلد انشاءاللہ یہ کہہ کر وہ کمرے میں چلا گیا۔۔۔۔۔

پیچھے وہ دونوں پھر سے لڑائی جھگڑا شروع کر چکے تھے....

ماما ماما کہاں ہیں آپ بیٹا میں یہاں ہوں کچن میں کیا ہوا امی پہلے آپ منہ میٹھا کریں مجھے نوکری مل گئی ہے ارے ماشاءاللہ میرا بیٹا مبارک ہو اللہ تم کو کامیاب کرے...

آمین امی...

امی آپ یہ کپڑے سلائی کرنا چھوڑ دیں آپ کا بیٹا اس قابل ہو چکا ہے کہ آپ کو دو وقت کی روٹی کھلا سکوں

بیٹا میں نے بہت مشکل سے ہانیہ اور تم کو پالا ہے اب میں چاہتی ہوں تمہاری جاب بھی لگ گئی ہے اب تمہاری اور ہانیہ کی شادی کر دوں تاکہ میں سکون سے مر سکوں

امی آپ ایسی باتیں کیوں کر رہی ہیں آپ کو کچھ نہیں ہو گا..

ہانیہ جو یہاں آرہی تھی شادی کی بات سن کر پریشان ہو گئی جب ساحل نے ہانیہ کو دیکھا تو بلایا اور اس کا منہ میٹھا کروایا

ہانیہ مجھے نوکری مل گئی ہے اب تم جو جو بولو گی جو فرمائش کرو گی میں تم کو لا دیا کروں گا۔۔

تم صدا کے کنگلے کیا لا کے دے سکتے ہو ہانیہ نے دل میں بولا لیکن اوپر سے جھوٹی مسکراہٹ سے اس نے اسے مبارکباد دی۔۔

اچھا بیٹا تم فریش ہو جاؤ اور آ کر کھانا کھا لو اوکے امی

جاؤ ہانیہ کھانا لگاؤ ٹیبل پر اوکے خالہ ایک دفعہ علی رشتہ لے کر آئے چھوٹا سا ڈبہ چھوڑ ہی جاؤں گی اس نے حقارت سے سوچا۔۔۔

انمول بور ہو رہی تھی سردی کا موسم تھاتو اس نے سوچا کیوں نہ زویا سے ملاقاتکی جائے اس نے زویا کو کال کی

ہیلو زویا کیسی ہو

میں ٹھیک ہوں انو تو کیسی ہے

یار میں بور ہو رہی ہوں چل نہ کہیں باہر چلتے ہیں

اف انو ایک تو ہر ٹائم کھاتی رہتی ہے چل آجا تجھ آسکریم کھلاؤں چل

میں تجھے پک کرنے آتی ہوں تو تیار ہو جا۔۔

تھوڑی دیر بعد وہ ایک ہوٹل میں بیٹھی ہوئی تھی زویا یار کل ہمارا رزلٹ ہے پتہ نہیں کیا ہوگا او ہو انو میری جان سب ٹھیک ہوگا اور پیپر اچھے ہوئے ہیں تو اچھے نمبروں سے پاس ہو جائیں گی ہم دونوں۔۔۔

تو بتا رزلٹ کے بعد کیا کرے گی

زویا یار میرا دل کرتا ہے کوئی اچھی سی نوکری کرنے میں کچھ بن کر دکھانا چاہتی ہوں اپنے ماما پاپا کو۔۔

او زویا یاد آیا تو بتا تیرا بوائے فرینڈ کا کیا ہوا۔۔

ہم کیا نام بتایا اس کا تو نے۔۔احمد نام ہے اس کا اس کا اور زویا شرمانے لگ گئی تو یار پھر کب بلا رہی ہے شادی پر۔۔۔

بہت جلد میری جان۔۔

زویا یار وہ تجھے دھوکہ تو نہیں دے رہا

نہیں نہیں وہ مجھ سے بہت پیار کرتا ہے اور جلد ہی پاکستان آ رہا ہے مجھ سے شادی کرنے کے لیے پاپا نے بھی ہاں کر دی ہے۔۔۔

زویا یار تیرے پاپا کیا کام کرتے ہیں تو نے کبھی ان کے بارے میں بتایا ہی نہیں۔۔۔

میرے پاپا کا لندن میں بزنس تھا پاکستان سیٹل ہو گئے ہیں۔۔

او اچھا چل یار اتنی دیر ہو گئی گھر چلتے ہیں اور زویا نے انمول کو گلے لگا کر ایک

کس بھی کر دی زویا کچھ شرم کر جایا کرو۔۔۔

تم لگ ہی اتنی کیوٹ رہی ہو دل کر رہا ہے کھا جاؤ۔۔

بے شرم چلو چلتے ہیں۔۔۔

تم لوگوں کی ہمت کیسے ہوئی کنگ کے سامنے زبان چلانے کی اور وہاں ان کی بات سنے بغیر ان پر گولیاں چلا دی گئی جو کنگ کے ساتھ غداری کرتا ہے اسے صرف سزائے موت دی جاتی ہے کنگ کا موڈ بری طرح خراب ہوا تھا ایک لڑکی کا انتظام کرو میرے کمرے میں بھیجو۔۔۔

اوکے باس۔۔

یہ کہہ کر وہ کمرے میں چلا گیا اور کم سن لڑکی کو گھسیٹتے ہوئے کنگ کی طرف لے کر گیا۔۔

پلیز پلیز مجھے جانے دو میرے گھر والے میراانتظار کر رہے ہوں گے

اے بکواس بند کر میرا موڈ پہلے ہی خراب ہے اور تو مزید خراب کر رہی ہے اس نے بہت کوشش کی اپنے آپ کو شیطان سے چھروانے کی لیکن وہاں شیطانوں کا راج تھا اس لیے اس کے چیخیں اس کی حویلی میں دب کر رہ گئی۔۔

میر ایک کمرے میں داخل ہوا تو وہاں انمول کی ہر ایک موومنٹ کی تصویریں لگی تھی کہیں وہ ہنس رہی تھی کہیں وہ کھانا کھا رہے تھے ابھی وہ تصویریں دیکھ کر خوش ہو رہا تھا کہ اس کے موبائل کی بیل بجی اس نے میسج اوپن کیا تو وہاں انمول کی پکس کسی نے بھیجی تھی

جہاں وہ زویا کے ساتھ بیٹھ کر ہنس کر باتیں کر رہی تھی ایک پک دیکھ کر تو اسے غصہ آگیا
جہاں زویا نے اسے گلے لگایا تھا اور کس
دی تھی اف اف یہ لڑکی میرے ہاتھوں مرے گی۔۔

پرنسس صرف میری ہے اسے چھونے کا حقصرف مجھے ہے پرنسز تمہیں اس کی سزا ملے گی
بہت جلد جب تم میری قید میں آؤ گے تو کسی سے ملنے نہیں دوں گا تم صرف میری ہو
میری پرنسز اب جلد سے تم سے ملنا ہو گا۔۔۔

مجھے یہ لڑکی کسی بھی حال میں چاہیے وہ ایک لڑکی کی تصویر تھامے اپنے بندوں کو کہہ رہا
تھا جب سے اس بیوٹی کو دیکھا
ہے باقی سب پھیکا لگتا ہے۔۔۔

تم اس کنگ کی بیوٹی ہو مائی بیوٹی بہت جلد تم اپنی اصلی جگہ پر آؤ گی میرے پاس پھر بس میں اور تم بیوٹی۔۔

اس لڑکی کی ایک ایک خبر مجھے چاہیے اس کے گھر کا ایڈریس چاہیے مجھے کل تک۔۔

اوکے باس!!..

بہت جلد ملاقات ہوگی مائی بیوٹی

✿✿✿✿✿

دسمبر کی سرد رات میں وہ معصوم سی شہزادی اپنے خوابوں میں مدہوش سارا جہاں بلائے ہوئے تھی جب کوئی کھڑکی سے کود کر

آہستہ آہستہ اس کے پاس آیا اس کے بائیں ہاتھ پر ایک بچھو کا ٹیٹو تھا جس سے اسے پہچانا جا سکتا تھا

"بیسٹ "

پرنسس"

ساری دنیا سے بے خبر کینڈل کی روشنی میں دھمکتے چہرے کے ساتھ پرسکون نیند لے رہی تھی محبت پاش نظروں سے اس کی

طرف دیکھتا اس کے بال آہستہ آہستہ سہلانے لگا اس کا انداز اتنا نرم تھا کہ اسے محسوس بھی نہیں ہو رہا تھا۔۔۔

میری پرنسس آئی لو یو میری جان۔۔

میری پرنسز میں بہت جلد تمہیں لے جاؤں گا ان سب سے دور ہماری دنیا میں میری دنیا میں چلو بھی نا شہزادی۔۔۔

تمہارا بیسٹ تمہیں لینے آئے گا تمہیں اس دنیا سے چھپا لے گا ان کو پتہ بھی نہیں چلنے دوں گا۔۔

تمہارے لیے میں کچھ بھی کر سکتا ہوں۔۔

جبکہ روز کی طرح انمول اپنا خیالوں میں کسی اور ہی شہزادے کا انتظار کر رہی تھیکہاں جانتی تھی کہ اس شہزادے کے انتظار
میں ایک بیسٹ بھی ہے...

اب تو میر کے چکر بھی سکندر خان کے گھر لگنے لگے تھے آج کل میر کو سکندر خان کچھ پریشان سے نظر آرہے تھے تو اس نے وجہ پوچھی

انکل خیریت تو ہیں نا اگر اپ چاہتے ہیں تو مجھ سے اپنی پرابلم شیئر کر سکتے ہیں..

نہیں نہیں بیٹا بس...

انکل آپ ابھی تک مجھے انجان سمجھتے ہیں میں تو اپ کو انجان نہیں سمجھتا نہیں

نہیں بیٹا ایسی بات نہیں ہے بس کچھ دن پہلے کچھ لوگ ہمارے گھر آئے تھے پتہ نہیں یہ کنگ کون ہے اس کے لوگ آئے تھے کہہ رہے
تھے کہ اپنی بیٹی انمول انہیں چاہیے ورنہ اسے اٹھا کر لے جائیں گے میں کیسے اپنی بیٹی دے دوں....

اور میر کا تو کنگ کا سن کر غصے کے مارے برا حال تھا لیکن وہ ان کے سامنے ضبط کیے بیٹھا تھا میر کا سب سے بڑا دشمن ہی کنگ
تھا لیکن کنگ کی شکل ابھی تک کسی نے نہیں دیکھی تھی نہ ہی بیسٹ کی شکل کسی نے دیکھی تھی

کنگ نے کافی دفعہ بیسٹ پر حملہ کروایا تھا کیونکہ بیسٹ نے کنگ کے بہت سارے اڈے ختم کر دیے تھے اور کافی اس کا نقصان کروایا
تھا لیکن ابھی تک وہ ایک دوسرے کے آمنے سامنے نہیں آئے تھے۔۔

انکل میں آپ سے ایک بات کہنا چاہتا ہوں اگر آپ برا نہیں منائیں۔۔۔

کیا ہوا بیٹا

انکل میں آپ کی بیٹی انمول سے شادی کرنا چاہتا ہوں آپ میرا کسی سے بھی پتہ کروا سکتے ہیں اچھا کماتا ہوں آپ کی بیٹی کو خوش رکھوں گا۔۔

لیکن بیٹا ایسے کیسے۔۔۔

کیوں انکل آپ کو مجھ پر یقین نہیں بیٹا ایسی بات نہیں لیکن آپ کے گھر والے سے کوئی بڑا تو آئے گا۔۔۔

انمول کی ماں کی بھی فکر ختم ہو جاتی۔۔

جی جی انکل کیوں نہیں میری ایک بی جان ہے ایک بھائی اور ایک بہن ہم کل ہی آپ کے گھر انہیں لے آؤں گا اس سے کنگ سے بھی

جان چھوٹ جائے گی ٹھیک ہے بیٹا جیسے تمہیں بہتر لگے اوکے انکل تھینکس میں چلتا ہوں انکل اب کل آؤں گا۔۔

گاڑی میں آ کر اس کے غصے سے چہرہ لال ہوا تھا یہ تو نے اچھا نہیں کیا کنگ میری پرنسز پر نظر رکھ کر۔بہت جلد تم سے ملاقات ہو گی

اور وہ ملاقات ہماری آخری ملاقات ہو گی

گھر آ کر میر نے بھی جان زین اور ماہا کو بتایا کہ کل انہیں جانا ہے تو وہ بہت خوشہوئے ٹھیک ہے بیٹا ہم کل چلے جائیں گے

چلو اب جاؤ سب سو جاؤ کافی ٹائم ہو گیا ہے۔۔۔

وہ گھر میں داخل ہوا تو پہلے سب دروازے لاک کیے اور بیڈ کی جانب آتے ہوئے اس کے سامنے بیٹھ گیا یار اسد حد ہوتی ہے گھر میں
مہمان آیا اور تم گہری نیند سو رہے ہو یہ اچھی بات تو نہیں ہے نا۔۔

جب کہ اسد اس کی بات سن کر اٹھ بیٹھا لیکن وہ پریشان ہو گیا تھا اس کی سبز سے وحشت بھری آنکھیں دیکھ۔۔۔

کون ہو تم۔۔۔

بی بی۔۔۔بیسٹ۔۔۔۔

بہت ہی برے مہمان نواز ہو میں گھر آیا ہوں تم نے کوئی پانی وغیرہ نہیں پوچھا چلو چھوڑو مجھے بھی گھر جا کر آرام کرنا ہے اپنا کام ختم کر کے۔۔۔

اسد نے دروازے کی طرف دیکھ کر دوڑ لگائی تو دروازہ لاک تھا اف ایک تو تم بھاگنے کی کوشش کر رہے ہو یہ اچھی بات نہیں ہے۔۔۔

پلیز چھوڑ دو بیسٹ میں بے گناہ ہوں میں نے کچھ نہیں کیا ہاں تم نے کچھ نہیں کیا تم نے ایک شہر سے لڑکیاں اٹھا کر دوسرے شہر بیچی ہیں اور ان ہوس بڑے درندوں کے آگے پھینک دی جو خود پر ظلم برداشت نہیں کر پائی اور دم توڑ گئیں۔۔

اور تم کہتے ہو تم نے کچھ نہیں کیا جس کا ثبوت بھی کسی کو نہیں ملتا وہ بیسٹ کے ہاتھ لگ جاتا ہے ایسے لوگوں کو بیسٹ جڑ سے اکھاڑ کر انجام تک پہنچاتا ہے۔

وہ اب کھڑکی سے باہر کودنے لگا تو بیسٹنے اسے پکڑ لیا اب تم میرا ٹائم ضائع کر رہے ہو جتنا تم تڑپاؤ گے اتنے دردناک موت دوں

گا پھر وہ کچن میں آیا اپنا چاقو گرم کرنے کے لیے رکھا تھا اور اٹھایا اور واپس کمرے میں آیا نہیں نہیں بیسٹ مجھے بخش تو
میں وعدہ کرتا ہوں خود پولیس میں جا کر بیان دوں گا نہیں تم جیسے لوگوں کا مرنا میرے ہاتھوں لکھا ہے۔۔

اور پہلے وہ چاکو سے اس کے ہاتھ کاٹ چکا تھا اور اسد کی چیھیں پورے گھر میں گونج رہی تھی۔۔

اور آہستہ آہستہ اس نے اس کے جسم کے سارے ٹکڑے کر دیا ایسے جیسے وہاں کسی جانور کو ذبح کیا تھا۔۔۔

اف میری پرنسز تمہارا میر بیسٹ ہے اگر میں نے تمہیں بتا دیاتو تم مجھ سے خوفزدہ ہو جاؤ گی اور دور ہو جاؤ گی یہمیں کبھی بھی ہونے نہیں دوں گا وہ سوچ چکا تھا۔۔

اپنا کام ختم کر کے وہ چلا گیا۔۔۔

وہاں تھوڑی دیر بعد پولیس آ گی تھی لاش دیکھ کر تو ایک پولیس والا تو بے ہوش ہو گیا
لاش کے پاس ہی اس کے گناہوں کے ثبوت
اور بیسٹ کا کارڈ پڑا تھا ابھی۔۔

ابھی وہ ٹی وی پر دکھا رہے تھے کہ ایک انسان کو اتنے دردناک موت دی گئی ہے ہم کیونکہ وہ مشہور شخصیت کا بیٹا تھا انمول تو اس کی لاش کو دیکھ کر ڈر گئی تھی۔۔

پاپا یہ بیسٹ کون ہے۔۔

یہ اتنی دردناک موت کیوں دیتا ہے اگر کبھی میرے سامنے آئے نا میں اسے جان سے مار دوں...

ہاہا میرا پیارا بہادر بیٹا۔۔بیٹا یہ بیسٹ برے لوگوں کو ہی مارتا ہے

لیکن پاپا دیکھے نا مجھے تو خوف آ رہاہے بیسٹ سے۔۔۔

میر جو کہ اپنی فیملی کے ساتھ آیا تھا دروازے پر رک کر سکندر اور انمول کی باتیں سن رہا تھا اور زین اور ماہا نے بھی میر کی طرف دیکھا اور شرارت سے مسکرا دیے۔۔۔

کہ ہماری بھابی معصوم سی بیسٹ کو مار دے گی میر نے انہیں گھوریوں سے نوازا۔۔

چلو اندر۔۔۔

السلام علیکم انکل۔

وعلیکم السلام بیٹا۔۔

آپ لوگ اندر آئیں جاؤ بیٹا اندر جا کے مما کو بھیجو وہ اندر چلے گئی ماہ اور بی جاننے میر کو دیکھا اور مسکرا دی۔۔۔

انہیں یہ معصوم سی انمول بہت پسند آئی تھی۔۔بیٹھے ہیں آپ لوگ ایسے ہی بھی جان سکندر اور رزر مین خان کو دیکھا تو بیٹھ گئی جاؤ بیگم مہمان آئے ہیں کچھ کھانے پینے کا انتظام کرو ۔۔۔

جی جی میں کرتی ہوں نہیں بھائی صاحب اتنے خان ص انتظام کی ضرورت نہیں ہے بس ہم یہاں کسی خاص مقصد سے آئے ہیں۔۔

جی بی جان آپ بڑی ہیں ہم سے میں جانتا ہوں آپ کس لیے ائی ہیں ہمیں تو اس رشتے سے کوئی اعتراض نہیں۔۔

جاؤ بیگم انمول کو بلا لیں۔۔

جی میں جاتی ہوں زمین بیگم اٹھ کر انمول کے کمرے میں چلی گئی بیٹا آپ کو پاپا باہر بلا رہے ہیں۔۔

ماما یہ کیوں آئے ہیں بیٹا نیچے چلیں آپ کو پتہ چل جائے گا تو انمول ماما کے ساتھ نیچے چلی گئی۔۔۔

آؤ بیٹا یہاں بیٹھو بیٹا یہ لوگ آپ کا رشتہ لے کر آئے ہیں میر بیٹے کے لیے۔۔۔

آپ کو کوئی اعتراض تو نہیں انمول نے جھکا ہوا سر اٹھا کر دیکھا تو میر کو اپنی طرف ہی دیکھتے ہوئے پایا اور شرم سے سر جھکا
لیا پاپا جو آپ لوگوں کو بہتر لگے۔۔۔۔

شاباش بیٹا آپ سے ہمیں یہیں امید تھی آنٹی کیا میں بھابھی کو باہر لے کر جا سکتی ہوں ہم بھی باتیں کریں گے۔۔۔

ہاں ہاں جاؤ بیٹا لے جاؤ آ جائیں بھابی تو وہ اس کے ساتھ چلی جاتی ہے...

بھابھی آپ تو بہت پیاری ہیں آپ اور میر بھائی کی جوڑی بہت اچھی لگے گی..

اچھا بتائیں آپ کیا کرتی ہیں...

کچھ نہیں اب اسٹڈی کمپلیٹ کی ہے...

اوکے بھابی ایسے ہی وہ کچھ دیر باتیں کرتے ہیں تو رشتہ پکا ہو گیا تو وہ بھی چلے گئے

اور شادی اگلے جمعہ کو ڈن ہو گئی۔

۔لیکن بابا اتنی بھی کیا جلدی تھی کیا میں بوجھ بن گئی ہوں آپ لوگوں کے لیے

نہیں بیٹا ایسی بات نہیں ہے

تو پھر کیسی بات ہے پاپا

بیٹا کچھ دن پہلے کنگ کے لوگ آئے تھے آپ کو مانگا تھا انہوں نے وہ ایک بہت بڑا گنڈا ہے میں اسے نہیں جانتا اس نے دھمکی دی تھی

تو میں نے میر سے اس کا ذکر کیا تو اس نے اپنا پروپوزل بتایا بیٹا میں سمجھتا ہوں کہ میر آپ کی اچھے سے حفاظت کرے گا۔۔۔

آپ کو کچھ ہو گیا تو ہم کیا کریں گے۔۔۔

نہیں نہیں پاپا ایسے مت کہیں آپ کو جو ٹھیک لگے وہیں کریں میں جانتی ہوں آپ لوگ بہت پیار کرتے ہیں مجھ سے جیتی رہو بیٹا۔۔۔

جانتا ہوں میر آپ کو بہت خوش رکھے گا اس کی آنکھوں میں میں نے آپ کے لیے پیار دیکھا ہے۔۔۔۔

کیا خبر ہے اس لڑکی کی اور اس کے گھر والوں کی۔۔۔

کنگ ہم اس کے گھر گئے تھے۔۔

اس کے باپ کو دھمکا کر آیا ہے وہ ڈر بھی گیا ہے مجھے نہیں لگتا وہ انکار کرے گا۔۔

ٹھیک ہے کچھ دنوں کے لیے کام سے باہر جا رہا ہوں جب میں آؤں تو وہ لڑکی مجھے یہاں چاہیے پھر میں اپنی بیوٹی کے ساتھ کھل کے ٹائم گزاروں گا۔۔

خباثت سے ہنسنے لگ گیا۔۔

پتا نہیں اس لڑکی کا کیا بنے گا۔۔۔یہ بڈھا تو اس کے پیچھے پڑھ گیا ہے۔۔

✿✿✿✿✿

زویا کب احمد کو کال ملا رہی تھی وہ تھا کہ کال اٹھا ہی نہیں رہا تھا۔۔۔

آخر کار اس نے کال اٹھا ہی لی۔۔

احمد نے بچے کہاں ہو تم کب سے کالز کر رہی ہو۔۔

او ہو میری چندا میں یہاں ہی ہو۔۔

اور ابھی تو شادی بھی نہیں ہوئی یہ بچے کہاں سے آ گئے۔۔۔
شرارت سے ہنسے لگ گیا۔۔

تم بات کو مت پلٹو۔۔۔

تم یہ بتاؤ کب آ رہے ہو۔آ کر پاپا سے بات کروں نہ۔۔۔۔

میں بس کچھ دن تک آ رہا ہوں آتے ہی انکل سے بات کروں گا منگنی کی۔۔

پھر تو تم میری ہو جاؤ گی نا۔۔

احمد آئی لو یو میں تم سے بہت پیار کرتی ہوں کبھی مجھے چھوڑنا مت۔۔۔

میں کیوں چھوڑوں گا پگلی میں بھی بہت پیار کرتا ہوں اور ان کی باتیں تو اب ساری رات چلنی تھی۔۔

زویا اور احمد بچپن سے ایک ساتھ تھے احمد دلاور بیگ کے دوست کا بیٹا تھا اور وہ دونوں بزنس پارٹنر بھی تھے۔دونوں گھروں کو اپنے اپنے بچوں کی پسندیدگی کا پتہ تھا اس لیے کسی کو اعتراض نہیں تھا۔۔۔

ہانیہ کیا ہو گیا ہے تم کو کیوں صحیح سے بات نہیں کرتی ہو مجھ سے کیا تم اس شادی سے خوش نہیں ہو...

ایسی بات نہیں ہے ساحل لیکن میں اتنی جلدی شادی نہیں کرنا چاہتی ہوں۔۔

کیوں ہانیہ تم تو رہ یہیں رہی ہو نہ شادی ہو جائے تو اس میں کیا برائی ہے۔۔

برائی ہے میں تم جیسے فقیر کے ساتھ کبھی شادی نہیں کروں گی اس نے حقارت سے دل میں سوچا۔۔

ٹھیک ہے لیکن کچھ دن بعد اس بارے میں بات کریں گے پلیز ساحل کیا تم اتنا نہیں کر سکتے میرے لیے آنکھوں میں نمی لیے بولی۔۔۔

ہانیہ ایسے تو مت رو ٹھیک ہے جب تم بولو گی تب ہی شادی کریں گے اوکے اب خوش۔۔

چلو میرا آج یونیورسٹی کا پہلا دن ہے۔۔

ماما کہاں ہے۔۔۔

آنٹی کچن میں ناشتہ بنا رہی ہیں امی ناشتہ دے دیں مجھے یونیورسٹی سے دیر ہو رہی ہے۔۔

کیسی ہیں آپ امی

میں ٹھیک ہوں بیٹا امی میں نے کہا تھا

میں نے یونیورسٹی نہیں جانا مجھے ڈر لگتا ہے۔۔۔

بیٹا تم جاؤ گے لوگوں میں اٹھو گے بیٹھو گے تو تمہارا ڈر ختم ہو گا نا

امی اگر پھر کسی نے میرے ساتھ۔۔۔

۔بس بیٹا کیا ہو گیا ہے کچھ نہیں ہوتا تم جاؤ چپ کر کے ناشتہ کرو ہانیہ بیٹا تم بھی آ جاؤ۔۔

ہانیہ ساحل کے چچا کی بیٹی تھی ہانیہ کے والد ہارون مرزا اور والدہ سکینہ مرزا ایک ایکسیڈنٹ میں وفات پا گئے تھے ہانیہ تھے

پانچ سال کی تھی اور اپنے بھائی کے ساتھ ساتھ سرمد مرزا صاحب جو کی ساحل کے والد بھی تھے جو کہ وفات پا گئے تھے جب ساحل 10 سال کا تھا۔۔

ساحل کی امی نے کپڑے سلائی کر کے ہانی

اور ساحل کو پڑھایا تھا ہانیہ کو شوق نہیں تھا پڑھنے کا اس لیےاس نے بس انٹر ہی کیا تھا۔۔

لیکن ساحل کو بہت شوق تھا پڑھنے کا اس لیے اس نے اب یونیورسٹی میں ایڈمیشن لیا تھا وہ بھی اپنی امی کے کہنے پر نہیں تو ساحل کو زیادہ لوگوں میں بہت ڈر لگتا تھا ماضی میں ہوتے ہوئے کچھ واقعات کی وجہ سے ساحل کو خون اور لوگوں سے ڈر لگتا تھا

وہ بہت حساس قسم کا معصوم سا لڑکا تھا....

چلو بیٹا جلدی ناشتہ کرو جاؤ یونیورسٹی

اوکے امی جا رہا ہوں...

یہ ماہا کہاں ہے آج اس کا یونیورسٹی کا پہلا دن ہے اور ابھی تک سو رہی ہے میر تمہیں تو پتہ ہے وہ اپنی مرضی کی مالک ہے جب دل کرے گا چلی جائے گی یونیورسٹی۔۔

تم تو ناشتہ کرو دولہے میا یا اب تو کچھ دن ہی رہ گئے ہیں شادی کو سب اچھے سے تیاری

دیکھ لینا تم مجھے ایک ضروری کام ہے رات کو فری ہو کر تم سے بات کرتا ہوں۔۔۔

زویا تمہیں ایک خبر دینی تھی کیا ہوا ہے

انو سب ٹھیک تو ہے نا

ہاں زویا میرا رشتہ پکا ہو گیا ہے اور کچھ دن تک میری شادی ہے--

ہے ہے کیا کہہ رہی ہو کمینی تمہاری شادی اور تم مجھے اب بتا رہی ہو میں تمہیں جان سے مار دوں گی

اب رکو تو یار سن تو لو پہلے سب اتنی جلدی میں کیوں ہوا اچھا بتاؤ پھر اس نے اس پارٹی کی رات والی بات بتائی اور پھر کنگ کی بات بتائی جس کو سن کر زویا بھی پریشان ہو گئی تھی یہ کنگ کون ہے تمہارے پیچھے کیوں پڑ گیا ہے پتہ نہیں زویا مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے---

کچھ نہیں ہوتا تم بتاؤ ہمارا جیجو کیسے ہیں بہت اچھے ہیں ان کی آنکھوں میں اپنے لیے پیار دیکھا ہے--

اوئے ہوئے بھائی ہماری انو تو گئی ہمارے جیجو کے پیار میں پاگل نے تھپڑ رسید کیا انو نے زویا کو۔۔

ابھی وہ دونوں باتیں کر ہی رہی تھی کہ کہ انمول کی ماما آ گئی۔۔

بیٹا وہ میر تم سے ملنا چاہتا ہے تم کو باہر لے کر جانا چاہتا ہے۔۔

پر ماما میں اکیلی کیسے کوئی بات نہیں بیٹا اس نے تمہارے پاپا سے اجازت لے لی ہے

۔۔اوکے ماما چلو انو آؤ میں تم کو تیار کروں

کہ ہمارے بھائی دیکھتے ہیں فلیٹ ہو جائیں بکواس بند کرو زویا کہ بچی میں ایسے ہی ٹھیک ہوں۔۔

ایسے کیسے ٹھیک ہو اس نے انو کی پوری الماری گنگال دی تھی تب جا کر اسے وائٹ کلر کا فل پیروں تک فراک پسند

آیا تھا جاؤ چینج کر کے آؤ

لیکن زویا

کوئی لیکن ویکن نہیں۔۔

وہ چینج کر کے تو زویار نے اسے تیار کیا۔۔

تو وہ تو تھوڑے سے تیار ہوئے بھی بہت پیاری لگ رہی تھی

بیٹا میرا آ گیا ہے چلو۔۔۔

جاؤ میں بھی گھر جاتی ہوں اوکے اپنا خیال رکھنا۔۔

وہ نیچے آئی تو ایک بار تو میر اپنے پرنس نے اسے نظر ہی نہیں ہٹا پا رہا تھا اور انمول اس کی نظروں سے پزل ہو رہی تھی اس کے پاس آئی آہستہ سے کہا چلیں۔۔تو وہ ہوش کی دنیا میں آیا۔۔

ہاں ہاں چلو تو اس نے فرنٹ سیٹ کا دروازہ کھول کر اسے بٹھایا اور ایک ہوٹل لے گیا اس نے سارا ہوٹل بک کروایا ہوا تھا کہ کوئی اس کی پرنسز کو دیکھ نہ سکے۔۔۔

یہ سارا ہوٹل خالی کیوں ہے

کیونکہ یہ سارا میں نے بک کروایا ہے تاکہ صرف ہم دونوں یہاں ہوں اور ہم دونوں بات کر سکیں آپ اتنے امیر ہیں کیا اس نے معصومے سے پوچھا ہاں میں آپ کے لیے امیر ہی ہوں

تو وہ دونوں بیٹھ گئے...

انمول آپ سے ایک بات پوچھوں...
جی پوچھیں...

آپ اس شادی سے خوش تو ہیں نا جی پہلے تو میں آپ کو تھینکس کہنا چاہتی ہوں اس رات آپ نے میری جان اور عزت دونوں بچائی تھی اور اگر پاپا آپ کو پسند کرتے ہیں تو آپ اچھے ہی ہوں گے بس میں خوش ہوں

آپ پاپا کی وجہ سے شادی کر رہی ہیں۔۔خود کی وجہ سے نہیں۔۔

نہیں نہیں ایسی بات نہیں تو میں آپ کو پسند ہوں جی اور کہتی سر جھکا دیا شرم سے۔۔۔

اچھا آپ کیا کام کرتے ہیں شاہ۔۔

اور میر کو اپنا نام پہلے دفعہ اتنا خوبصورت لگا جان شاہ انکل نے نہیں بتایا کہ میرا اپنا بزنس ہے اور اچھا چلیں کھانا آگیا کھاتےہیں یہ سب کھانا میں نے آپ کی پسند سے منگوایا ہے جی

جی چلیں کھانا شروع کریں۔۔

میر نے سپیشل ہوٹل میں گانا لگوایا تھا اپنی پرنسس کے لئے۔۔

ہمیں تم سے پیار کتن۔۔

یہ ہم نہیں جانتے۔۔۔

مگر جی نہیں سکتے۔۔۔

تمہارے بنا۔۔۔

ہمیں تم سے پیار کتنا

یہ ہم نہیں جانتے

یہ ہم نہیں جانتے

میر یہ سونگ کتنا اچھا ہے نہ--

ہاں یہ میرا فیورٹ سونگ ہے آپ کے لئے ہی لگوایا ہے یہ سونگ میرے دل کا حال بیان کرتا ہے

آپ سے کہ میں اپ سے کتنا پیار کرتا ہوں اب تو میں اپ کے بغیر جینے کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔۔

ابھی تو یہ سونگ انمول کو بہت پسند آرہا تھا لیکن جلد ہی اس کو اس سونگ سے ڈر اور خوف محسوس ہونے والا تھا۔۔۔

سوری پرنسز لیکن جو میں کرتا ہوں اگر میں تمہیں بتا دیتا تو تم مجھ سے خوفزدہ ہو جاتی جو کہ میں نہیں چاہتا تم دور ہو جاتی لیکن میں تمہیں اپنے سے دور کہیں بھی نہیں جانے دوں گا کسی بھی حال میں تمہیں دور نہیں ہونے دوں گا۔۔

شاہ چلیں کافی ٹائم ہو گیا ہے

اوکے انمول چلیں تو وہ گھر چھوڑ کر چلا گیا۔۔۔

✿✿✿✿✿

ابھی وہ کچھ کہہ ہی رہی تھی کہ زین نے اپنے لب اس کے لبوں پر رکھ دیے زویا کہ تو جان نکلنے والی ہو گئی تھی وہ پیچھے ہوا تو زویا رو رو کے پاپا اور احمد کو بلا رہی تھی زین کے چہرے کے تاثرات سخت ہوئے تھے۔۔۔

تمہارے معاملے میں میں بہت شدت پسند ہوں اپنے دماغ میں بٹھا لو تم صرف میری ہو صرف میری تم پر صرف میرا حق ہے۔۔

تمہارے قریب آنے کا تمہیں نقصان پہنچانے کا حق صرف میرا ہے اس سے پہلے کہ میرا ارادہ بدل جائے سو جاؤ مجھے کسی کام سے جانا ہے یہ کہہ کر وہ چلا گیا اور وہ بیڈ پر بیٹھ کر رونے لگی اس کے سوا وہ کر بھی کیا سکتی تھی۔۔۔

علی تو کنگ کے کہنے پر کسی اور کام سے دوسرے شہر کیا تھا اسی لیے اسد کے ذریعے یہ کام لگا تھا کہ وہ لڑکیوں کو اڈے تک پہنچائے۔۔

صبح یونیورسٹی میں ماہا نہیں جا سکی کیونکہ انہیں کنگ کے اڈوں پر جانا تھا لیکن وہ یہاں غلطی کر چکی تھی

ساحل بیٹھا ہوا تھا باہر گراؤنڈ میں پڑ رہا تھا کہ اس کے پاس مینال آ کر بیٹھ گئی کیسے ہو ساحل میں ٹھیک ہوں آپ کیسی ہو اس نے معصومیت سے پوچھا منال تو یک تک اس کے چہرے کو دیکھ رہی تھی وہ کتنا معصوم تھا وہ اس کی ضد بنتا جا رہا تھا وہیں ضد اسے اس کی موت کے قریب لے جانے والی تھی۔۔

ساحل وہ ادھر یونیورسٹی کی بیک سائیڈ پہ تمہیں کوئی بلا رہا ہے مجھے بلا رہا ہے اس نے حیرانگی سے پوچھا۔

ہاں کوئی تمہارا پوچھ رہا تھا کون پتا نہیں۔۔

اوکے میں اتا ہوں ساحل پرشان سا ہو کر اٹھ گیا آج میں تمہیں اپنا بنا لوں گی ساحل اور اس ماہا کو بتا دوں گی کہ تم پر صرف میرا حق ہے۔۔

ساحل یونیورسٹی کی پچھلی سائیڈ پر گیا تو وہاں اسد نے اس کے منہ پر رومال رکھ دیا جس کی وجہ سے وہ بے ہوش ہو گیا۔۔

اب وہ اسے لے کر جا رہے تھے دوسری طرف زین میر اور ماہ کی تیاریاں مکمل تھی۔۔

ساحل کو ایک الگ کمرے میں کرسی پر باندھا گیا تھا وہ ابھی بھی بے ہوش تھا اور باقی لڑکیوں کو الگ کمروں میں رکھا گیا تھا تھوڑی دیر بعد زین اور میر ماہا نے وہاں حملہ کیا۔۔۔

ساحل کو ہوش آیا تو اپنے آپ کو کرسی پر بندہ ہوا پایا یہ میں یہ کہاں ہوں کون لایا ہے مجھے یہاں وہ چیخنے لگا۔۔

میں لائی ہوں تمہیں۔۔

منال تم۔۔

ہاں میں ساحل تمہیں میں پسند کرتی ہوں تم میری ضد ہو میں تم سے بہت پیار کرتی ہوں لیکن وہ ماہ تمہاری جان ہی نہیں چھوڑتی ہر ٹائم تم سے چپکی رہتی ہے لیکن اب تم صرف میرے اور اس ماہ کو بتا دوں گی کہ تم پر صرف میرا حق ہے۔۔۔

یہ یہ کیا کہہ رہی ہوں مینال میں نے تمہیں صرف اپنا دوست سمجھا۔۔

چپ ایک دم چپ۔۔۔

ساحل میں کوئی تمہاری دوست نہیں ہوں میں تم سے پیار کرتی ہوں۔۔۔

اڈو پر حملہ کیا تو اسد تو اپنے سامنے تین نقاب پوشوں کو دیکھ کر ڈر گیا۔۔

کون ہو تم لوگ۔۔۔

چھوڑ دو ان لڑکیوں کو۔۔

کیوں چھوڑ دے۔۔بتاو تم لوگ ہو کون۔۔

میں بیسٹ۔۔

بیسٹ کا نام سن کر تو ایک دفعہ اسد بھی ڈر گیا تھا وہ پھر وہاں موجود لوگوں کو ان تینوں نے مار گرایا تھا اور اسد کو بھی اس نے اپنے طریقے سے مارا تھا ٹکڑے ٹکڑے کر کے اور اس کی لاش کو اسی کے آدمی کے ہاتھوں کنگ کے پاس بھجوایا تھا بیسٹ کے تحفے کے طور پر۔۔۔۔

ابھی وہ واپس جا رہے تھے کہ ماہ کو کمرے میں کسی کی آوازیں آئیں اس نے کمرے کا دروازہ توڑا تو سامنے ساحل کو کرسی سے بندھ دیکھ کر اور منال کو پاس کھڑا دیکھ کر اس کو بے حد غصہ آیا تھا وہ کیسے بھول گئی تھی کہ منال کا نشانہ ساحل بھی تھا ماہ کو بازو پر گولی بھی لگی تھی جس کی وجہ سے اس کے بازو سے خون نکل رہا تھا۔۔

لیکن اسے اپنی پرواہ ہی کب تھی۔۔

زین اور میر نے اسے واپس جانے کا کہا لیکن اسے تو ساحل کو دیکھ کر جنون سا چڑھ گیا تھا اسے اپنی پرواہ ہی کب تھی خون بہہ کر زمین کو لال کر رہا تھا۔۔۔

ساحل تو ان تینوں کو دیکھ رہا تھا۔۔

ابے کون ہو تم لوگ گارڈ گارڈ کہاں ہو تم۔۔

ماہ نے اسے چپ کروانے کے لیے اس کے بازو پر گولی ماری جس کی وجہ سے منال کی چیخ نکلی اور اس کے بازو سے خون نکلنے لگا او ساحل تو خون دیکھ کر ہی چیختے چیختے بے ہوش ہو گیا۔۔

ویسے میر ایک بات ہے پہلی دفعہ اتنا معصوم لڑکا دیکھا ہے اس معصوم لڑکے کے لیے اپنی بہن کا جنون دیکھ رہے تھے۔۔

اب منال نے ڈرتے ہوئے بولا۔۔

کک۔۔۔کون ہو تم لوگ ماہ نے ایک نظر ساحل کو دیکھا جو بے ہوش تھا تو اپنا نقاب اتارا۔۔

ماہ تم ہاں میں میں نے کہا تھا نا ساحل سے دور رہو ورنہ تمہاری جان لے لوں گی اور تمہاری ہمت کیسی ہوئی ساحل کو یہاں لانے کی ساحل صرف میرا ہے اور تم پھر بھی اسے یہاں لے آئی ماہ نے اس کے بالوں سے دبوچا۔۔

اس کی سزا تمہیں ملے گی ڈارلنگ۔۔۔

جلدی کرو ماہ مجھے لیٹ ہو رہا ہے میری بیوی میرا انتظار کر رہی ہے زین نے شرارتیں لہجے سے کہا جیسے وہاں کوئی ڈرامہ چل رہا تھا۔۔

اوکے بھائی میں بھی ویسے اس کام سے بور ہو گئی ہوں تو وہ اس کے بال چھوڑ کر اٹھی۔۔

ماہ ماہ پلیز مجھے معاف کر دو اب تم نے ہمیں دیکھ ہی لیا ہے اس لیے ہم تمہیں چھوڑ نہیں سکتے یہ کہتے ہی ایک ہی گولی اس کے ماتھے پر ماری اور وہ وہیں ڈھیر ہو گئی اتنا سا تو کام تھا۔۔

میر بھیا اٹھائیں ساحل کو گھر چھوڑنے جانا ہے اسے۔۔

میر اور زین تو اپنی بہن کو اس لڑکے کی فکر کرتا دیکھ کر میں نے معنی خیزی سے ایک دوسرے کو دیکھ کر مسکرائے تھے۔۔۔

جب وہ اس کے گھر چھوڑنے گئی تو ساحل بے ہوش ہو چکا تھا ماہ ویسے یہ لڑکا بہت زیادہ ہی نازک ہے میر بھیا یہ بہت معصوم بھی ہیں ماہ کی آنکھوں میں الگ ہی چمک تھی۔۔۔

سب نے اپنا نقاب اتار دیا تھا اب وہ اپنی اصلی حالت میں واپس آ چکے تھے کیونکہ ساحل کے گھر والوں کو ڈرانا نہیں چاہتے تھے۔۔۔

جب وہ اندر داخل ہوئے تو اس کی امی بھاگ کر اس کے پاس آئی کیا ہوا میرے بیٹے کو کچھ نہیں آنٹی ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا وہاں پر خون دیکھ کر بے ہوش ہو گیا تھا۔۔۔

ہاں بیٹا میرا بیٹا ایسا ہی ہے کہ تھوڑا سا خون بھی دیکھ لے تو بے ہوش ہو جاتا ہے اسے خون سے بہت ڈر لگتا ہے ہانیہ بھی بھاگ کر آئی اور ساحل کے پاس بیٹھی وہ جیسی بھی تھی ساحل کو ایسی حالت میں دیکھ کر وہ بھی ڈر گئی تھی۔۔۔

ہانیہ نے اس کا ہاتھ پکڑا تو ماہ کی آنکھوں سے شعلے لپک رہے تھے جو میر اور زین کی آنکھوں سے منفی نہیں رہ سکے انہیں یقین ہو گیا تھا کہ ان کی بہن بھی عشق کر بیٹھی ہیں گھر جا کر وہ بات کرنے کا ارادہ رکھتے تھے۔۔

بیٹا جاؤ ان سب کے لیے پانی لاؤ جی خالہ اور ماہا کو پتہ لگا تھا کہ وہ اس کی بہن نہیں کزن ہے ماہ سے اور برداشت نہیں ہوا تو وہ اٹھ کر چلی گئ۔۔

گاڑی میں آ کر بیٹھے تو ذہن نے شرارت سے کہا۔۔

ہمیں بھی پیار ہوا ہے بے اختیار ہوا ہے۔۔

اور ماہ زین کی بات کا مطلب سمجھ کر میر بھیا کو دیکھا تو میر نے زین کو چپ کروایا زین بھیا مجھے پتہ چلا ہے آج آپ نے شادی کر لی ہے اس کی بات سن کر ذہن کے سامنے اپنی لٹل فیری کا چہرہ آیا تھا۔۔

اہ مجھے یاد آیا میں تو اسے اکیلا چھوڑ آیا ہوں زین تم اسے حویلی کب لا رہے ہو میر کچھ دن بعد کیونکہ کہ ابھی وہ بھاگنے کی کوشش کرے گی اور سب سے بدتمیزی بھی کرے گی جو مجھ سے برداشت نہیں ہو گا۔۔

چلو جیسے تم کو بہتر لگے۔۔

ماہ اب تمہارا یونیورسٹی میں کوئی کام تو نہیں ہے نا نہیں میر بھائی اور

یہ ساحل کا کیا چکر ہے ماہ۔۔۔

بھیا وہ نا مجھے ساحل پسند ہے

او وہ تو تمھاری آنکھوں میں ہی دیکھ کر ہی پتا لگ رہا ہے تم اسے پسند کرتی ہو کیا وہ بھی تمھیں پسند کرتا ہے

نہی میر بھیا مگر بہت جلد وہ بھی مجھے پسند کرنے لگ جائے گا

اگر اسے تم سے محبت نہ ہوئی ماہ اس بار زین بولا

بھیا اتنی پیاری معصوم بہن آپ کی کیسے نہی کریں گا وہ مجھ سے محبت میں اسے خود سے محبت کرنے پھر مجبور کر دونگی

اس کے "ع" پھر بھی میرا حق ہوگا

اس "ش" پھر بھی میرا حق ہوگا

اس کے "ق " پھر بھی میرا حق ہوگا

اس پھر پورا کا پورا حق میرا ہوگا اگر وہ راضی نہی ہوا میں نے پوائنٹ پھر نکاح کرونگی میں اس سے مگر مجھے صرف اور صرف وہ چاہیے

اور کوئی نہی اگر اس نے کسی۔لڑکی کے بارے میں سوچا اس لڑکی کے تکڑے تکڑے کر کے کتوں کو کھلا دونگی جا طرح آج اس منال کا بھیجا اڑا دیا

کیونکہ اس نے میری ساحل کو چھوا تھا اس سے محبت کرنے کے بارے میں سوچا تھا پھر اس کا مرنا تو میرے ہاتھوں سے بنتا تھا نہ

افففف ماہا تم تو مجھ سے اور میر سے بھی دو ہاتھ آگے نکلی بیچارے
ساحل کی جان لوگی کیا ہمارا فیوچر سالا تو گیا کام سے گئی

ہاہاہاہاہاہا بہن جو میری ہے زین

لیکن میں خود اسے پرپوز کروں گی اوکے ماہا لیکن دھیان سے اس کی وجہ سے تمہاری آنکھ میں آنسو آیا تو اس کے لیے اچھا نہیں ہو گا۔۔

نہیں نہیں بھیا وہ تو بہت معصوم ہے آپ اسے کچھ مت کہیے گا آپ سے تو میں ڈرتی ہوں وہ تو پھر بیچاررا معصوم ہے--

چلو یار جلدی کرو میری بیگم میرا انتظار کر رہی ہیں تو دونوں گھر چلیں گے اور زین زویا کے پاس چلا گیا زویا کا موبائل بھی ساتھ لے گیا تھا---

میری بیٹی کہاں گئی اسے ڈھونڈو کل تک مجھے میری بیٹی چاہیے---

سر زویا میم کا کچھ پتہ نہیں چل رہا دلاور بیگ کو بہت غصہ آ رہا تھا لیکن انہیں نہیں پتہ تھا ان کے کیے کی سزا اب ان کی بیٹی کو ملے گی---

میر سونے کے لیے لیٹا تو انمول کو کسی سوچ میں پایا کیا ہوا پرنسز ایسے کیا سوچ رہی ہوں میر زویا میری کال نہیں اٹھا رہی کل سے کالز کر رہی ہوں اوہو جان میر وہ بزی ہوگی ابھی تم بس اپنے شوہر کو ٹائم دو اسے کمر سے پکڑ کر اپنے قریب کیا اور ہر خیال سے دور لے گیا ---

زین گھر واپس آیا تو زویا کو سویا ہوا پایا فریش ہو کر باہر آیا تو زویا کے پاس جا کر لیٹ گیا اور اسے دیکھنے لگا میری لٹل فیری مجھے یقین نہیں ہو رہا تم میرے پاس ہو بچپن سے تمہیں مانگا ہے اب جا کر ملی ہو اور اسے دیکھتے دیکھتے وہ سو گیا۔۔۔

صبح زویا کی آنکھ کھلی تو خود کو زین کے حصار میں پایا ایک جھٹکے سے اس سے دور ہوئی تمہاری ہمت کیسے ہوئی گھٹیا انسان میرے پاس آنے کی۔۔۔

شوہر ہو تمہارا مائے لٹل فیری زبردستی کا شوہر۔۔

ہو تو سہی نہ آئندہ کے بعد مجھ سے تمیز سے پیش آنا ورنہ اصل میں گھٹیا شوہر بن کر دکھاؤں گا شکر کرو تمہارے باپ کے کیے کی سزا تم کو نہیں دے رہا ورنہ تم سہ نہیں پاتی --

تم سے بچپن سے پیار کرتا ہوں اسی لیے پیار کر رہا ہوں ایک جھٹکے سے اسے چھوڑتے ہوئے واش روم چلا گیا وہ فریش ہو کر باہر آئی تو اس نے ناشتہ بنا لیا تھا وہ حیران ہوئی کہ ایک پولیس والا ایسے کام کیسے کر سکتا ہے--

چلو آؤ بیٹھو ناشتہ کرو-

احمد دلاور کے پاس گیا جب اس سے اسے پتہ چلا تھا کہ زویا غائب ہے وہ بہت پریشان ہو گیا تھا انکل زویا کو کون کڈنیپ کر سکتا ہے پتہ نہیں بیٹا میرا تو کوئی دشمن بھی نہیں میں ڈھونڈ رہا ہوں جلدی ہی وہ مل جائے گی---

تم ناشتہ کیوں نہیں کر رہی۔۔

میری مرضی مجھے میرے پاپا کے پاس جانا ہے آئندہ تم نے اگر اس گھٹیا انسان کا نام میرے سامنے لیا تو بہت بری سزا دوں گا چپ کر کے ناشتہ کرو ورنہ مجھے اپنے طریقے سے ناشتہ کروانا پڑے گا وہ اس کی دھمکی سے ناشتہ کرنے لگی۔۔

گڈ گرل مجھے تھوڑا کام ہے میں آتا ہوں اور بھاگنے کی کوشش بالکل مت کرنا لٹل فیری ۔۔۔

مجھے پاپا کے پاس جانا ہے مجھے خود ہی کچھ کرنا ہوگا وہ باہر آئی تو دروازے کو لاک لگا دیکھا ۔۔

ہنہہ کب تک قید میں رکھے گا وہ ادھر ادھر چکر لگایا کر کچھ سوچنے لگی

ساحل کو صبح ہوش آیا تو اپنے پاس امی کو بیٹھے دیکھا۔۔

امی۔۔۔

بیٹا تم کو ہوش آگیا امی مجھے کون چھوڑ کر گیا ہے بیٹا وہ ایک لڑکی اور دو لڑکے تھے وہیں چھوڑ کر گئے ہیں چلو اٹھو فریش ہو جو میں ناشتہ لگاتی ہوں ٹھیک ہے امی بیٹا تمہاری طبیعت تو ٹھیک ہے نا جی جی امی میں اب کچھ بہتر ہوں۔۔۔

وہ سب کچھ دیکھ رہی تھی اچانک اسے ایک کھڑکی نظر آئی۔۔

کھڑکی زرہ اونچی تھی اسی لیے اسے مشکل پیش آئی لیکن اسے یہاں سے بھاگنا تھا اس لیے وہ کود گئی مین روڈ پر بھاگتی ہوئی جا رہی تھی گاڑی سے لفٹ لینے کے لیے کھڑی تھی اس کے پاس ایک گاڑی آ کر کھڑی ہوئی جو اس گاڑی سے باہر نکلا اسے دیکھ کر تو اس کی انکھیں پھٹنے کو تھیں۔۔۔

وہ جو کچھ کاغذات کل رات لے کر آیا تھا وہ بھول گیا تھا وہ واپس لینے آیا تو راستے میں اسے زویا نظر آئی اسے دیکھ کر وہ تیش میں آیا تھا۔۔

اور اسے خونخوار نظروں سے دیکھ رہا تھا وہ سوچ رہی تھی کہ ایک دفعہ وہ پھر سے قید ہونے والی ہے وہ غصے سے اس کی طرف آیا اور اسے دبوچ کر گاڑی میں ڈالا گھر لا کر اسے بیڈ پر پھینکا۔۔

کیوں بھاگی تھی یہاں سے۔۔

مم۔۔مجھے جانا ہے۔۔وہ ہکلاتے ہوئے بولی۔

اب تم میری اجازت کے بغیر اس کمرے سے باہر نہیں نکل سکتی۔۔۔

ساحل روٹین سے یونیورسٹی جا رہا تھا ماہا اور ساحل کی موبائل پر بات ہو جاتی تھی ماہ نے کوئی بہانہ کر دیا تھا کہ اسے کوئی کام ہے کیونکہ ماہ کو گولی لگی تھی اس لیے وہ ساحل کو شک نہیں ہونے دینا چاہتی تھی جس کی وجہ سے وہ یونیورسٹی نہیں جاتی تھی۔۔۔

میر مجھے شاپنگ پر جانا ہے اوکے میر کی جان میں ذرا فری ہو جاؤں پھر میں تمہیں لے کر چلتا ہوں نہیں نہ میر مجھے ابھی جانا ہے پلیز پلیز پلیز اٹھیں نا وہ بہت ضدی ہو گئی تھی میر کے پیار نے اسے بہت ضدی بنا دیا تھا وہ صرف میر کے سامنے ہی ضد کرتی تھی باقی کے سامنے وہ زیادہ بولتی ہی نہیں تھی۔۔

لیکن پرنسز مجھے کام ہے نا۔۔۔

چلیں ٹھیک ہے آپ اپنا کام ختم کریں میں اکیلی ہی چلی جاتی ہوں ناراضگی سے بولی۔۔

پرنسس میں ابھی تھوڑا بزی ہوں تم ماہ کے ساتھ چلی جاؤ نا۔۔

اوکے جائیں میں آپ سے ناراض ہوں اب میں بات نہیں کروں گی جب دور چلی گئی نہ تو تب آپ کو میری یاد آئے گی۔۔

کیسی باتیں کر رہی ہو خبردار آئندہ مجھ سے دور جانے کی بات کی ورنہ اپنے ہاتھوں سے تمہارا گلا دباؤں گا۔۔

مم۔۔۔میر میں مذاق کر رہی تھی میر نے اٹھ کر اسے کی پیشانی پر بوسہ دیا اور انمول مسکرا کر چلی گئی۔۔

کاش میر ساتھ چلا جاتا لیکن یہ پچھتاوا اسے بعد میں ہونا تھا انمول ماہ کے ساتھ چلی گئی تھی۔۔۔

زویا کئی دن سے اس گھر میں قید تھی سارا دن زین باہر رہتا اور کئی دفعہ تو کہیں راتیں بھی باہر رہتا تھا اور وہ بلائی بلائی سے سارے گھر میں گھومتی رہتی۔۔۔

دوپہر کو وہ گھر آیا تو کھانا باہر سے ہی لے آیا تھا چلو اؤ لٹل فیری کھانا کھا لو۔۔

مجھے بھوک نہیں ہے۔۔ آج پھر اس کی شامت آنے والے تھی۔۔

صبح بھی نہیں تھی اب ابھی بھی بھوک نہیں ہے۔۔

یہ کیا بات ہوئی۔۔

چلو اٹھ کر کھانا کھاؤ میں نے کہا نا مجھے بھوک نہیں ہے اس نے زین کو دور کیا۔۔۔

کتنی دفعہ کہا ہے مجھے خود سے دور مت کیا کرو ایک بات کی سمجھ نہیں آتی

زویا تم کیوں نہیں سمجھتی میں تم کو خود سے دور نہیں جانے دے سکتا تم صرف میری ہو میں تمہیں کوئی تکلیف نہیں دیتا اس کا مطلب یہ نہیں کہ تم مجھے دھتکارو۔۔۔

زین نے اس کی گردن پر اپنے لب رکھتے ہوئے کہا وہ اسے دھکا دیتے ہوئے دور ہوئی جو زین کو بہت ناگوار گزرا۔۔

اگلے ہی لمحے پکڑ کر اسے دیوار کے ساتھ لگا دیا۔۔

یاد رکھنا میری لٹل فیری آئندہ مجھے خود سے دور کیا تو بہت برا ہو گا۔۔

محبت کرتا ہوں تم سے تم کو کیوں نظر نہیں آتا کیا۔۔
تم کبھی بھی مجھ سے محبت نہیں کرو گی۔۔۔۔

وہ۔۔۔وہ مجھے نیند آ رہی ہے۔

مجھے سونا ہے وہ اس سے دور ہوتی بھاگتی ہوئی کمرے میں چلی گئی۔۔

تم صرف میری ہو تمہیں خود سے کہیں دور نہیں جانے دوں گا تمہارا باپ بھی آ گیا ہے تب بھی نہیں۔۔

احمد اور زویا کا باپ اسے ڈھونڈ ڈھونڈ کر تھک گئے تھے زویا کو تو جیسے زمین کھا گئی تھی کہیں مل ہی نہیں رہی تھی۔۔

ماہ اور انمول شاپنگ کرنے کے تو اس نے ساحل کی کزن کو علی کے ساتھ بیٹھے ہوئے دیکھا۔

انمول تم یہاں رکو مجھے ایک کام ہے میں میں آتی ہوں پر ماہ میں اکیلی کیسے میں اکیلے یہاں نہیں کھڑی ہو سکتی۔۔۔

وہ ہانیہ کے پاس جا کر پیچھے ٹیبل پر بیٹھ گئی دیکھو علی وہ لوگ میری شادی اس غریب ساحل کے ساتھ کر دیں گے پلیز تم رشتہ لے کر آ جاؤ نا مجھے اس کے ساتھ شادی نہیں کرنی پیار تو وہ مجھ سے دیوانوں کی طرح کرتا ہے لیکن مجھے اس میں کوئی انٹرسٹ نہیں۔۔۔

یار بس میرے پاپا باہر سے آ جائیں پھر میں انہیں تمہارے گھر لے آوں گا۔۔

پکا نا۔۔

ہاں ہاں پکا۔۔۔

او تو اس کا مطلب ہانیہ ساحل کو دھوکہ دے رہی ہے اور ساحل اور ہانیہ کی شادی یہ یہ نہیں ہو سکتا ساحل صرف میرا ہے۔۔۔

انمول باہر انتظار کر رہی تھی کہ اچانک سے اس کے پاس اگ پر ایک گاڑی رکی اور اسے کھینچ کر اندر بٹھایا سارے شاپنگ بیگ گر گئے تھے اس نے دل سے میر کو پکارا تھا لیکن وہ آ نہیں سکتا تھا۔۔

کون کون ہو تم لوگ چھوڑوں مجھے

ماہ باہر آئی تو اس نے انمول کو ہر جگہ ڈھونڈا شاپنگ بیگز گرے ہوئے ملے تو اسے کچھ غلط ہونے کا احساس ہوا اس نے جلدی سے میر کو کال کی اور بتا دیا میر تو یہ سن کر غصہ ضبط کیے بیٹھا تھا کہ اس کی پرنسز اس سے دور ہو گئی ہوا کی طرح وہ گاڑی چلا کر اس جگہ پہنچا تو وہاں سب نے سی سی ٹی وی کیمرے دیکھے تو پتہ چلا کہ انمول کو کوئی زبردستی گاڑی میں بٹھا رہا تھا۔۔۔

اسے رہ رہ کر انمول کی باتیں یاد آ رہی تھی میر جب میں آپ سے دور ہو گئی نا تو اپ کو پچھتائیں گے آپ میرے ساتھ کیوں نہیں گئے۔۔

ماہا ماہا تم کہاں تھی اس ٹائم جب وہ انمول کو لے کر جا رہے تھے میر نے شاید پہلی دفعہ غصہ کیا تھا ماہ پر بھیا بھیا وہ میں اندر تھی ایک ضروری کام تھا وہ بتا نہیں سکتی کہ کیا کام تھا ورنہ کوئی بھروسہ نہیں تھا ہانیہ کو مار دیتا اس کی وجہ سے ہی میں اندر گئی انمول کو اکیلا چھوڑا۔۔

اسے یاد آیا کہ اس نے انمول کو ایک لاکٹ دیا تھا جس میں لوکیشن ٹریس کرنے کے لیے اس نے جلدی سے اسے چیک کیا تو وہ کافی دور ایک جگہ شو ہو رہا تھا۔۔

اسے ہوش آیا تو خود کو ایک بڑے سے کمرے میں پایا اس نے غائبی دماغ سے دیکھا تو آہستہ آہستہ اسے یاد ہے کہ وہ گڈنیپ ہو گئی ہے وہ بہت ڈر گئی تھی اسے سمجھ نہیں آیا کون کر سکتا ہے۔۔

وہ بھاگ کر دروازے کے پاس گئی اور دروازہ اندر سے بجانے لگی تھک ہار کر وہاں ہی بیٹھ گئی میر پلیز آ جائیں آپ کی پرنسز مشکل میں ہیں پلیز آ جائیں۔۔۔

اب بھی اسے بیٹھے تھوڑی ہی دیر ہوئی تھی کے دروازہ کھلا اور ایک بڑی سی عمر کا آدمی جس نے ماسک لگایا تھا وہ پہچان نہیں پائی۔۔

اہہہہ۔۔۔میری بیوٹی تم آ ہی گئی میرے پاس وہ اس کے پاس بیڈ پر بیٹھا تو وہ ڈر کر بیڈ کے ساتھ لگ گئی بیوٹی مجھ سے ڈرو نہیں میں تمہارا کنگ ہوں تمہارا شہزادہ۔۔

تم ایک شہزادی ہو تم ایک عام سے آدمی کے ساتھ سوٹ نہیں کرتی۔۔

تمہارا شہزادہ میں ہوں اب تمہیں میرے پاس ہی رہنا ہے مائی بیوٹی۔۔

دور دور رہیں پلیز مجھے جانے دیں۔۔

نانا بیوٹی کیا ہوا اگر تمہاری شادی ہو گئی ہے تم تو ویسے بھی پہلے سے زیادہ خوبصورت ہو گئی ہو تم ہمیشہ میرے پاس رہو گی میری رکھیل بن کر۔۔

بیوٹی تمہارے جیسا حسن میں نے کہیں نہیں دیکھا تھا وہ اس کے چہرے پر ہاتھ لگا لگا کر بولتا کبھی اس کے بازو پر ہاتھ پھیرتا تمہارا شوہر یہاں تک کبھی نہیں پہنچ سکتا اسی لیے یہاں سے نکلنے کا خیال اپنا دماغ سے نکال دو اور خود کو آج رات تک تیار کر لو میں آتا ہوں اور وہ سہم کر اس کی باتیں سن رہی تھی۔۔

اہہہہ۔۔۔کنگ تمہیں نہیں چھوڑوں گا میں اگر میری پرنسز کو ہاتھ بھی لگایا تو کاٹ کے رکھ دوں گا وہ غصے میں گاڑی میں بیٹھتے ہی سٹئنگ پر ہاتھ مار رہا تھا۔۔

ماہا نے میر کو پہلی دفعہ اتنے غصے میں دیکھا تھا اس کی غلطی تھی اس لیے وہ چپ کر کے بیٹھی رہی وہ جلدی سے کنگ کے پاس پہنچنا چاہتا تھا اس کا دل کر رہا تھا وہ کنگ کے ایک ایک حصے کو کتوں کو کھلائے۔۔۔

تھوڑی ہی دیر میں وہ کنگ مینشن کے باہر کھڑا تھا وہ اندر جاتا جا رہا تھا اور کنگ کے آدمیوں کو مارتا جا رہا تھا اور ماہ بھی اچھے فائٹر کی طرح لڑ رہی تھی اس کی آنکھوں میں خون اترا تھا اپنی بھابی کو اس جگہ دیکھ کر۔۔

کنگ تو یہاں تھا نہیں ہر کمرے کو چیک کیا تو ایک کمرے میں انمول کو پایا۔۔

پرنسز پرنسز اور وہ تو ایک نقطے کو گھور رہی تھی بھابی بھابی کیا ہوا ہے دیکھیے اب ہم آگئے ہیں اور وہ میر کی باہوں میں جھول گئی۔۔۔

میر نے انمول کو اپنے بازو میں اٹھائے اور باہر لے آیا اب کون ہے تو لڑکی کہاں لے کر جا رہا ہے میر نے وہاں گولیوں کی بوچھاڑ کر دی
بتا دینا اپنے کتے مالک کو کہ بیسٹ آیا تھا اور اپنی پرنسز کو لے گیا آئندہ میری پرنسز کی طرف آنکھ اٹھا کر دیکھا تو کتوں کو کھلا دوں گا اور وہ کسی کو اتنا جنونی دیکھ کر ڈر کر پیچھے ہو گئے تھے اپنی موت کو آواز نہیں دینا چاہتے تھے وہ جانتے تھے کہ بیسٹ کتنی بری موت دیتا ہے۔۔

وہ گھر آیا تو بی جان بھاگتے ہوئے آئی تھی کیا ہوا میری بیٹی کو کچھ نہیں بھی جان ایک چھوٹا سا ایکسیڈنٹ ہو گیا تھا اور۔۔

ماہا اپنی جگہ شرمندہ تھی۔۔۔

ماہ تم کو شرمندہ ہونے کی ضرورت نہیں میں جانتا ہوں تم اپنی جان سے بڑھ کر اس کی حفاظت کرتی ہوں میری ہی غلطی ہے جو میں اس کے ساتھ نہیں گیا۔۔

چلو جاؤ تم آرام کرو میں انمول کے ساتھ ہوں۔۔

رات کو انمول کو ہوش آیا تو وہ چیخنے لگی نہیں نہیں میر میر میں اس کے ساتھ نہیں رہوں گی پرنسس پرنسز میں ہوں نہ تمہیں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔۔

بچاؤ بچاؤ اپنے گندے ہاتھ دور رکھو مجھے اپنے ہاتھ مت لگاؤ پرنسز میں ہوں چپ کرو۔

نہیں نہیں وہ بار بار پینک ہو رہی تھی۔۔

میر نے نہ چاہتے ہوئے بھی اسے ہوش میں لانے کے لیے ایک تھپڑ مارا تھا وہ ہوش میں ائی اور یک تک میر کو دیکھ رہی تھی جب اسے یقین ہو گیا کہ وہ میر ہی ہے اس گلے لگ کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔۔

میر نے اس کے بالوں میں انگلیاں چلا کر اس سے پر سکون کرنا چاہا۔۔

میر اس نے مجھے ادھر بھی ہاتھ لگایا ادھر بھی چھوا اس نے مجھے میر میں میں آپ کو بتا نہیں سکتی میں کتنا ڈر گئی تھی۔۔

وہ وہ کہتا ہے میں ہمیشہ اس کے پاس رہوں گی وہ کنگ مجھے لے جائے گا میر مجھے نہیں جانا اس کی رکھیل نہیں بننا۔۔

اور یہ سب سن کر میر کی آنکھیں ضبط سے لال ہوئی تھیں وہ اس کے ساتھ روتے روتے پھر سے بے ہوش ہو گئی تھی۔۔۔

میر نے زین کو کال کی کہ وہ زویا کو یہاں لے کر انمول تھوڑا بہتر فیل کرے گی زین نے زویا کو بتایا کہ انمول کے ساتھ یہ واقع ہوا تو وہ بہت پریشان ہو گئ تھی..

اور زین کے ساتھ حویلی آئی تو ماہا تو اپنے اس بھابی کو دیکھ کر بہت خوش ہوئی تھی زین نے زویا کہ کان میں کہا کہ اگر یہاں کسی سے بدتمیزی کی تو اچھا نہیں ہو گا۔۔

زویا نے ناک چڑھا کر کہا تم نے اپنی طرح سمجھا ہے کیا اور وہ جلدی سے انمول کے پاس گئی۔۔

وہ انمول کے پاس بیٹھی تو انمول سوتے ہوئے بھی ڈر رہی تھی اب وہ یہاں انمول کے پاس ہی رہنے والی تھی۔۔۔

انمول کو ہوش ہے تو وہ اب پہلے سے بہتر تھی زویا تم یہاں ہاں میں نے ہی بلوایا ہے تاکہ تم زویا اپس میں باتیں کر سکو۔۔

ہاں مجھے بھائی نے ہی نے بلوایا ہے اور اب میں یہاں ہی رہوں گی یہاں مطلب--

باقی باتیں بعد پہلے کھانا کھا لیتے ہیں اوکے سب نے مل کر کھانا کھایا تھا انمول تو آہستہ آہستہ اس واقعے سے باہر آئی تھی---

زویا تم یہاں کیوں رہو گی انکل نے تمہیں اجازت دے دی رات کے وقت وہ اور زویا کافی پیتے ہوئے باتیں کر رہی تھی--

پھر زویا نے اپنی ذین کے اس کی شادی سے پہلی ملاقات سے لے کر زبردستی تک ساری بات بتائیں اور انمول تو زین کے رویے زبردستی شادی پر ہی حیران تھی ابھی وہ باتیں کر رہی تھی کہ میر و زین اور ماہ آگئی میر آپ کو پتہ تھا کہ آپ کا بھائی میرے دوست کے ساتھ یہ سب کر رہا ہے---

ہاں پتہ تھا پرنسیز لیکن یہ ان کا اپنا معاملہ ہے زین بچپن سے ہی پیار کرتا ہے تمہاری دوست سے کیا بچپن سے یہ جھوٹ بول رہے ہیں انو میں تو جانتی بھی نہیں..

انہوں نے جان بوجھ کر مجھ سے زبردستی شادی کی ہے زین تو زویا کی پٹر پٹر چلتی زبان کو دیکھ رہا تھا اس کی وجہ سے میں احمد سے دور ہو گئ تمہیں پتہ تھا نا میں کتنا پیار کرتی ہوں اس سے..

زین نے زویا کے منہ سے احمد کا ذکر سن کر اس کے بازو دبوچ کر کمرے سے باہر لے جانے لگا زویا کو لگا آج اس کی ہے خیر نہیں۔۔

میر روکے اسے کہاں لے جا رہے ہیں پرنسس یہ ان کا معاملہ ہے آہستہ آہستہ زویا بھی پیار کرنے لگے گی اس سے۔

تم میری فکر کرو۔۔

میر اگر آپ مجھے نہ ڈھونڈتے تو ایسے کیسے میں تمہیں اس کنگ کے پاس چھوڑ دیتا اب اس کنگ کی خیر نہیں کیسے اس نے میری پرنسز کو ہاتھ لگایا۔۔

یہ سنتے ہی انمول نے اس کے سینے پر سر رکھ دیا میں آپ سے بہت پیار کرتی ہوں میر
کبھی مجھ سے دور مت جایئے گا۔۔۔

حرام خوروں کیسے کیسے بیسٹ لے گیا اسے تم لوگ مر گے تھے کیا اسے مارا کیوں نہیں کنگ اس نے ہمارے کتنے ہی آدمی مار دیا تو تم لوگ کیوں نہیں مر گئے مجھے وہ لڑکی چاہیے اب تم لوگ جاؤ لے کر آؤ ورنہ تم لوگوں کو کتوں کے آگے ڈال دو گا۔۔

اہ بیوٹی تمہیں مجھ سے کوئی نہیں چھین سکتا تمہیں میرے پاس واپس آنا ہو گا غصے سے سارے کمرے کی چیزیں بکھیر دیں..

زین زویا کو کھینچ کر کمرے میں لے کر آیا اور اس اپنے سامنے کیا اس کا منہ دبوچ لیا کتنی دفعہ کہا ہے اس احمد کا نام مت لیا کرو تم میری ہو آئندہ تمہاری زبان سے اپنے باپ اور احمد کا نام لیا تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا..

میں تمہاری ملکیت نہیں ہوں سمجھے یہ زبردستی کا رشتہ ہے جلد ہی میں یہاں سے بھاگ جاؤں گی۔۔۔

بہت ضدی ہو تم اس کی دونوں کلائیاں پیچھے کی طرف لے جا کر اپنے مضبوط ہاتھ سے اس کے ہاتھ اور کمر کو جکڑ کر اپنے
پاس کیا اور انکھیں لال انگاڑا اس کی سبز آنکھوں میں ڈالیں۔۔

کس کی ہو تم۔۔۔۔۔

زویا کو اس کی لال آنکھوں میں دیکھنا بہت مشکل لگ رہا تھا۔۔
اس سے جان چھڑوانے کے لیے اسے بولنا پڑا۔۔

تم۔۔۔تم تمہاری ہوں۔

نہیں میری آنکھوں میں دیکھ کر بولو۔۔

کس کی ہو تم۔۔

تمہاری ہوں اب چھوڑو مجھے۔۔

بار بار کہو کس کی ہو تم پھر اس کی ضد کے آگے ہار گئیے تھی بار بار وہ کہتی رہی تو تمہاری ہوں تمہاری ہوں تمہاری ہو پھر وہ اس کے ماتھے پر لمس چھوڑا اب یاد رکھنا تم میری ہو۔۔

اب تمہارے منہ سے کسی اور کا نام نہ سنو ورنہ یہ رشتہ آ آگے بڑھانے میں میں دیر نہیں لگاؤں گا اس کو چھوڑتا ہوا باہر چلا گیا۔۔

انمول چلو نیچے اور تمہارے لیے ایک سرپرائز ہے کیا میر۔۔

چلو تو سہی نہ نیچے وہ نیچے آئے تو سامنے اس کے ماما پاپا بیٹھے تھے وہ بھاگ کر ان سے ملیں گی ماما بابا اور ان کے گلے لگ گئی رونے لگی ہماری بیٹی رو کیوں نہیں ہے میر کیا تم نے ہمارے بیٹی کو خوش نہیں رکھا جو وہ رو رہی ہے۔۔

نہیں نہیں پاپا ایسی بات نہیں میر مجھے بہت خوش رکھتے ہیں اتنی دیر بعد ملی ہونا اس لیے بس جذباتی ہو گئی۔۔

اور بھئی ہماری بیٹی کیسی ہے انہوں نے انمول کو اپنے ساتھ بٹھایا تو زین اور زویا بھی نیچے آگئے ماہا بھی کمرے سے باہر آگئی۔۔

السلام علیکم انکل زویا اور ماہا دونوں نے سلام کیا

وعلیکم السلام بیٹا سب اپنی اپنی جگہوں پر بیٹھ گئے زویا بیٹا آپ یہاں جی انکل انٹی وہ آپ کو بتایا تھا نا انمول کی طبیعت نہیں ٹھیک تو بس ذویا کو اسی لیے بلا لیا کہ چلو دل لگا رہے گا۔۔۔

بہت اچھا کیا بیٹا زویا نے زور سے اپنی ہیل والا جوتا زین کے پاؤں پر مارا۔۔

آؤچ کیا ہوا بیٹا کچھ نہیں انکل ایک چونٹی نے کاٹ لیا تھا اور زویا تو اپنے لیے چونٹی کا سن کر غصے سے لال ہو گئی تھی تم کمرے میں چلو پھر بتاتی ہوں۔۔

پاپا ماما آپ بتائے نا اپ لوگ کیسے ہیں اتنی دیر بعد مجھ سے ملنے آئے بیٹا میر نے ہمیں دوسرے شہر بھیج دیا تھا تاکہ ہم کنگ سے محفوظ رہ سکیں۔۔

کنگ کے نام سے انمول پھر سے ڈر گئی تھی جو کہ میر سے چھپا ہوا نہیں تھا انکل چلے ائیں کھانا کھائیں بھی جان نے سب کو کھانے کے لیے بلایا تھا تو سب نے خوشگوار ماحول میں کھانا کھایا تھوڑی دیر اور گپ شپ چلی تو سب اپنے اپنے کمروں میں چلے گئے آرام کرنے..

میر اور انمول بھی کمرے میں چلے گئے تو آج میر کا انمول کو بخشنے کا کوئی موڈ نہیں تھا اس لیے کمرے میں جاتے ہی اس نے انمول کو کمر سے کھینچ کر اپنے پاس کیا اور انمول تو اپنی سانسیں روک گی۔۔

پرنسز سانس لو ورنہ جب میں نے سانس بند کی تو مجھ سے ہی شکایت کروں گی۔۔۔

پلیز میر مجھے سونا ہے آج نہیں پرنسز کب سے تمہاری دوری برداشت کر رہا ہوں ابھی وہ کچھ بولنے ہی لگے تھے کہ میر نے اس کے لبوں پر لب رکھ دیے اور انمول نے بھی سکون سے انکھیں موند لیں کیونکہ اسے پتہ تھا کہ اب راہ فرار نہ ممکن ہے۔۔

تم تم۔۔

تم نہیں آپ کہو مجھے کتنی دفعہ بولا ہے عزت کیا کرو میری شوہر ہوں تمہارا۔۔

انہہہ۔۔۔اپ نے مجھے چونٹی کہا کیونکہ تم چونٹی ہو اور تم ہاتھی میں تمہیں ہاتھی نظر آرہا ہوں ہاں جیسے میں تم کو مطلب آپ کو چونٹی نظر آرہی ہوں ویسے ہی مجھے ہاتھی نظر آرہے ہیں۔

تمہیں تو میں بتاتا ہوں اس نے بھاگ کر اسے پکڑنا چاہا تو زویا بھی بھاگ گئ تم مجھے پکڑ کے نہیں سکتے۔۔

ہنستے ہوئے کہنے لگی میں تمہیں پکڑ لیا تو کیا انعام ملے گا جو تم بولو گے اس نے چیلنجنگ انداز میں کہا ٹھیک ہے وہ ادھر ادھر بھاگنے لگے زین نے رک کر کہا تھک گئے۔۔

وہ بھی بیڈ پر بیٹھ گئی ہاں میں بھی تھک گئی کہاں تھا نہیں پکڑ سکتے تو زین نے جلدی سے زویا کی کمر سے پکڑ کر بیڈ پر لٹا دیا۔۔
پکڑ لیا۔۔

یہ چیٹنگ ہے یہ چیٹنگ نہیں ہے اب میرا انعام کوئی انعام نہیں تم نہ دو میں خود لے لوں گا یہ کہتے ہی وہ اس کے لبوں پر جھک گیا زویا کا تو سانس ہی رکنے والا ہو گیا تھا۔

لے لیا میں نے اپنا انعام بہت برے ہو تم آئندہ مجھے چیلنج مت کرنا زویا ورنہ ایسے ہی میں جیت جاؤں گا اور اپنی مرضی کا انعام لوں گا۔۔

مجھ سے آپ نہیں کہا جاتا میں تم ہی کہوں گی۔

تم۔۔تم۔۔تم۔۔۔۔۔

وہ ابھی کہہ رہی تھی کہ زین ایک دفعہ پھر سے جھک گیا اس کے ہونٹوں پر جب جب تک آخری سانس نہیں بچی اس نے نہیں چھوڑا پہلے میں نے اپنا انعام لیا تھا اور اب سزا دی ہے ۔۔

میں اب بھی تم ہی کہوں گی آئی سمجھ جب مجھے تم سے پیار ہوگا نا تو میں پھر تمہیں آپ کہوں گی۔۔

اس کا مطلب تمہیں مجھ سے پیار ہوگا نہیں مجھے نہیں پتا پیچھے ہٹے تو وہ بھی آرام سے پیچھے ہٹ کر بیڈ پر لیٹ گیا اور ہنسنے لگا۔۔

صبح ناشتے کے ٹائم سب لوگوں نے مل کر ناشتہ کیا میر بیٹا اب ہمیں اجازت دو ہمیں جانا ہے لیکن پاپا آپ ابھی کل ہی تو آئے ہیں اتنی جلدی آپ جانے والے ہیں بیٹا میں نہیں چاہتا کہ ہماری وجہ سے کوئی پھر سے تم مشکل میں۔۔

میر آپ ہی پاپا کو بولیں نا انمول وہ ٹھیک کہہ رہے ہیں ٹھیک ہے پاپا لیکن میں بہت جلد آپ سے ملنے اؤں گی اوکے بیٹا میر بیٹا لے کے آئی ہے میری بیٹی کو ٹھیک ہے۔

انکل میں جلدی ہی انمول کو لے کے آؤں گا پاپا میں آپ کو بہت مس کروں گی ہم بھی اپنے بیٹے کو بہت مس کریں گے لیکن جب ہم دیکھتے ہیں کہ تم میر کے ساتھ خوش ہو تو ہم بھی خوش ہو جاتے ہیں وہ لوگ تو چلے گئے لیکن انمول اداس ہو گئی تھی۔۔۔

ہیلو ساحل۔۔

السلام علیکم ماہا کیسی ہیں آپ

میں تو ٹھیک ہوں تم کہاں بزی ہو

ماہ میں بس یونیورسٹی اور بعد میں جاب کرتا ہوں کون سی جاب کرتے ہو تم مجھے ایک شاہ انڈسٹری میں جاب ملی ہے وہاں جاب کرتا ہوں کیا تم شاہ انڈسٹرری میں جوب کرتے ہو۔۔

ساحل تمہاری شادی کا کیا ارادہ ہے کچھ نہیں ماہا بس گھر کے حالات ہی کچھ ایسے ہیں کہ ابھی مجھ پر بہت ذمہ داریاں ہیں ابھی میں شادی نہیں کر سکتا۔۔

کیوں کیا ہوا ساحل اگر کسی ہیلپ کی ضرورت ہے تو میں تمہاری مدد کر دیتی ہوں نہیں نہیں ماہا میں اتنا کما لیتا ہوں کہ میں اپنے ماں اور اپنی کزن کو کھلا سکوں ٹھیک ہے ساحل جیسا تم کہو جو تمہاری یہی خودداری پسند ہے ٹھیک ہے ساحل میں تم سے بعد میں بات کرتی ہوں۔۔

اچھا تو ساحل ہماری کمپنی میں جاب کرتا ہے تو چلو پھر ماہ ریڈی ہو جاؤ آفس جانے کے لیے تاکہ زیادہ سے زیادہ ساحل کے ساتھ ٹائم سپینڈ کر سکیں۔۔

میر بھیا سے بات کرنی ہوگی۔۔

میر بھیا میر بھیا کیا ہوا گڑیا میر بھیا میں گھر میں بور ہوتی رہتی ہوں تو میں نے آفس جانا شروع کرنا ہے اور آج ہماری گڑیا کو آفس کہاں سے یاد آگیا بس بھیا پلیز نا آپ مجھے منع تو نہیں کریں گے نا۔۔

میر تم نے دلاور بیگ کے بارے میں کیا سوچا ہے زین نے پوچھا۔۔

زین میرا بس چلے تو میں آج ہی دلاور بیگ کو مار دوں لیکن میں چاہتا ہوں کہ تم زویا کو بھی اس کے باپ کے بارے میں پتہ چلے تاکہ اگر وہ مر بھی جائے تو زویا کو کوئی دکھ نہ ہو اب تمہیں ہی سب سے زیادہ پریشانی ہوگی زین تمہیں ہی زویا کو سنبھالنا ہوگا۔۔

لیکن میر میں ابھی اسے سچائی نہیں بتا سکتا وہ میری بات پر کبھی یقین نہیں کرے گی وقت آنے پر اس کے باپ کے منہ سے ہی سچائی اگلواؤں گا۔۔

زویا یار کہاں چلی گئی ہو پلیز واپس آ جاؤ میں نے تمہیں کہاں کہاں نہیں ڈھونڈا پتہ نہیں تم کہاں چلی گئی ہو پلیز زویا زویا کہ تصویر دیکھ کر باتیں کر رہا تھا وہ تو اتنا خوش تھا کہ جلد ہی ذویا کے ساتھ شادی ہو جائے گی لیکن وہ تو اس سے دور ہو گئی تھی جب تم کو ڈھونڈ لوں گا تو تم کو اپنے پاس لے آوں گا کہیں نہیں جانے دوں گا آ ئی مس یو سو مچ ذویا۔۔

اہہہہہہ۔۔۔۔کہاں گئی میری بچی زمین کھا گئی یا آسمان نگل گیا کتوں تم لوگوں کو کس کام کے لیے رکھا ہے اتنے دن ہو گئے میری بیٹی کو غائب ہوئے تم لوگ کچھ کر ہی نہیں رہے پوری پولیس فورس لگا دی میں نے ڈھونڈنے میں وہ باتیں کر رہا تھا کہ اس کے موبائل کی کال نے خلل ڈالا۔

کون ہے۔۔

میر سلطان شاہ۔۔

کون میر سلطان شاہ میں کسی ایسے نام والے بندے کو میں نہیں جانتا تو وجاہت شاہ اور عثمان شاہ کو جو جانتے ہو گے نا۔۔

ان ناموں کی وجہ سے دلاور بیگ کے چہرے پر سایہ سا لہرایا تھا نہیں نہیں میں نہیں جانتا وجاہت عثمان شاہ کو۔۔

بہت جلد ان کی موت کا حساب دینا ہو گا تمہیں دلاور بیگ بہت جلد اور کھٹاک سے کال بند کر دی۔۔۔

ہیلو ہیلو اس کے چہرے پر پسینہ آگیا تھا تم لوگ جاؤ اور میری بیٹی کو ڈھونڈو۔۔

یہ یہ کہاں سے آ گے اتنے سالوں بعد مجھے لگا تھا کہ مر گئے ہوں گے وہ بچے۔۔

کہیں میں نے پاکستان ثنا کے غلطی تو نہیں کر دی نہیں نہیں میں ان سے ہار نہیں سکتا انہیں بھی برباد کر دوں گا لیکن اسے پتہ نہیں تھا کہ وقت ہر دفعہ ایک سا نہیں ہوتا ہر دفعہ جیت اس کی نہیں ہونی تھی وقت پلٹتا بھی ہے اور مات بھی دیتا ہے۔۔

کنگ مجھے جانے دے میں آپ کو وہ لڑکی لا کر دوں گا مجھے وہ لڑکے کسی بھی حال میں چاہیے جیسے بھی کرو اس بیسٹ کو مارو تباہ کر دو اسے بیسٹ نے میرے سارے اڈے ختم کر دیے۔۔

لڑکیاں ساری غائب کر دی کروڑوں کا نقصان کر دیا اور اب میری بیوٹی کوئی بھی چھین کر لے گیا نہیں اس دفعہ اسے جیتنے نہیں دوں گا جاؤ لڑکی لے کر واپس انا ورنہ تمہیں میں زندہ نہیں چھوڑوں گا اوکے باس ایک بہت ہی وفادار ادمی کو بھیجا تھا اس نے...

امی یہ لے میری پہلی تنخوا اور یہ میں اپ کے لیے ایک شال بھی لے کر آیا ہوں بیٹا اس کی کیا ضرورت تھی کیوں ضرورت نہیں تھی امی مجھے پتہ ہے ہماری ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اپ اپنی ضروری چیزیں نہیں لیتی۔۔

جیتے رہو بیٹا تم جیسی تو خوش قسمت والوں کو اولاد ملتی ہے امی ہانیہ کہاں ہے ہانیا باہر گئی ہے اپنی دوست کے ساتھ۔۔

بس بیٹا اب میری یہی دعا ہے کہ جلد سے جلد تم دونوں کی شادی کر دوں پھر سکون سے مر سکوں کیسی باتیں کر رہی ہیں اپ امی کچھ نہیں ہو گا آپ کو انشاءاللہ جاؤ بیٹا فریش ہو جاؤ پھر کھانا لگاتی ہوں ہانیہ تو باہر سے کھا کر آئے گی ہمیشہ وہ ایسے ہی کرتی ہے۔۔

علی یہ روز روز چھپ کر ملنا اچھی بات نہیں ہے تم کیوں نہیں سمجھتے اپنے گھر والوں کو لے کر کیوں نہیں آتے۔۔

ہانیہ میرے دو دوستوں کی ڈیتھ ہو گئی ہے بس اسی کے غم میں یہ بات ذہن سے نکل گئی او ہو وہ کیسے بس کسی نے دشمنی میں آ کر دونوں کو مار دیا تم لوگوں سے کس کی دشمنی ہو سکتی ہے۔۔۔

شاید کیا پتہ ان کے خاندانی دشمنی ہو اسی لیے اور تم پریشان نہیں ہو لیکن علی جتنی جلدی ہو سکے رشتہ لے کر آؤ ورنہ میری شادی اس ساحل سے کر دیں گے۔

ہانیہ تم ایسے کیوں نہیں کرتی ہم شادی کر لیتے ہیں گھر سے بھاگ کر۔۔

یہ یہ کیا کہہ رہے ہو علی میں ایسا نہیں کر سکتی جیسے بھی ہو وہ میری تائی امی ہے جنہوں نے میرا بہت خیال رکھا ہے میں ایسے ان کی عزت داؤ پر نہیں لگا سکتی۔۔۔

اور اگر میرے گھر والے نہ مانے تو علی تم انہیں مناؤں ناایک دفعہ تم کو حاصل کر لوں میری طرف سے بھاڑ میں جاؤ تم علی نے دل میں سوچا اوکے ٹھیک ہے میں کوشش کرتا

ہوں علی بھی کون سب سے سچی محبت کرتا رہا بس اسے اس کا جسم حاصل کرنا چاہتا تھا اسی لیے وہ اس کے ساتھ پیار کرناٹک کر رہا تھا۔۔

زویا سوئی ہوئی تھی اور زین اس کے پاس اس کے چہرے کو پیار بھری نظروں سے دیکھ رہا تھا اس کی لٹل فیری سوتے ہوئے معصوم سی گڑیا لگ رہی تھی۔۔

اس کے ارمان مچھل رہے تھے لیکن وہ اس کی اجازت کے بغیر کچھ نہیں کر سکتا تھا وہ اس پر جھکے اس کے ایک ایک نقش کو دیکھ رہا تھا کہ زویا کی آنکھ کھل گی اور اپنے اوپر زین کو دیکھ کر چیخنے لگی۔

ششششش۔۔۔

میں ہوں چونٹی زین نے شرارت کے موڈ میں اتے ہوئے کہا تم نے مجھے پھر سے چونٹی کہا ہاتھی کہیں کہ۔۔

وہ غصے سے اس پر جھپتی تھی۔۔۔

اگلے ہی لمحے نے زین اس کے دونوں بازو اپنی گرفت میں لے کر اس کی راہیں بند کر دی۔

ہٹو میرے اوپر سے ہاتھی۔۔

کتنے موٹے ہو تم۔ابھی وہ بول رہی تھی کہ زین نے اس کر لبوں پر لب رکھ دیے۔

I will you ... زین شاہ۔

But I love u little ferry.

اور یہ کہتے ہی اس کے ناف پر ہونٹ رکھ دیئے پھر چھوڑ کر اس کے اوپر سے اٹھ گیا۔۔

صبح کے سات بجے میر کی آنکھ کھلی تو انمول بے خبر سو رہی تھی۔۔سوتے ہوئے وہ میر کو کوئی پری ہی لگی تھی اایسے تو اس کا دل کیا کہ کوئی شدت بڑی گستاخی کر دے لیکن اس کو تنگ نہ ہونے کی وجہ سے اس پر جھکا۔

اٹھ جاؤ پرنسز

پلیز میر سونے دے نا پہلے ہی ساری رات اپ نے سونے نہیں دیا وہ کہہ کر دوبارہ سونے لگی تو میر نے اس کے لبوں پر لب رکھ دیا اس کو رات کی ٹون میں واپس آتا دیکھ کر ایک دھکا مار کر کپڑے لیے اور واش روم نے بھاگی۔۔

نیوی بلو کلر کے فراک میں اسے بہت نکھری نکھری خوبصورت سی لگی وہ شیشے کے سامنے ائی تو میر کی نظریں اسی پر تھی۔۔
اس نے کمر سے جکڑ اپنے ساتھ لاگا لیا۔

یہ---یہ کیا کر رہے ہیں میر۔

افففف کتنی معصوم ہو پرنسز۔۔

You are looking gorgeous my princess

دو ہفتے ہو گئے ہیں زویا کو غائب ہوئے پورا شہر چھان مارا ہے کہیں نہیں ملی دلاور کو ایک دم سے میر سلطان کا خیال ہے لیکن اس نے جھٹک دیا کہ نہیں اس نے اغواہ کیا ہوتا تو مجھے بتاتا۔۔

ماہا جیسے ہی آفس میں داخل ہوئی تو ساحل کو ڈھونڈنے لگی کچھ دیر ڈھونڈنے کے بعد اسے نظر آ ہی گیا مگر ایک لڑکی کے ساتھ وہ اس لڑکی کو کچھ سمجھا رہا تھا لیکن لڑکی کی نظریں فائل پر کم اور ساحل پر زیادہ تھی اسے غصہ تو بہت آیا اس نے اس لڑکی کے پاس جا کر جان بوجھ کر پانی کا گلاس اس پر گرا دیا او سوری غلطی سے ہو گیا۔۔

کیا بدتمیزی ہے یہ تمہیں نظر نہیں آتا تا میں کام کر رہی ہوں۔

۔ارے میم آپ سوری سوری مجھے لگا کوئی اور لڑکی ہے سوری۔۔
یہاں سے دفع ہو جاؤ اب۔۔

ارے ماہ آپ آپ یہاں کیسے میں بس ایسے ہی تمہارے لیے ہی تو آئی ہوں اس نے دل میں کہا ہاں ایسے ہی میں گھر میں بور ہو رہی تھی تو سوچا چکر لگا لیا کروں۔۔

اب تم کھڑی کیا منہ دیکھ رہی ہو

جاؤ یہاں سے جب میں ساحل کے پاس ہوں تو کوئی بھی مجھے اس کے نزدیک نظر نہ ائے اس نے غصے سے اس لڑکی کو کہا۔۔

ساحل یہ میرے بھائی کا آفس ہے تم میرے بھائی کے آفس میں ہی کام کرتے ہو کیا یہ اپ کا آفس ہے ہاں ہاں لیکن تمہیں اب کوئی بھی ٹینشن لینے کی ضرورت نہیں جو بھی مدد کی ضرورت ہو تم مجھے بتا دیا کرو

ٹھیک ہے میم۔۔

میم نہیں میں تمہاری پہلے دوست ہوں بعد میں باس ہوں مجھے ماہا ہی بولو گے ٹھیک ہے ماہ چلو آؤ افس میں جا کے بات کرتے ہیں۔۔

انمول تمہارے پاس موبائل ہے نہیں زویا کیوں اس زین نے مجھ سے موبائل لے لیا ہے مجھے پاپا کو بتانا ہے احمد کو بتانا ہے کہ اس نے مجھے یہاں قید کر کے رکھا ہوا ہے میرے پاس تھا لیکن میر نے لے لیا ہے اور گھر میں بھی کوئی لینڈ لائن نہیں ہے شاید ماہ کے پاس ہو ہاں وہ یونیورسٹی سے اتی ہے تو اس سے لے کر کرتی ہوں بات۔۔

تم بتاؤ میر بھیا اچھے تو ہیں نا ہاں زویا وہ بہت اچھے ہیں میرا بہت خیال رکھتے ہیں مجھ سے بہت پیار کرتے ہیں تم بہت لکی ہو کہ تم کو میر بھیا جیسے شوہر ملا۔۔

اور مجھے اس ذین جیسا۔۔

زویا یار دیکھو میں جانتی ہوں جن حالات میں شادی ہوئی ہے لیکن اب وہ تمہارا شوہر ہے تم اگر قبول کر لو تو۔۔۔۔

نہیں انمول میں احمد سے پیار کرتی ہوں اسی سے شادی کروں گی مجھے جب موقع ملا میں یہاں سے بھاگ جاؤں گی۔۔

لیکن زویا...

تم نہیں سمجھ سکتی۔۔

اوکے اوکے زین بھیا تم کو خود ہی ہینڈل کر لیں گے تم میری دوست ہو یا زین کی چمچی۔۔۔

میں بس یہ چاہتی ہوں کہ تم خوش رہو اور زین بھیا کی آنکھوں میں میں نے تمہارے لیے پیار دیکھا ہے اور اب میں چاہتی ہوں کہ تم ہمیشہ میرے پاس رہو۔۔

مجھے اب کسی بھی طریقے سے ماہ سے موبائل لینا ہے اور پاپا کو کال کرنی ہے یار دیکھ لو اگر زین بھائی کو پتہ چل گیا تو او ہو کچھ نہیں ہوتا میں کر لوں گی ٹھیک ہے تم جانو اور زین بھائی۔۔

مجھے اب جلد سے جلد ساحل سے اپنے پیار کا اظہار کرنا ہو گا لیکن کیسے کوئی آئیڈیا سمجھ میں نہیں آ رہا۔

ہاں یہ ہو نا بات ماہ شاہ ایسا پرپوز کروں گی کہ وہ کبھی انکار ہی نہیں کر پائے گا اسے میرا ہونا ہو گا ساحل صرف ماہا شاہ کا ہے۔۔

وہ کمرے میں آئی تو سامنے ہی وہ شخص تھا جس سے شاید وہ نفرت کرتی تھی یا نہیں ابھی تک وہ جان نہیں پائی تھی اسے بس اتنا پتہ تھا کہ اس نے زبردستی شادی کی ہے اسے اپنے پاپا اور احمد کے پاس واپس جانا ہے ایک ہاتھ میں تکیہ لیے بے خبر سو رہا تھا وہ ادھر ادھر کچھ تلاش کر رہی تھی جلد ہی اس کی تلاش ختم ہوئی سامنے ہی زین کا موبائل نظر آیا..

زویا نے ایک گہری سانس خارج کی اور ہمت کرتی اس کے قریب آتے موبائل اٹھانے وہ جھکی تو اس کے سوتے ہوئے چہرے پر نظر پڑی خوف سے زویا کا دل دھک دھک کر رہا تھا یہ جلاد اٹھ گیا تو پھر تو اسی کمرے میں بند کر دے گا۔۔

سانس روک کے موبائل کو ہاتھ میں لیا اور جلدی سے کمرے سے باہر بھاگی شکر ہے جلاد اٹھا نہیں ورنہ پتہ نہیں کیا ہو جاتا۔

اس نے جلدی سے پاپا کو کال ملائیں لیکن اٹھا ہی نہیں رہے تھے اسی لیے اس نے احمد کو کال کی۔۔

ہیلو کون۔۔۔نیند سے بھری آواز آئی۔۔

احمد احمد میں ہوں زویا زویا تم تم کہاں ہو۔۔

میرے پاس اتنا ٹائم نہیں ہے بس پاپا کو بتا دینا کہ زین شاہ اور میر سلطان شاہ نے ہی مجھے ایک اغواہ کیا ہے پلیز مجھے یہاں سے آ کر لے جائیں تم تم پریشان نہ ہو زویا تم ٹھیک ہو نا۔۔

ہاں احمد میں ٹھیک ہوں تم لوگ کل آ جانا پلیز مجھے اور یہاں نہیں رہنا اور یہاں اب کال نا کرنا پلیز۔۔

جلدی سے کال بند کر دی اس سے پہلے کہ وہ اٹھتا اسے وہاں موبائل واپس رکھنا تھا۔۔

اس کے تکیے کے نیچے موبائل رکھنے لگی تو ہاتھ باہر نکالا اور واپسی کے لیے گومی تو خوف سے چیخ نکلی زین نے ایک ہی جھٹکے سے اسے خود کے قریب کیا..

لٹل فیری ہم سوتے ہوئے بھی آنکھیں کھلی رکھتے ہیں کیا کر رہی تھی تم اور زویا نے شکر کیا کہ زین نے بات کرتے ہوئے نہیں دیکھا موبائل لینے آئی تھی تم کیا اتنی بے وقوف ہو جو آسانی سے چوری کر کے نکل جاؤ گی۔۔

اس پر مکمل جھکا خمار سے بھاری آواز میں اسے دیکھتا ہوا بولا۔۔

اس کی آنکھوں میں صرف زویا کہ محبت ہی محبت تھی جو کہ زویا بھی دیکھ رہی تھی زویا کی قربت اسے بہکا رہی تھی اوپر سے جائز ملکیت اس بات کا احساس ہوتے ہی زین سب کچھ بھول کر اس پر جھکا اور ایک ایک نقش کو اپنے ہونٹوں سے چھونے لگا۔۔

زویا مسلسل مزاحمت کر رہی تھی لیکن وہ تھا کہ چھوڑنے کو تیار ہی نہیں تھا چھوڑو مجھے جنگلی انسان اس کے چھوڑتے ہوئے غصے اور شرم سے تیز تیز سانس لیتے کہنے لگی۔۔

اب کی بار زویا اسے نفرت اور غصے سے دیکھنے لگی۔۔

کیوں آئی تھی لٹل فیری میرے پاس اب کی بار زین تحمل سے پوچھا۔۔

جانتا تھا وہ سکون سے بیٹھنے والوں میں سے نہیں ضرور اس کے دماغ میں کچھ چل رہا تھا میں تمہارا موبائل لینے ائی تھی وہ بنا ڈرے بولی۔۔۔

موبائل کیوں۔۔

تا کہ میں اپنے پاپا کو کال کر سکو اور یہاں آ کر مجھے اس قید سے لے جائے۔۔تم جیسے جنگلی کی قید سے اور۔۔۔۔۔۔

باقی کے آلفاظ منہ میں تھے ذین اس کے ہونٹوں پر دوبارہ سے جھکا تھا۔۔

آج کے بعد جانے من کوئی فضول الفاظ منہ سے نہ نکالنا اب تم بھول جاؤ کہ تم میری قید سے باہر جا سکتی ہو اب تمہیں ساری زندگی یہاں ہی رہنا ہے چاہے تمہارا باپ آ جائے یا کوئی تمہارا عاشق۔۔

آج تک کوئی پیدا نہیں ہوا کہ جو زین کی اجازت کے بغیر اس کی ملکیت کو لے جائیں تو تم تو پھر میری محبت میرا عشق ہو۔۔

مجھے تم سے نفرت ہے میں جیسے بھی کر کے چلی جاؤں گی سمجھے تم اب چھوڑو مجھے سونا ہے۔۔

تو وہ اس کے ساتھ ہی بیڈ پر لیٹ گیا اور لیٹتے ہی ذویا کو اپنی طرف کھینچا اور اپنے سینے پر سر رکھ کر سلانے لگا۔۔

مجھے یہ عادت مت ڈالو تم یہ سب کر کے مجھے خود سے محبت نہیں کروا سکتے تم مجھے بس طلاق دو میں احمد سے شادی کروں گی۔۔

زین نے اسے بالوں سے دبوچ کر اپنے سامنے کیا اور بولا۔۔

لٹل فیری تم صرف میری ہو تم میرا عشق ہو تمہارا عشق بھی میں ہی ہونا چاہیے ورنہ زبردستی عشق کرواؤں گا تم سے۔

اور جو طریقہ میں اپناؤں گا نا اور تم سہ نہیں پاؤ گے اس کے ماتھے پر بوسہ دے کر خود بھی سو گیا اور زویا تو اس کی شدت پسندی دیکھ رہی تھی کوئی اتنا پیار بھی کرتا ہے۔۔

آج میں تم کو پروپوز کروں گی ساحل مجھے یقین ہے تم انکار نہیں کرو گے اگر انکار کر دیا تو وہ پریشانی سے سوچنے لگی۔۔

نہیں انکار کر بھی دیا تو اسے میرا ہی ہونا ہے لیکن میں یہ کیوں سوچ رہی ہوں اچھا اچھا سوچنا چاہیے۔۔

صبح کے ابھی 10 ہی بجے تھے احمد دلاور بیگ کے پاس آیا انکل کہاں ہیں اس نے وہاں کے ملازم سے پوچھا صاحب تو اپنے کمرے میں ہیں وہ بھاگتا ہوا دلاور کے کمرے میں آیا۔۔

انکل انکل

کیا ہوا احمد بیٹا انکل مجھے کل زویا کہ کال آئی تھی۔۔

زویا کی انہوں نے حیرانی سے پوچھا ہاں انکل زویا کی وہ کہہ رہی تھی کہ اس نے کس سے چپ کر کال کی تھی کہ رہی تھی کسی میر سلطان شاہ زین شاہ نے اسے اغواہ کیا ہے۔۔

کیا میر سلطان شاہ نے انہوں نے پریشانی سے سوچا انکل کیا آپ جانتے ہیں انہیں وہ کاروبار دشمنی ہے اسے لیے اغواہ کیا ہو گا۔۔

انکل آپ نے پہلے کیوں نہیں سوچا اس بارے میں انکل چلے نہ چلتے ہیں ہاں بیٹا چلو میں اپنی بیٹی کو لے کر آؤں گا ان سے۔۔

صبح وہ اٹھی تو زین کو سویا ہوا دیکھا اس نے زین کو دیکھا تو وہ سویا ہوا بہت پیارا لگ رہا تھا کاش تم نے مجھ سے زبردستی شادی نہ کی ہوتی وہ بڑبڑائی تھی۔۔

تو زین نے ایک جھٹکے سے اسے کھینچ کر اپنے اوپر گرایا زبردستی شادی نہ کرتا تو تم لنگور سے شادی کر لیتی اور مجھ سے دور ہو جاتی۔۔

زویا کیا تم کو میری آنکھوں میں اپنے لیے پیار نہیں نظر آتا۔۔

زین چھوڑو مجھے فریش ہونا۔۔اس نے تنگ آکر کہا۔۔

تو زین بھی سیریس ہو گیا اور اسے چھوڑ دیا..

اوکے جاؤ..

فریش ہو کر باہر آئی تو شیشے کے سامنے کھڑے ہو کر تیار ہونے لگی پاپا آج آپ آ جائیں مجھے یہاں سے لے جائے ورنہ مجھے ڈر ہے کہ میں کسی دن اس سے پیار نہ کرنے لگ جاؤں اور احمد کے ساتھ دھوکہ نہیں کرنا چاہتی میں۔۔

میر اٹھے نہ کتنا سوتے ہیں

آپ جان میر میری پرنسز تم سونے ہی کب دیتی ہو.

میررر میں نے کب آپ کو سونے نہی دیا ساری رات تو آپ مجھے سونے نہی دیسے اور اب سارا الزام مجھ پھر لگا رہے ہے انمول منہ بنا

کر بولی

ہاں کیونکہ تم میں نشہ ہی ایسا ہے کہ ساری رات اس نشے میں بہکتا رہتا ہوں وہ تو میر کی بے باک باتوں سے سرخ ہوتے ہوئے فریش ہونے کو بھاگی۔۔

ابھی سب ناشتہ کر رہے تھے کہ دلاور بیگ اور احمد آگئے۔۔

زویا زویا کہاں ہو بیٹا زویا کو اپنے پاپا کی آواز سن کر کھڑی ہو گئی تھی اس ادثمی کی آواز سن کر میر کے غصے سے رگیں پھول گئی تھی ذین نے زویا کا ہاتھ مضبوطی سے پکڑا اور باہر لے آیا پیچھے میر اور انمول اور ماہ بھی آگئی۔۔۔

پاپا زویا بیٹے یہاں آؤ یہاں زویا میں تم کو لینے آیا ہوں چلو یہاں آؤ۔۔

خبردار زویا اگر تم نے ایک قدم بھی اپنے باپ کے اس لڑکے کی طرف بڑھایا تو بہت برا پیش آؤں گا۔۔

چھوڑو مجھے زین مجھے جانا ہے پاپا کے پاس۔۔

زین نے کھینچ کر ایک تھپڑ مارا کہا ہے نا یہاں سے تم میری مرضی کے بغیر نہیں جا سکتی اس نے غصے میں آ کر تھپڑ تو مار دیا تھا لیکن زویا نے اسے بے یقین نظروں سے دیکھا کہ وہ کیسے اس پر ہاتھ اٹھا سکتا ہے اچھا تو رات کو تم نے موبائل سے اپنے اس یار کو کال کی تھی تو وہ تمہیں لینے آ گیا۔۔۔

چھوڑ دو زین اسے تم نے زبردستی اپنے پاس رکھ رہے ہو تم چپ کرو یہ میاں بیوی کا معاملہ ہے تم بیچ میں نا بولو۔۔

میاں بیوی پاپا اس نے مجھ سے زبردستی نکاح کیا تھا۔۔

احمد نے آگے بڑھ کر زویا کا ہاتھ پکڑنا چاہا تو زین نے اسے گھونسا مارا خبردار میری بیوی کو ہاتھ لگایا تو زین اپنے کمرے میں گیا تو اپنی پسٹل لے آیا اور اتے ہی احمد کے بازو پر گولی ماری جو اس کے بازو کو چھو کر گزری تھی۔۔

زویا کی چیخ نکلی۔

اب اگر میری بیوی کا ہاتھ پکڑنے کی غلطی کی تو ہاتھ ہی کاٹ دوں گا۔۔

زویا بھاگ کر احمد کے پاس گئ اور اسے پکڑا احمد تم ٹھیک تو ہو نا دلاور بیگ نے غصے سے زین اور میر کو دیکھا دیکھ لوں گا تم سب کو۔۔

دلاور کی ابھی تک انمول پر نظر نہیں پڑی تھی انمول تم کمرے میں جاؤ تو انمول ڈر کر کمرے میں بھاگ گئی دلاور بھی زین کی طرف بڑھے اسے مارنے کے لیے لیکن میر بیچ میں آگیا نانا دلاور اب ہم وہ چھوٹے بچے نہیں رہے کہ اپ ہمیں کچھ بھی کر سکیں اب ہمیں ہاتھ لگایا تو ہاتھ کاٹ دیں گے۔۔

زویا تو میر اور زین کو اپنے باپ کے ساتھ ایسے بات کرتا دیکھ کر نفرت سے زین کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

وہ جو احمد کا بازو پکڑے کھڑی تھی زین اس کے پاس آیا زویا اس کا ہاتھ چھوڑو ورنہ اس پسٹل کی ساری کی ساری گولیاں اس کے سینے میں اتار دوں گا تمہاری ہمت کیسے ہوئی اس کا ہاتھ پکڑنے کی
تو زویا نے ڈر کی وجہ سے جلدی سے احمد کا ہاتھ چھوڑ دیا۔۔

دفعہ ہو جو یہاں سے تم لوگ اور زویا کہیں نہیں جائے گی یہ اب میری بیوی ہے یہاں ہی رہے گی۔۔۔

چلو احمد انہیں بعد میں دیکھ لیں گے ابھی تم کو ہاسپٹل لے کر چلتے ہیں اپنا خیال رکھنا زویا تم اور یہ کہہ کر چلے گئے۔۔۔

زویا نیچے بیٹھ کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی نفرت کرتی ہوں میں تم سے زین نفرت غصے سے اٹھ کر اس کا گریبان پکڑا تم کیا سمجھتے ہو میں یہاں رہوں گی تو یہ تمہاری بھول ہے میں یہاں سے بھاگ جاؤں گی۔۔۔

تم یہاں سے بھاگ کر دکھاؤ ٹانگیں توڑ کر رکھ دوں گا۔۔

زین نے اپنا گریبان چھڑوایا اور کمرے میں چلا گیا۔۔۔

زین کمرے میں آیا تو غصے سے اس کے رگیں پھولی ہوئی تھی ایسا
لگ رہا تھا اس کے دماغ کی کوئی نس پھٹ جائے گی اپنے لیے اپنی لٹل فیری کی آنکھوں میں نفرت دیکھ کر وہ جیسے ٹوٹ گیا تھا۔۔
آج وہ پاگل ہونے لگا تھا اس کا اندر کا جنونی جانور جاگ گیا تھا بہت بڑی غلطی کر دی تم نے زویا بہت بڑی تم نے میری بیوی ہو کر میرے نکاح میں ہو کر کسے کسی دوسرے کے بارے میں سوچا ہمت کیسے ہوئی تمہاری۔۔

زین شاہ اپنی کسی معمولی سی چیز میں شراکت برداشت نہیں کرتا تم کیسے اپنی سوچو میں کسی کو بھی لے آنے کی اجازت دے سکتی ہوں۔۔

اب تمہیں بتانا ہوگا کہ تم کس کی امانت ہو اور تم پر تم سے بھی زیادہ کس کا حق ہے اس کی ایک ایک ہاتھ کی نسیں ابھری ہوئی تھی لال انگارہ انکھوں میں زویا کا عکس سمائے اس سے مخاطب تھا۔۔

اس نے زین کو اتنا کچھ تو کہہ دیا تھا لیکن اب اسے ڈر لگ رہا تھا اس سے وہ اس کے ساتھ کیا کرے گا وہ ڈر کے مار باہر لان میں بیٹھی ہوئی تھی۔۔

ماہا کچن میں پانی پینے آئی تو زویا کو باہر بیٹھا دیکھا کیا ہوا بھابھی ایسے کیوں بیٹھی ماہ یار تمہارے جلاد بھائی سے ڈر لگ رہا ہے کیا کروں۔۔

ہاہا زویا یہ تو اب آپ کو ان کو جلاد بنانے سے پہلے سوچنا چاہیے تھا کہ آپ کو پتہ ہے نا وہ اپ کے لیے کتنے پوزیسو ہیں پھر بھی آپ نے اپنے باپ کو بلا لیا اور اپنے دوست کو بھی۔۔۔

ماہ تم بتاؤ اگر تم میری جگہ پر ہوتی تو کیا کرتی زویا میں اپنی قسمت سمجھ کر قبول کر لیتی آپ خوش قسمت ہیں کہ زین بھیا جیسے پیار کرنے والا آپ کو ملا ہے۔۔

ماہ تم یہاں کیا کر رہی ہو وہ جو ابھی باتیں کر رہی تھی پیچھے سے زین کی آواز سن کر زویا کا دل حلق میں آگیا تھا بھائی میں بس پانی پینے آئی تھی۔۔

اپنی بھابھی کو بولو میں انتظار کر رہا ہوں کمرے میں بھیجو اسے باتیں ختم ہو گئی ہوں تو اور یہ کہہ کر وہ چلا گیا۔۔۔

چلو جاؤ زویا اب آپ کو خود ہی کچھ کرنا ہو گا مجھے ڈر لگ رہا ہے ماہ ارے زویا وہ کھا تو نہیں جائے گا چلیں اٹھے ورنہ وہ اٹھا کر لے جائیں گے۔۔

ٹھیک ہے میں جاتی ہوں میرے لیے دعا کرنا زویا کمرے میں آئی تو ذین کو بیڈ پر لیٹے دیکھا۔۔

آیئے آیئے بیگم فرصت مل گئی آنے کی وہ تو زین کا نارمل انداز دیکھ رہی تھی۔۔

یہاں آؤ۔۔
میں نے کہا یہاں آؤ۔۔

وہ اسے وہاں کھڑا کر دھاڑا تھا۔۔

وہ آہستہ آہستہ قدم اٹھاتی اس کے پاس گئی تو ذین نے بازو سے کھینچ کر اپنے اوپر گرایا کیا کہہ رہی تھی میں گھٹیا ہوں ہوس کا پجاری ہوں جو احمد سے تم کو چھین لیا۔۔

مم۔۔۔۔میں ایسے ہی کہہ دیا وہ ڈرتے ہوئے بولی۔۔

تمہیں پتہ ہے لٹل فیری میں تم سے کتنا پیار کرتا ہوں لیکن ان باتوں کی وجہ سے تم نے مجھے بہت ہرٹ کیا ہے ایک دفعہ میرا دل کیا کہ میں تم پر اپنا حق جماؤں تم کو بتاؤں کہ تم پر میرا حق ہے۔۔

لیکن میں تم سے محبت کرتا ہوں اسی لیے عزت بھی کرتا ہوں کبھی تمہاری اجازت کے بغیر ہاتھ نہیں لگاؤں گا۔۔

تم مجھ سے محبت نہیں کرتی نہ کرو لیکن مجھے چھوڑ کر جانے کی بات آئندہ نہ کرنا ورنہ تم میرا وہ روپ دیکھو گی جو تم سہ نہیں پاؤ گی جب میں مر جاؤں نا بے شک پھر تم چلی جانا احمد کے پاس لیکن میرے جیتے جی ایسا کبھی نہیں ہو گا۔۔۔

ایک دفعہ تو زویا کا دل کیا اس کی محبت پر ایمان لے آئے لیکن آج اس کے پاپا کے ساتھ بدتمیزی اور احمد کا گولی مارنے کی وجہ سے ڈر گئی تھی اور نفرت ہوتی جا رہی تھی۔۔

مم مجھے نیند آئی ہے ذین۔۔

نیند آئی ہے میرے پاس نیند بھگانے کا طریقہ ہے وہ کہہ کر جھکنے ہی والا تھا کہ زویا جلدی سے اٹھنا چاہا زین کے ایک جھٹکے سے اس کی کمر میں ہاتھ ڈالا اور خود کے قریب کیا چھوڑو مجھے سونا ہے زین نے اس کی سبز آنکھوں پر بوسہ دیا اور پھر اس کے لبوں پر لب رکھ دیا۔۔۔

وہ باقاعدہ خود کو چھڑوانے کی کوشش کر رہے تھی۔۔

مائے لٹل فیری تم کو پتہ ہے مجھ سے دور جانا تمہارے بس کی بات نہیں۔۔۔

وہ خمار آلود لہجے میں بولا۔۔

یہ کہتے ہوئے پھر سے لبوں پر جھکا تھا زویا نے تڑپ کر اس کی شرٹ کو مضبوطی سے پکڑا کیونکہ اس دفعہ اس میں جنون تھا تھوڑی دیر بعد رحم آتے اسے چھوڑا تھا اور اپنے ساتھ لٹا کر اس کے بالوں میں انگلیاں پھیرنے لگا۔۔

سو جاب لٹل فیری۔۔

کیا ہے یہ شخص۔شاید ہی میں اس کی محبت اور اس کی شدتوں کو سمجھ پاؤں گی۔۔پل میں تولہ پل میں ماشہ۔۔۔

ماہ آفس گئی تو کافی دیر ساحل کا انتظار کرتی رہی لیکن جب کافی دیر ہو گی ساحل نہیں ایا تو اس نے ساحل کو کال کی جو کہ کئی دفعہ کرنے کے باوجود بھی اس نے نہیں اٹھائی کیا پتہ اس کی طبیعت خراب ہو مجھے جانا چاہیے اس کے گھر لیکن اس کے گھر والوں نے مجھے پہچان لیا۔۔۔

نہیں نہیں انہوں ساحل کو بتا دیا تو نہیں نہیں کل تک کا انتظار کرتی ہوں کل میں خود ساحل کو کال کر کے بلاؤں گی اور پرپوز کروں گی سوچتے ہوئے اسے نہیں پتہ تھا کہ اس کا دل ٹوٹنے والا ہے۔۔۔۔

انمول نے آج خود میر کے پسند کا کھانا بنایا تھا جس کی خوشبو میر کو آفس سے اپنے گھر لے ائی تھی انمول نے کال کر کے بتایا تھا کہ آج آپ کی فیورٹ ڈش بنا رہی ہوں۔۔

جب میر نے بریانی کا ایک چمچ منہ میں ڈالا تو اس نے انمول کی طرف دیکھا۔۔

کیا ہوا۔۔اچھی نہیں بنی۔۔۔

واؤ پرنسز اتنا اچھا کھانا بنایا ہے کہاں سے سیکھا تم نے کھانا بنانا وہ خوش ہوتے ہوئے بولا۔۔

انمول نے شکر ادا کیا کہ اچھے بن گئے کیونکہ اسے خود بھی بریانی بہت پسند تھی تو اپنی ماما سے سیکھ لیے تھی۔۔

اس کا انعام تو بنتا ہے نا چلو آج میں اپنے پرنسز کو شاپنگ پر لے کر جاؤں گا چلو ریڈی ہو جو تو وہ خوش ہوتے ہوئے ریڈی ہونے چلی گئی۔۔۔

زویا ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑی اپنی بالوں پر برش کر رہی تھی اور ساتھ میں یہاں سے نکلنے کا سوچ رہے تھی اس کو پتہ نہیں چلا زین کب آیا۔۔

زویا۔۔۔

وہ پھر بھی نا بولی۔۔

زویا اس نے اسے جھنجورا۔۔

جی جی۔۔۔کیا ہوا۔۔

مجھ سے محبت کب کرو گی زین نے مایوس والے انداز سے کہا۔۔

یہ سوال سن کر تو زویا کو غصہ آیا ایک تو اس سے اس کی محبت چھین لی اور اب پوچھ رہا ہے کب پیار کرو گی۔۔

تمہیں کیا لگتا ہے میں تم سے پیار کروں گی نہیں تم مر بھی جاؤ تو میں تم سے کبھی پیار نہیں کروں گی۔۔

تو پھر دعا کرو کہ میں مر جاؤں زین زویا کی باتوں سے ہرٹ ہوا تھا لیکن وہ اس پر غصہ نہیں کرنا چاہتا تھا اسے لیے خاموشی سے چلا گیا۔۔

زویا کو دکھ ہوا تھا کی اس نے ایسے بات کیوں کی۔۔

میر میں تیار ہو چلے۔۔

او سوری پرنسس مجھے بہت ضروری کام آگیا ہے آئی ایم۔سوری لیکن پکا وعدہ کل لے کر جاؤں گا ناراض نہیں ہونا۔۔

میر کو کسی نے بتایا تھا کہ کنگ پھر سے لڑکیوں کو بیچ رہا ہے اور وہ ٹرک جس راستے سے گزرنا تھا میر کو پتہ چل گیا تھا اس لیے اس لڑکیوں کو بچانا تھا۔۔

کوئی بات نہیں میر۔۔آپ کام ختم کر کے پھر کل چلے گے۔۔

اوکے پرنسس میر انمول کے ماتھے پھر لب رکھ کر چلا جاتا ہے

بیٹا میں نے سوچا ہے اب تمہاری اور ہانیہ کی شادی جلدی سے کر دوں اج ساجدہ بیگم کی طبیعت اچانک سے خراب ہو گئی تھی جس کی وجہ سے ساحل انہیں ہاسپٹل لے آیا تھا اس کی وجہ سے ساحل یونیورسٹی اور جاب پر بھی نہیں جا سکا۔

ہم لیکن امی ہانیہ بھی راضی نہیں ہے میں اسے راضی کر لوں گی بیٹا جیسے آپ کی مرضی امی۔۔

لیکن ہانیہ کے ساتھ زبردستی کوئی نہیں کرے گا۔۔

زین باہر گیا تو اس نے سائیڈ ٹیبل پر موبائل دیکھا تو اس کی آنکھیں چمکی تھیں جلدی سے موبائل اٹھایا اس کا نصیب اچھا تھا کہ پاسورڈ نہیں لگا تھا احمد کا حال پوچھتی ہوں پورا نمبر ڈائل کرنے کے بعد اس نے کال کی احمد نے پہلے ہی بیڈ پر کال اٹھا لی۔۔

احمد احمد تم ٹھیک تو ہونا زویا یہ تم کس کے موبائل سے کال کی ہے وہ سب چھوڑو تم بتاؤ پاپا اور تم ٹھیک ہو نا۔۔

مجھے لے جاؤ یہاں سے احمد۔۔

میں بہت جلد تم کو لے جاؤں گا زویا بس تم اس انسان سے دور رہنا۔۔

کس سے بات ہو رہی ہو بیگم اس نے زین کی آواز سنی تو سانس لینا بھول گئی۔۔

اس نے مڑ کر دیکھا تو ذین کے چہرے پر سنجیدگی دیکھ کر سمجھ گئی وہ سب کچھ سن چکا ہے۔

ممم۔میں۔۔

ہیلو ہیلو احمد کی آواز باہر تک آ رہی تھی اوہ تو اپنے یار سے بات کر رہی ہوں زین کی آنکھیں لال انگارا ہوئی تھی۔۔

زین نے زویا کے ہاتھ سے موبائل چھینا اور پوری قوت سے دیوار سے مارا تو زین کو دیکھ کر ڈر رہی تھی۔۔

بہت شوق ہے تمہیں نہ محرم کے پاس جانے کا شوہر کے ہوتے ہوئے شاید میں نے اپنے حقوق پورے نہیں کی اس لیے تمہیں شوق ہو رہا ہے تو چلو آج رات تیار رہنا تو تمہارے حقوق بھی پورے کر دوں گا۔۔

اس نے غصے سے کہا۔۔

زین پلیز غلطی ہو گئی۔۔

تم نے مجھے بہت ایزی لیا ہے زویا تم اس قابل نہیں کہ میں تم سے محبت کروں یہ سن کر زویا کو نہ جانے کیوں برا لگا تھا۔۔

پلیز زین آئندہ نہیں کروں گی وہ روتے ہوئے کہنے لگی۔۔

چپ بلکل چپ۔۔

ایک آنسو بھی باہر گرا تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا۔۔۔

آج سے تم میرا ہر کام کرو ہر کام کا مطلب ہر کام یہ تمہاری سزا ہے۔۔

لیکن میں آج تک کوئی کام نہیں کیا ہے۔۔

لیکن اب تم کرو گی آئی سمجھ یا سمجھاؤں اس نے غصے سے کہا۔۔

جی جی آگئی سمجھ اور پھر آج رات کے لئے تیار رہنا تمہارے حقوق میں دوں گا تاکہ نہ محرم کا خیال نا آ سکے تمہارے دل میں اور دماغ میں۔۔

یہ کہہ کر وہ چلا گیا

میر نے زین کے ساتھ مل کر کنگ کے سارے ٹرک تباہ کر دیے تھے اور لڑکیوں کو بھی بچا لیا تھا اس نے پھر سے کنگ کا کروڑوں کا نقصان کیا تھا۔۔

پوری قوت سے اس نے شیشے کا گلاس اٹھا کر دیوار سے مارا تھا جب اسے پتہ چلنا کہ بیسٹ نے پھر سے اس کا نقصان کروایا ہے نہیں چھوڑوں گا تمہیں نہیں چھوڑوں گا ایک دفعہ پتہ چل جائے تم کون ہو کہاں سے آتے ہو۔۔

تم لوگ کیا میرا منہ دیکھ رہے ہو جاؤ کسی لڑکی کا انتظام کرو جب تک میری بیوٹی میرے پاس نہیں اتی ان سے ہی گزارا کرنے پڑے گا۔۔

اوکے کنگ۔۔

بیسٹ تم کو نہیں چھوڑوں گا نہ ہی اس میر سلطان شاہ کو۔۔

دلاور بیگ عرف کنگ نام ہے میرا۔۔

ہاہا ہاہا ہاہا ہاہا ہاہا۔۔۔

پلیز تم لوگ چھوڑو مجھے پلیز انکل مجھے چھوڑ دیں آپ کے بھی تو کوئی بیٹی ہو گی نا۔۔

بکواس بند کرو میری بیٹی ہے لیکن اسے میں کچھ نہیں ہونے دوں اس ذین شاہ سے بھی چھڑوا کر ہی رہوں گا۔

اس نے غصے سے کہا۔۔

✿✿✿✿✿✿

ماہ نے ساحل کو کال کی کہ تو ساحل نے اٹھا ہی لیا ساحل مجھے تم سے ملنا ہے کیوں خیریت ماہ آپ کیوں ملنا چاہتی ہیں۔

کیا ساحل اب میں تم سے کہیں مل بھی نہیں سکتی

نہیں نہیں ایسی بات نہیں ہے او شرمندہ ہوتے ہوئے بولا

چلو ٹھیک ہے پھر تم کل دن دو بجے ریسٹورنٹ میں ملنا میں تم کو ایڈریس سینڈ کر دیتی ہوں

اوکے ٹھیک ہے۔۔

ماہ نے خوش ہوتے ہیں کال بند کر دی۔۔

میر آج چلیں نا شاپنگ پر چلتے ہیں انمول نے لاڈ سے کہا اوکے پرنسز تھوڑا سا کام رہ گیا ہے وہ کر کے چلتے ہیں۔۔

نہیں نہیں میر آپ نے کل بھی وعدہ کیا تھا اب ابھی اٹھے اور میرے ساتھ چلیں ورنہ میں ناراض ہو جاؤں گی اور آپ سے کبھی بات نہیں کروں گی آپ کو چھوڑ کر چلی جاؤں گی۔۔۔

اس کی بات مکمل نہیں ہوئی تھی ابھی کہ میر نے انمول کے بالوں کو دبوچ کر اپنے پاس کیا.

کیا کہا پرنسس تم مجھے چھوڑ کر جاؤ گی تم ابھی مجھے جانتی نہیں ہو پرنسز اگر ائندہ مجھے چھوڑ جانے کی بات کی تو تم میرا وہ روپ دیکھو گی کہ روح کانپ جائے گی۔۔

ہوتی کون ہو مجھ سے بات نہ کرنے والی۔۔

میر میر میں مذاق کر رہی تھی میں بھلا کیوں آپ سے بات نہیں کروں گی چھوڑیں مجھے درد ہو رہا ہے میر نے آہستہ سے اس کے بالوں کو چھوڑا اور اس کے ماتھے پر لمس چھوڑا جاؤ تیار ہو جاؤ چلتے ہیں پھر۔۔۔

او اوکے وہ جلدی سے بھاگ کر واش روم میں بند میر کو ذرا اچھا نہیں لگا تھا کہ اس کی پرنسز اس سے خوفزدہ ہو گئی تھی لیکن وہ بھی کیا کرتا ہوا اس کے دور ہونے کی بات پر ہی اپنا ضبط کھو بیٹھا تھا ابھی وہ سوچ ہی رہا تھا کہ انمول کی آواز سے ہوش میں آیا میں ریڈی ہو گئی ہوں۔۔

اوکے چلو۔۔

ماہا نے پورے ریسٹورنٹ کو سرخ گلاب اور غباروں سے سجایا ہوا تھا اب وہ بے چینی سے ساحل کا انتظار کر رہی تھی وہ ادھر ادھر دیکھ رہی تھی کہ اسے دروازے کے پاس ساحل اندر آتا ہوا دکھائی دیا۔

خوش ہو کر اس کے پاس گئی ساحل تو پورے ریسٹورنٹ کو سجا ہوا دیکھ کر اسے کچھ غلط ہونے کا احساس ہوا۔۔

ہیلو ساحل کیسے ہو میں ٹھیک ہوں ماہ مگر یہ سب۔۔

آؤ تو سہی بتاتی ہوں وہ اسے لے کر ٹیبل پر چلی گئی جو خاص کر پھولوں سے سجایا ہوا تھا بیٹھو۔۔

اور چیک کر بولی تو ساحل بھی بیٹھ گیا اب بتاؤ یہ سب کیا ہے ماہ وہ اب سنجیدگی سے پوچھنے لگا۔۔

میر جو انمول کو شاپنگ کروا رہا تھا انمول کو اپنے اوپر کسی کی نظریں محسوس ہوئی جیسے اس کا کوئی پیچھا کر رہا ہے لیکن میر کے ساتھ ہونے پر اسے خطرہ محسوس نہیں ہوا۔

لیکن میر کو محسوس ہو گیا تھا کہ کوئی ان کا پیچھا کر رہا ہے وہ جو ایک شاپنگ مال کے بیس میں ہروین کی ڈیل کرنے آئے تھے کنگ کے لوگ انہوں نے وہاں انمول کو دیکھا تو جلدی سے کنگ کو کال کیا۔

کنگ ہم نے اس لڑکی کو دیکھا ہے اگے کیا حکم ہے اس کے خاص ادمی نے پوچھا پوچھ کیا رہے ہو مار دو اس لڑکے کو اور لڑکی کو لے آؤ۔۔

اوکے باس۔۔

اہہہہہ۔۔۔۔میری بیوٹی میرے پاس کب آئے گی دیکھو تمہارے بنا اب اپنے اپ کو ادھورا محسوس کرتا ہوں۔۔

ساحل مجھے نہیں پتہ کیسے کب لیکن میں تم کو پسند کرنے لگی ہوں پہلی ہی نظر میں تم مجھے پسند آگئے تھے وہ اس کے سامنے گھٹنوں کے بل بیٹھی اور اور بولی کیا تم مجھ سے شادی کرو گے۔۔

ساحل تو اپنے دوست کے منہ سے یہ سب سن کر شاک میں چلا گیا اس نے تو کبھی ماہ کو اس نظر سے نہیں دیکھا تھا پھر کیوں یہ سب۔۔

دیکھیں ماہا یہ سب غلط ہے۔

کیوں غلط ہے میں تم کو پسند کرتی ہوں اور پرپوز کیا ہے تم سے شادی کرنا چاہتی ہوں اور یہ غلط کیوں ہے۔۔

ماہ میری منگنی بچپن سے ہی میری کزن ہانیہ سے ہو گئی ہے اور میں اس سے محبت کرتا ہوں میں اسی سے شادی کرنا چاہتا ہوں۔۔

پلیز اپ یہ سب مت سوچیں۔۔

لیکن ساحل میں تم کو چاہتی ہوں جنون کی حد تک تم سے پیار کرتی ہوں۔۔

لیکن میں آپ کو پسند نہیں کرتا میں صرف اپ کو اپنا دوست سمجھتا ہوں میری امی کی بھی یہی خواہش ہے کہ ہانیہ سے ہی میری شادی ہو۔۔

لیکن ساحل۔۔

بس ماہا میں نے ہمیشہ اپ کو اچھا دوست مانا ہے لیکن آپ غلط راستے پر چل پڑی ہے۔۔

ماہ کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے تھے دیکھیں ماہ میرا ارادہ اپ کو ہرٹ کرنے کا نہیں تھا اپ بہت اچھی ہیں لیکن میں اپ کے قابل نہیں ہوں اور اپ کو کوئی اور بہتر مل جائے گا

۔۔

وہ اٹھ کر باہر جانے لگا تو اس نے ساحل کا ہاتھ پکڑا۔۔

کیا تم واقعی اپنی کزن کو پسند کرتے ہو۔۔

میں پسند نہیں محبت کرتا ہوں اور میں اس سے شادی کروں گا۔۔

میں بھی تم سے محبت کرتی ہوں میں کیسے تمہارے بغیر رہوں گی۔۔

میں نے تو نہیں کہا تھا کہ مجھ سے محبت کریں ساحل نے کہا۔۔

وہ تو آج خود غرض ساحل سے مل رہی تھی۔۔

تم پلیز ہانیہ سے شادی نہ کرو میں تم سے ہانیہ سے بھی زیادہ محبت دوں گی مجھ سے زیادہ کوئی تم سے پیار نہیں کر سکتا پلیز ساحل مجھ سے شادی کر لو۔۔۔

وہ آج گڑگڑا رہی تھی جس کی ہر۔خواہش اس کے بھائیوں نے پوری کی تھی۔۔

وہ جو کبھی کسی کے سامنے نہیں جھکی تھی لوگوں کو اپنے آگے جھکاتی تھی آج اپنی محبت کے اگے جھک گئی تھی۔۔۔

پلیز ماہ آج کے بعد اپ مجھ سے نہ ملیں تو اچھا ہوگا اور اب میں جلد ہی ہانیہ سے شادی کروں گا ساحل ہانیہ تم کو دھوکہ دے رہی ہے وہ کسی اور کو پسند کرتی ہیں ہاں ہاں میں نے دیکھا وہ ہماری کلاس کا علی ہے نا اس کے ساتھ ایک ریسٹورنٹ میں دیکھا اس نے روتے ہوئے کہا۔۔۔

یہ کیا کہہ رہی ہیں اپ اپنی محبت حاصل کرنے کے لیے آپ اس پر الزام لگا رہے ہیں لیکن میں آپ کے کسی بات پر بھروسہ نہیں کروں گا میں جا رہا ہوں اپنا ہاتھ چھڑوا کر وہ تو چلا گیا۔۔

لیکن ماہ شاہ کو مار گیا تھا ماہ شاہ نے اپنا دل نکال کر اس کے پیروں میں رکھا تھا اور وہ بے حس خود غرض انسان اسے روندھ گیا تھا وہ چیختے ہوئے سارا غصہ اب سجاوٹ پر نکال رہی تھی۔۔

روتے ہوئے وہ ہوٹل سے نکلی اور گھر کی طرف گئی..

وہ جو مسلسل انمول کو پکڑنے اور میر کو مارنے کی کوشش کر رہا تھا وہ ابھی بندوق چلاتا کہ پیچھے سے کسی نے اس کی ناک پر رومال رکھا تھا اور وہ سیکنڈ میں بے ہوش ہوا تھا۔۔

میر نے زین کو فون کر دیا تھا کہ کوئی ان کا پیچھا کر رہا ہے تو انمول کے سامنے کچھ نہیں کر سکتا تھا اس لیے زین نے آ کر سنبھال لیا تھا۔۔

وہ شاپنگ کر کے گھر آئے زین زویا اور انمول میر سب لاونج میں بیٹھے باتیں کر رہے تھے انمول زویا کو اپنی شاپنگ دکھا رہی تھی کہ ماہ روتے ہوئے اندر داخل ہوئی اور کسی کو دیکھے بغیر کمرے میں چلی گئی سب پریشانی سے اس کے پیچھے گے۔

میر تو اپنی بہن کو اس حالت میں دیکھ کر پاگل ہو رہا تھا۔۔

ماہ ماہا کیا ہوا ہے دروازہ کھولو لیکن اس نے دروازہ نہیں کھولا تو مجبورا میر کو دروازہ توڑنا پڑا۔

اور اندر گیا تو ماہ زمین پر بیٹھ کر پھوٹ پھوٹ کر روتے ہوے دیکھا۔

ماہا ماہا کیا ہوا ہے میری جان ماہ کو اپنے سینے سے لگائے ہوئے بولا زین اور انمول زویا سب اسے پریشانی سے دیکھ رہے تھے۔۔

میر بھیا یہ عشق کتنی جان لیوا چیز ہوتی ہے مجھے ایسا لگ رہا ہے اگر وہ مجھے نہ ملا تو میں مر جاؤں گی۔

میر بھیا زین بھیا مجھے وہ لا دے مجھے ساحل چاہیے وہ اس کے سینے سے لگی روتے ہوئے بولی۔۔

میر نے اپنی آنکھیں بند کی ماہا میں نے کہا تھا اس لڑکے کی وجہ سے تمہاری انکھوں میں انسو ائے تو اسے میں اپنے ہاتھوں سے ماروں گا۔۔

زین نے زویا کی طرف دیکھ کر کہا یہ ایک طرفہ عشق بہت بری چیز ہوتی ہے برباد کر کے رکھ دیتی ہے زویا نے اپنی آنکھیں چرائی لیکن بولی کچھ نہیں۔۔

ماہ چپ کر جاؤ ورنہ ابھی اسے اٹھا کر لے آؤں گا تمہارے قدموں میں رکھ دوں گا۔۔

نہیں بھائی اس نے اپنے آنسو پوچھتے ہوئے بولا۔۔

اب جتنا رونا تھا رو لیا اس نے ماہا کو مارا ہے اور ماہا شاہ کو زندہ کیا ہے جو اپنی چیز کو حاصل کرنے کے لیے کوئی بھی حد پار کر سکتی ہے۔۔اب دیکھتے جائے میں کیا کرتی ہو۔۔

ساحل گھر آیا تو بہت پریشان تھا اسے ماہا سے یہ سب امید نہیں تھی اب اسے جلد سے جلد ہانی سے شادی کرنی تھی تاکہ ماہ کی غلط فہمی دور ہو سکے وہ اپنی امی کے کمرے میں گیا تو وہ نماز پڑھ رہی تھی۔۔

امی مجھے اپ سے ایک ضروری بات کرنی ہے۔۔

کیا ہوا بیٹا سب ٹھیک ہیں نا۔۔

تو ساحل نے اپنی امی کو ماہا کی پوری کہانی بتا دی بیٹا اپ کو ایسے نہیں کرنا چاہیے تھا اسے ارام سے سمجھانا چاہیے تھا لیکن امی میں نے کبھی اسے اس نظر سے نہیں دیکھا۔

لیکن بیٹا یہ تو دلوں کی بات ہوتی ہے امی آپ اب جلدی سے ہانیہ سے شادی کی بات کریں --

ٹھیک ہے بیٹا پریشان نہ ہو میں آج ہی کرتی ہوں بات۔

ابھی کھانا لگا دے بہت بھوک لگی ہے۔

تم فریش ہو جاؤ میں کھانا لگاتی ہوں۔۔
ماہ کو بڑی مشکل سے کھانا کھلا کر اور دوا کھلا کر سلایا تھا سب ماہ کی وجہ سے بہت پریشان تھے اسی لیے میر و زین کے ذہن سے اس ادمی کا خیال نکل گیا تھا۔۔

ساجدہ بیگم نے ہانیہ سے بات کر لی تھی وہ مان ہی نہیں رہی تھی لیکن ساجدہ بیگم نے حالات کو مدنظر رکھ کر اسے منا لیا اور ہانیہ مان تو گئ تھی لیکن اس نے سوچ لیا تھا کہ وہ شادی ساحل سے نہیں علی سے کرے گی گھر سے بھاگ جائے گی۔۔

صبح زین اٹھا تو زویا کو سوتے ہوئے پایا اس کے معصوم سے چہرے کو دیکھ رہا تھا..

زویا زویا اٹھو..

کیا مصیبت ہے سونے دو..

زویا تم اٹھتے ہو یا میں اپنے طریقے سے اٹھاؤں تو زویا جلدی سے اٹھ گئی اس کا طریقہ سہ نہیں پاتی تھی--

جلدی سے شرٹ پریس کرو مجھے جانا ہے دیر ہو رہی ہے اس نے بیزار سی شکل بنا کر کہا کون سی شرٹ پریس کرنی ہے--

تو زین نے جان بوجھ کر سارے کپڑوں کے الماری حراب کر دی اور سارے کپڑے باہر پھینک دیے سارے کمرے میں پھیلا دیا اور پھر اس میں سے ایک شرٹ ڈھونڈ کر اس نے زویا کو دی۔۔

اس نے شرٹ پہنی تو کہا کہ لٹل فیری یا سوٹ نہیں کر رہی تم دوسری پریس کر دو تو زویا پہلے ہی کمرہ دیکھ کر چکرا گئی تھی اور اب اسے تنگ کر رہا تھا۔۔

اس نے اسے تنگ کرنے کا ایک بھی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیا زویا رونے والی ہو گئی۔

تو زین نے تنگ کرنے کا ارادہ چینج کر کے وہ کمرے سے چلا گیا ٹھیک ٹھاک سے تیار ہو کر ایا تو ایک دفعہ تو زویا بھی اسے دیکھتی رہ گئی۔۔

زین نے اسے اپنی طرف دیکھتے پایا تو اس کے سامنے چٹکی بجائی۔۔

کیا اتنا ہینڈسم لگ رہا ہو کہ مجھے دیکھتی جا رہی ہو۔۔

نہیں میں نہیں دیکھ رہی آئے تم اتنے ہینڈسم بندر کہیں کی..

تم چونٹی کہیں کی میری چھوٹی سی چونٹی..

چلو میں ایک گھنٹے تک آؤں گا مجھے روم بالکل صاف چاہیے مجھے گندگی پسند نہیں اور سارے کپڑے لپیٹ کر رکھنے ہیں۔

مجھ سے نہیں ہوگا یہ سب میں نہیں کروں گی اس نے بہادری سے کہا۔۔

اگر نہیں کیا تو سزا ملے گی لٹل فیری سوچ لو۔۔

کر رہی ہوں اس نے بگڑتے ہوئے تاثرات سے بولی۔

اور الماری کے پاس آئی وہ چلا گیا تو پیچھے سے رونے والی ہو گئی تھی اتنا کام کون کرواتا ہے وہ وہاں ہی روتے روتے سو گئی اسے پہلے ہی نیند آئی ہوئی تھی۔۔

وہ جیسے ہی کمرے میں آیا تو پورا کمرہ ویسے کا ویسا ہی تھا اس نے ادھر ادھر زویا کو ڈھونڈنے کی کوشش کی تو اسے کپڑوں کے ڈھیر میں سوتے ہوئے پایا چلتا ہوا اس کے پاس گیا سوتے ہوئے وہ بہت معصوم لگ رہے تھی۔۔

وہ اسے باہوں میں اٹھاتا بیڈ تک لایا اور باہر سے ملازمہ کو بلایا اور کہا کہ پورا کمرہ صاف کر دے ملازمہ کمرہ صاف کر کے چلی گئی تو زین زویا کے پاس آیا تو نہ چاہتے ہوئے بھی اس کے لبوں پر جھک گیا اور اپنے اپ کو سیراب کرنے لگا۔۔

زویا کو اپنا سانس بند ہوتا ہوا محسوس ہوا تو وہ ہر بڑا کر اٹھ گئی ذرا سا کام کہہ دیا تھا تو تمہیں پھر سے نیند آگئی یہ چھوٹی سی سزا تھی جانم وہ جلدی سے بھاگ واش روم میں بند ہوئی تھی۔۔

تھوڑی دیر بعد تیار ہو کر باہر آئی تو زین نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا کیا کیا کر رہے ہیں یہ اس نے معصومیت سے کہا۔۔

ہائے یہ معصومیت میری کسی دن جان لے لے گی میری زین نے گھمبیر لہجے میں کہا۔۔

زویا اس کے انداز سے سٹپٹای تھی اور زین کو دیکھا تھا جو بہت خوبصورت لگ رہا تھا۔۔

کی۔۔۔کیا بولے جا رہے ہو۔۔

کچھ نہیں چلو نیچے تمہیں بتاتا ہوں ناشتہ کرتے ہیں تو وہ شرافت سے بات مان گئی اور نیچے جانے لگی۔۔

ہائے تمہارے جیسی بیوی تو خوش نصیبوں کو ملتی ہے جانا۔۔

ہم اس لیے احمد سے اس کا اچھا نصیب چھین لیا احمد کا نام سنتے ہی زین کے لب سکڑے تھے آنکھوں میں ناگواریائی تھی وہ اسے لے کر ناشتہ کرنے چلا گیا۔۔

✿✿✿✿✿✿

میر اور انمول بھی اٹھ کر آگئے تھے لیکن ماہ نہیں آئی تھی میر ماہ کیسی ہے وہ کیوں نہیں آئی وہ ٹھیک ہو جائے گی انمول تم پریشان نہ ہو یک طرف محبت میں دل تو ٹوٹتا ہے نا۔۔

اس واقعے کو مزید دو دن گزر گئے تھے اور ماہ شاہ جلالی روپ میں واپس آئی تھی میر اور زین اس کے سامنے بیٹھے تھے کیا سوچا ہے ماہ تم نے۔۔

کچھ نہیں بھائی کیا سوچنا ہے آپ جانتے ہیں کہ میں اپنی چیز کو کسی کو نہیں دیتی وہ تو پھر میری محبت ہے ماہ وہ کوئی چیز نہیں انسان ہے اسے لیے محبت کی ہے۔ابھی تک صبر کیا ہے۔

ورنہ جو چیز مجھے نہیں ملتی اسی وقت توڑ دیتی ہوں میں نے سنا ہے اس کی شادی ہونے والی ہے۔۔

ہاں بھائی اس کی شادی ہو گی اور کل ہی ہو گی لیکن ہانیا سے نہیں مجھ سے۔۔

مطلب۔۔

بھائی آپ کو سب سمجھ آ جائے گا تو اٹھ کر چلی گئی۔۔

میر تم نے اس آدمی کا کچھ کیا کیوں نہیں

اووو شٹ تم نے یاد ہی نہیں کروایا کچھ بتایا اس نے کس نے بھیجا تھا۔

کنگ نے بھیجا تھا انمول کو دوبارہ سے اغواہ کروانے کے لیے۔۔

کس آدمی کی بات کر رہے ہیں اپ میر زویا اور انمول باتیں کرتے ہوئے وہاں ائی تھی اپنے اغوا اور کنگ کا نام سن کر ڈر گئی تھی۔۔

کچھ نہیں ہوا پرنسز میں ہوں نہ جب تک میں ہوں وہ کنگ تمیں کچھ نہیں کہہ سکتا۔۔

زین یہ کنگ کون ہے انمول کے پیچھے کیوں پڑا ہے پتہ نہیں زویا۔۔

زویا وہ کہتا ہے میں اس کی بیوٹی ہو مجھے اپنے پاس رکھ لے گا مجھے نہیں جانا اس کے پاس۔۔ وہ روتے ہوئے کہنے لگی۔۔

دیکھیں انمول کچھ نہیں ہو گا ہم سب تمہارے ساتھ ہیں۔۔

میر بھیا زین بھیا آپ لوگ میرے ساتھ آئیں وہ فل بلیک ڈریس پہنے ماسک لگائے ان دونوں کے سامنے کھڑی تھی۔۔

تم کہاں جا رہی ہو اور ہمیں کہاں جانا ہے--

اپنی محبت حاصل کرنے جانا ہے میر بھیا آپ چل رہے ہیں یا میں اکیلے چلی جاؤ--

اوکے اوکے چل رہے ہیں پتہ نہیں اب کیا کرنے جا رہے ہیں یہ لڑکی--

وہ جو ہانیہ اور ساحل شاپنگ کرنے نکلے تھے ساحل کو کبھی کبھی دکھ ہوتا تھا کہ اس کی ایک اچھے دوست دور ہو گئی ہے لیکن وہ بھی کیا کرتا بچپن سے ساحل نے ہانیہ کو ہی دل میں بسایا تھا--

وہ سمجھ رہا تھا کہ ماہ چپ کر کے پیچھے ہٹ گئی ہے اب وہ کبھی راستے میں نہیں آئے گی لیکن وہ یہ نہیں جانتا تھا کہ یہ موشی طوفان سے پہلے والی خاموشی ہے---

وہ شاپنگ کر کے ایک پارک میں آکر بیٹھے رات ہو گئی تھی وہاں اکا دکا ہی لوگ تھے ہانیہ تم خوش ہونا شادی سے وہ جو سوچ رہی تھی کہ شادی والے دن کیسے بھاگنا ہے لیکن علی اس کی کال ہی نہیں اٹھا رہا تھا وہ الگ سے پریشانی تھی اس نے بہت کوشش کی تھی کہ یہ شادی نہ ہو۔۔

ہانیہ کہاں گم ہو۔

ہاں نہیں کچھ نہیں ساحل میں خوش ہوں بس ویسے ہی سوچ رہی ہوں زندگی بدل جائے گی وہ ابھی باتیں کر رہے تھے کہ تین نقاب پوش اس کے سامنے آکر کھڑے ہو گئے ساحل کو یاد آیا کہ یہ وہی نقاب پوش ہیں جنہوں نے اس دن مناہل کو مارا تھا اور اسے بچانے آئے تھے۔۔

ہانیہ تو ڈر کے مارے ساحل کے پیچھے چھپ گئی تھی۔۔

کون ہو تم لوگ۔۔

ماہ تو ہانیہ کا ہاتھ ساحل کے ہاتھ میں دیکھ کر غصہ ہو رہے تھی اس کا بس نہیں چل رہا تھا کہ ہانیہ کا ہاتھ ہی کاٹ دے۔۔

ماہ نے اپنا نقاب اتارا تو ساحل ماہ کو دیکھ کر حیران رہ گیا تھا اس روپ میں۔۔

ماہ آپ۔۔

ہاں میں تمہیں کیا لگا تم نے مجھے شادی سے منع کر دیا تو میں منع ہو گئی ہوں

یہ تمہاری بھول ہے ساحل کہ میں اپنی پسندیدہ چیز کو کبھی دوسروں کے لیے چھوڑ دیتی ہو ۔۔

ماحیر شاہ نام ہے میرا لوگ پیار سے ماہ شاہ کہتے ہے

میں اپنی چیزوں پھر کسی کی شراکت برداشت نہی کرتی جو چیز میری ہے وہ صرف اور صرف میری ہے

تم تو پھر میری محبت ،عشق،جنوں سب ہو

اب تک میں چار قتل کر چکی ہو
آخری قتل اس ہانیہ کا ہو گا میرے ہاتھوں

میں حسین ہونے کے ساتھ ساتھ dengrious بھی ہو

چھوڑوں ہانیہ میرے ساحل کا ہاتھ ہانیہ ہاتھ چھوڑو ماہا نے چلا کر کہا۔۔

میر اور زین تو ماہا کو دیکھ رہے تھے کہ آج ان کی بہن کیا کرتی ہے۔۔

نہیں میں آپ سے شادی نہیں کروں گا میں ہانیہ سے ہی شادی کروں گا۔۔

تم وہی ہو نا جو اس دن ساحل کو ہمارے گھر لے کر آئی تھی جب وہ بے ہوش ہو گیا تھا ایکسیڈنٹ کی وجہ سے۔۔

ساحل حیران ہو رہا تھا کہ اس دن اس کا مطلب ماہ کسی فورس کا حصہ ہے اس دن اس نے منال کو مارا تھا اس کا مطلب ماہ اپ نے منال کو مارا تھا۔۔

ہاں ہاں میں نے مارا تھا کیونکہ وہ تمہیں مجھ سے چھیننا چاہتی تھی اور جو کوئی ہمارے بھی جائے گا اس سے مرنا ہو گا۔۔

ماہا نے گولی چلائی اور سیدھا ہانیہ کے بازو پر لگی وہ درد سے کراہ کر نیچے گری۔۔

ساحل جلدی سے ہانیہ کی طرف جانے لگا تو ماہ نے روک دیا ساحل دور رہو اس سے ورنہ ساری کی ساری گولیاں اسے مار دوں گی۔۔

نظریں ہٹاؤ اس سے۔

اس ٹائم زین اور میر کو تو وہ ان سے بھی زیادہ جنونی لگی تھی ان کو یک تک ہانیہ کے بازو سے نکلتا ہوا دیکھ خون دیکھ رہا تھا ہانیہ وہ بیچاری درد سے بے ہوش ہو گئی تھی۔۔

تم کو میری محبت کو دھتکارنا نہیں چاہیے تھا ساحل مرزا.

ساتھ ساتھ اپنا خون سے بھرا ہاتھ اس کے منہ پر ٹریس کر رہی تھی تمہیں ماہ شاہ کی محبت کو ٹھکرانا نہیں چاہیے تھا ساحل مرزا۔۔

تم ابھی جانتے نہیں ہو مجھے اپنی چیز کو حاصل کرنے کے لیے کوئی بھی حد پار کر سکتی ہو۔۔

میر بھیا اس نے میر کو اشارہ کیا تو میر آگے بڑھا اور ساحل کے گردن پر کچھ چھبا جس کی وجہ سے وہ میر کی باہوں میں جھول گیا۔۔

اف ماہا یار کیا ظلم کر رہی ہو دو پیار کرنے والے کو الگ کر کے۔۔

نہیں زین ہانیہ اسے دھوکہ دے رہی ہے وہ شادی نہیں کرنا چاہتی اور میں ساحل کو اس دھوکے باز کے ساتھ کبھی شادی نہیں کرنے دو گی۔۔

میر بھیا اسے اٹھائیں اور گاڑی میں ڈالیں زین بھیا آپ ہانیہ کو اٹھائیں اور گھر لے چلے۔۔

انہوں نے دونوں کو اٹھایا اور گاڑی میں ڈالا اور گھر چلے گئے۔۔

اس ٹائم انمول اور زویا سوئی ہوئی تھی میر بھیا آپ ساحل کو میرے ساتھ والے کمرے میں لے جائیں ہیوی ڈوز کا انفیکشن تھا صبح تک ہوش میں نہیں ائے گا اور اس ہانیہ کو بیسمنٹ میں لے جائیں گے اسی قابل ہیں وہاں اس کی مرہم پٹی کر دیجیے گا صبح میری شادی ہے میں نے تیاری بھی کرنی ہے وہ ان دونوں کو کہتے ہوئے اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔

دیکھ لیا میر اپنی بہن کے کام کیسے حکم دے رہی ہے جیسے وہ ہم سے بڑی ہو ایک 50 کلو کی بھینس کو مجھے پکڑا دیا ہے تو چلو لے جاؤ بیسمنٹ میں ادمی کو کہتا ہوں کہ اس کا ٹریٹمنٹ کر دے۔۔

وہ دونوں بھی اپنے اپنے کمرے میں چلے گئے صبح ہوئی تو معمول سے زیادہ ہلچل تھی۔۔

میر صبح صبح کیا ہو رہا ہے۔۔

زویا بھی ذہن کا ساتھ نیچے آگئی آج ماہ کی شادی ہے۔

کیا ماہ کی شادی لیکن کس کے ساتھ آپ نے ہمیں بتایا ہے نہیں۔۔

ششششش۔۔پرنس ابھی پتہ چل جائے گا ابھی وہ باتیں کر رہے تھے کہ اوپر کمرے سے کسی کی آوازیں آنے لگی۔۔

ساحل کو ابھی ہوش آیا تھا تو وہ سوچنے لگا کہ وہ کہاں ہے لیکن رات کا ایک ایک منظر اسے یاد آیا تو اٹھ کر دروازے کی طرف بھاگا لیکن دروازہ بند تھا اسے پریشانی تھی کہ اس کی امی کیسی ہوں گی ہانیہ کیسی ہوگی۔۔

وہ دیکھو جی ماہ کا دولہا اوپر ہے۔

رکو میں لے کر آتا ہوں اس نے ایک گارڈ کو حکم دیا کہ ہانیہ کو لے کر آئے۔۔

آیئے آیئے سالے صاحب۔!

چھوڑو مجھے کون ہو تم لوگ ہم تمہارے ہونے والی بیوی کے بھائی۔۔

زویا اور انمول اس معصوم لڑکے کو دیکھ رہے تھے تو کیا ماہ اس کو پسند کرتی تھی زویا نے انمول کے کان میں کہا ہاں شاید اب یہ دونوں اس کی زبردستی شادی کروانے گئے مجھے لگتا ہے۔۔

زویا اور انمول باتیں کر رہی تھی کہ ہانیہ چلتی ہوئی آئی۔۔

وہ ہانیہ کی طرف بھاگنے لگا کہ ایک اور گولی چلی تھی زویا اور انمول تو ڈر گئی تھی انہوں نے سیڑھیوں کی طرف دیکھا جہاں سے ماہا چلتی ہوئی ارہی تھی ہاتھ میں پسٹل پکڑے۔

او ماہا کو اس روپ میں دیکھ کر انمول اور زویا کو شاک لگا۔۔

رکو ساحل خانیہ کے پاس مت جاؤ کل اس سے نہیں مارا تھا آج مار دوں گی۔۔

یہ کیا پاگل پن ہے ماہ کیوں ایسا کر رہی ہیں آپ میں ہانیہ سے پیار کرتا اس سے شادی کروں گا آپ میرا پیچھا چھوڑ دیں۔۔

وہ پھر سے ہانیہ کی طرف جانے لگا اور ہانیہ تو ماہ کو دیکھ رہی تھی اس کی دیوانگی کو ساحل کے لیے۔۔

وہ بھی ہاتھ پکڑتا کے میر نے اسے کھینچ کر صوفے پر بٹھا دیا اور اس اپنا ایک پاؤں اس کے سائیڈ صوفے پر رکھ کر اس کے قریب جھک گیا۔۔

ساحل تمہاری وجہ سے میری بہن بہت روئی ہے اب مزید میں اسے روتے ہوئے نہیں دے سکتا چپ کر کے نکاح کر لو وہ دیکھو تمہاری امی بھی آگئی اب تو تم کو کوئی اعتراض نہیں ہو گا نا۔۔

ساجدہ بیگم نے حیران و پریشان نظر ہے سب کو دیکھ رہی تھی ماہ ان کے پاس بھی اور کہا آنٹی میں ماہ شاہ ہوں یہ میرے بھائی ہیں میں ساحل کو پسند کرتی ہوں اور شادی کرنا چاہتی ہوں لیکن اپ کے بیٹے نے میری محبت کو ٹھکرا دیا ہے اور اب آپ کے بیٹے کا نکاح مجھ سے ہی ہو گا اور آج ہی۔۔

آپ کی رضا مندی ضروری ہے ماہ ان سے بہت احترام سے بات کر رہی تھی ساحل بھی کھڑا ہو گیا۔۔

ساحل نے اشاروں سے امی کو منع کرنا چاہا۔۔

ساجدہ بیگم تو بیٹے کی حالت دیکھتے ہوئے کچھ بول ہی نہیں سکی۔۔

انمول اور زویا تو چپ کر کے سارا تماشہ دیکھ رہی تھی انہیں بیچ میں بولنے کی اجازت نہیں تھی۔۔

ماہ ساحل کے پاس آئی کیا خیال ہے تمہارا۔

تمہاری سو کارڈ محبت کو قتل کر دوں یا نکاح کرو گے مجھ سے۔۔

ساحل نے ایک نظر ڈری سہمی ہانیہ کی طرف دیکھا اور بولا مجھے منظور ہے نکاح کرنا۔۔

ماہ تو اسی میں خوش ہو گئی اسے یقین تھا ساحل انکار نہیں کرے گا اسے یقین تھا کہ وہ اسے اپنے سے پیار کرنے پر مجبور کر دے گی۔۔

لو جی مولوی صاحب بھی آگئے۔۔

جاؤ انمول جاؤ کمرے میں سے پیارا سا دوپٹہ لے کر آؤ تو انمول جلدی سے گئی اور لال رنگ کا دوپٹہ لے آئی تو میر نے وہ ماہ کے سر پر دیا تو نکاح شروع ہوا۔۔

کیا آپ کو ساحل مرزا ولد سرمد مرزا کے ساتھ یہ نکاح قبول ہے۔

قبول ہے۔۔۔میں تم کو اپنی محبت کا احساس دلوا کر رہوں گی۔۔

قبول ہے۔۔۔میں تم سے آخری سانس تک محبت کروں گی۔۔۔

قبول ہے۔۔میں تم کو اپنے آپ سے محبت کرنے پر مجبور کر دوں گی

کیا اپ کو ماہ شاہ ولد عثمان شاہ کے ساتھ یہ نکاح قبول ہے۔۔

قبول ہے۔۔۔جس طرح میری محبت کو دور کیا ہے اسی طرح اپنی محبت سے دور رکھوں گا۔۔

قبول ہے۔۔۔میں آپ سے آخری سانس تک نفرت کروں گا

قبول ہے۔۔۔میں آپ کو اپنے اپ سے نفرت کرنے پر مجبور کر دوں گا آپ بچتائیں گی کہ آپ نے مجھ سے محبت کیوں کی۔۔

نکاح ہو چکا تھا ماہ کو تو یقین ہی نہیں آ رہا تھا کہ اسے اس کی محبت مل گئی ہے ہانیہ اور سجدہ بیگم بت بنے سب کو دیکھ رہی تھی ساحل لب بیچے اپنا غصہ ضبط کر رہا تھا۔۔

میر بھیا جلدی سے موبائل نکالیں اور میری اور ساحل کی تصویریں لیں جب ہمارے بچے ہوں گے میں بتا تو سکوں گی کی میں نے ان کے باپ کو حاصل کرنے کے لیے کیا کیا کچھ کیا تھا۔

اور کتنی مشکل سے ان کے باپ کو حاصل کیا تھا تو میر اور زین ہسنے لگے۔

تو ساحل نے غصے سے ماہ کو دیکھا کتنی بے شرم لڑکی تھی کہ اپنے ہی بچوں کا نام اپنے بھائیوں کے سامنے لے رہی تھی۔

ساحل تم مجھے ایسے کیوں دیکھ رہے ہوں وہ تمہارے بھی بچے ہوں گے تو ماہا بھی ہنسنے لگ گی۔۔

میر اور زین نے اپنی بہن کو ہنستے ہوئے دیکھا تو بہت خوش ہوئے اور پھر سب نے مل کر ساجدہ بیگم۔ہانیہ اور ساحل سب نے مل کر تصویریں بنائی۔

ماہ تو زبردستی ساحل کو کھینچ کھینچ کر تصویر بنوا رہی تھی جبکہ ساحل بس ساجدہ بیگم ہانیہ کو دیکھ رہا تھا اور اپنی قسمت کا کوس رہا تھا کہ کب اس کی ملاقات ماہ سے ہوئی۔

ماہ نے میر کے کان میں کچھ کہا تو پھر وہ اپنے کمرے میں چلی گئ

چلیں دولے راجہ آپ کی بیگم آپ کا کمرے میں انتظار کر رہی ہے میر نے کہا..

تو ساحل نے غصے سے میر کو دیکھا لیکن میر کو ذرا فرق نہیں پڑا اگر اس سے یہ پتہ چل جاتا کہ اس کے سامنے بیسٹ ہے تو کبھی نظر اٹھا کے دیکھتا بھی نہیں۔۔

چلیں دولہے صاحب۔۔

تو وہ غصے سے اٹھ کر چلا گیا ساحل کمرے میں داخل ہوا تو ماہ نے جلدی سے دروازہ بند کر دیا۔

اور جلدی سے ساحل کے گلے لگ گئی ساحل ساحل میں بہت خوش ہوں کہ تم مجھے مل گے ہو میں بتا نہیں سکتی۔۔

تو ساحل نے اسے دھکہ دے کر اپنے آپ سے الگ کیا تو ماہ نے اسے پیار بھری نظروں سے دیکھا۔۔

ساحل تم کیوں نہیں سمجھتے بس کریں اب دور ہیں مجھ سے زبردستی نکال کیا ہے اپ نے مجھ سے پچھتائیں گی آپ۔۔

وہ بعد میں دیکھا جائے گا ساحل لیکن ابھی مجھے تم مل گے ہو۔

وہ جلدی سے ساحل کے قریب ہوئی اور اس کے پاؤں کے اوپر پاؤں رکھ کر جلدی سے کھڑی ہو کر اس کے لبوں پر لب رکھ دیا۔۔

اور اس کے بالوں میں ہاتھ پھیرنے لگی ساحل کو اپنی اس بے باک بیوی کی حرکت پر دم ساد گیا تھا اسے ماہ سے اس حرکت کی امید نہیں تھی اس نے سہتی سے ماہ کو پیچھے کیا تو ماہ مسکرانے لگی۔

نکاح مبارک ہو میری جان۔

تو ساحل نے غصے سے دیکھ کر باہر نکل گیا کتنے کیوٹ ہو تم ساحل لیکن اب بس میرے ہو۔۔

ارے ساحل تم جا رہے ہو میر نے ساحل سے پوچھا جی جا رہا ہوں ابھی کچھ اور بھی باقی ہے۔

لیکن تمہاری بیوی تو ابھی اندر ہے۔

شادی ہو گئی اب تو اسے بھی لیتے جاؤ جاؤ زویا انمول ماہ کو لے کر آؤ۔

جی تو وہ دونوں اسے لینے چلی گئی ساحل او ساجدہ بیگم بس ماہ کا انتظار کرنے لگے۔۔

ماہا پیارا سا سوٹ پہن کر زویا انمول کے ساتھ آئی تو ہانیہ نے غصے سے دیکھا جس نے اسے گولی ماری تھی۔۔

اور ماہا نے بھی ہانیہ کی طرف دیکھا اور ایک آنکھ دبای جیسے کہ اب دشمنی سٹارٹ ہو گئی تھی ساحل نے بغور یہ ماہ کی حرکت دیکھی لیکن کچھ کہہ نہیں سکا چپ کر کے بیٹھا رہا۔۔

اوکے میرے بھیا میں چلتی ہوں وہ زین میر زویا انمول سے گلے لگ کر ملی۔۔

ماہ اپنا خیال رکھنا زویا اور انمول نے اسے کہا

آپ لوگ بھی اپنا خیال رکھنا۔۔

ساحل۔۔

ساحل نے میر کی طرف دیکھا میں یہ نہیں کہوں گا کہ تم ماہ کا خیال رکھنا میں یہ کہوں گا کہ تم اپنا خیال رکھنا میری افلاطون بہن تمہیں سیدھا کر دے گی اور اپنے سے محبت کروا دے گی۔۔

میر بھیا آپ بھی نہ تنگ کریں میرے ساحل کو ساحل نے نفرت سے ماہ کی طرف دیکھا۔

چلیں آئے امی چلو ہانیہ ساحل نے سجدہ بیگم اور ہانیہ سے کہا تو وہ دونوں چل پڑی پیچھے پیچھے ماہ بھی چلی گئی

چچا آپ آنٹی اور ہانیہ کو گھر چھوڑ آئیں ساحل میرے ساتھ میری گاڑی میں آئے گا

ساحل نے ماہ کو گھورا مگر ماہ ساحل کی گھوری خاطر میں نہیں لائی اور اسے زبردستی اپنے ساتھ گاڑی میں بٹھایا

دیکھ لوں گی تمہیں میں ہانیہ نے چڑ کر کہا۔۔

ہانیہ ایک طرف سے خوش بھی تھی کہ چلو شاید ٹل گئی اب وہ علی کے ساتھ شادی کر سکتی ہے لیکن اسے کہاں ہضم تھا کہ کوئی اسے چینلج کریں اس سے پہلے ساحل کی شادی ہو جائے وہ بھی اتنی امیر لڑکی سے۔۔

اس نے اپنی انا میں دشمنی پال لی تھی اب وہ ماہ سے اپنے اوپر گولی چلانے کا بھی تو بدلہ لینا تھا نا۔۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

ساحل گاڑی میں منہ پھلائے بیٹھا تھا لیکن ماہا کو اسے دیکھ کر ہنسی آرہی تھے لیکن وہ ضبط کر گئی

کیونکہ ساحل غصے میں تھا ماہا تیز ڈرائیو کر رہی تھی۔۔

ساحل تو کھا جانے والی نظروں سے ماہا کو دیکھ رہا تھا ماہا نے جان بوجھ کر بریک لگایا۔

جس سے ساحل کا توازن برقرار نہ رہا اور ماہ کے کندھے سے جا ٹکرایا کیا ہوا میری جان ایسے گھور گھور کر کیوں دیکھ رہے ہو۔

دیکھ رہا ہوں آپ بہت بدتمیز ہیں ماہا۔

ابھی میں نے بدتمیز کہ کہاں کی ہے ماہ نے ایک آنکھ دبا کر کہا۔

ساحل کو اپنی یہ بے باک بیوی اس وقت زہر لگی تھی۔

ماہ آپ کو شرم تو نہیں آتی کہ اپنی برات خود لے کر جارہی ہو

اگر میرا شوہر یہ کام نہیں کر رہا تھا تو مجھے خود ہی کرنا پڑنا تھا

ناجب میرا شوہر ہی نہیں مان رہا تھا تو مجھے ہی کرنا تھا نا

بہت ہی بے شرم ہے آپ

ہاہاہاہاہاہا جیسے بھی ہو مگر ساحل اب تمھاری ہو

میر ماہ وہاں خوش تو رہے گی نا ہاں میری جان مجھے یقین ہے ماہ پر او ساحل میں اتنی ہمت نہیں کہ وہ ہماری بہن اور کچھ کہہ سکے چلو تم لوگ جاؤ سو جاؤ مجھے اور زین کو کچھ کام ہے وہ کر کے اتے ہیں اوکے تو وہ دونوں بھی چلی گئی۔۔

چلو زین آج اس بندے کا کام ختم کرتے ہیں جس نے میری پرنسز کو مجھ سے دور کرنے کی کوشش کی ہاں میر میں نے اپنے خاص بندے کو کنگ کے پاس بھیجا ہے کچھ دن میں پتہ چل جائے گا یہ کنگ کون سی بلا ہے ٹھیک ہے چلو اب چلتے ہیں۔۔

زویا اور انمول دونوں ایک ہی کمرے میں بیٹھی باتیں کر رہی تھی یار انو مجھے تو یقین ہی نہیں آرہاہے کہ ماہ کسی سے اس حد تک پیار کر سکتی ہے۔

اہ یار زویا بہن بھی تو میر زین کی ہے نا اسے کی طرح جنونی ہو گی۔۔

ابھی وہ بیسمنٹ میں داخل ہوئے تھے کہ اس آدمی کی آوازیں آرہی تھی جو کہ یہاں پانچ دن سے قید تھا لیکن ابھی تک اسے کسی نے کچھ کہا نہیں تھا اسے دروازہ کھلنے کی آواز آئی تو چیخنے لگا۔۔

کس نے پکڑا ہے مجھے سامنے آؤ۔۔

ہمت ہے تو سامنے وہ باندھ کے کیوں رکھا ہے ایک بار کھولو مجھے وہ خلق کے بل چیہا تھا ۔۔

میں پوچھتا ہوں تم لوگ کون ہو اب چیخ چیخ کے اس کے گلے میں کانٹے چبنے لگے تھے تم لوگ جانتے نہیں ہو مجھے کنگ کا آدمی ہوں اسے پتہ چل گیا تو تم لوگوں کی ہے نہیں خیر نہیں۔۔

ابھی بھی کوئی جواب نہیں ملا زین اور میر ایک دوسرے کی طرف دیکھا۔۔

کون ہو تم لوگ بولتے کیوں نہیں۔۔

تمہاری موت۔۔۔۔

پیچھے سے ایک سرد آواز سنائی دی۔۔

وہ تو آواز سن کر ڈر گیا تھا۔۔

کون ہو تم لوگ دیکھو مجھے جانے دو ورنہ اچھا نہیں ہو گا تم جانتے نہیں ہو مجھے۔۔۔

ہاہا ہاہا ہاہا۔۔۔۔قہقے کی آواز سن کر اس کے ریر کی ہڈی سنسنا گئی تھی۔۔

میری چھوڑو تم اپنی فکر کرو تم نے میری پرنسز کو اغواہ کرنے کی کوشش کی وہ بھی اس کنگ کے کہنے پر تمہاری موت میرے ہی ہاتھوں لکھی ہے۔۔

ک۔۔۔کک۔۔کون ہو تم۔۔اس کی آنکھوں سے پٹی ہٹائی تو سامنے دیکھا۔۔

اس کو سچ میں ڈر لگا تھا اب سامنے بندے کو دیکھ کر جو خوبصورت تو بہت تھا لیکن اس سے زیادہ خطرناک لگ رہا تھا۔

بیسٹ سرد ٹھڑٹھرا دینے والی آواز سے کہا۔۔

وہ نیچے بیٹھا اور اپنے چاکوں سے اس کی ٹانگیں پر کٹ لگانے لگا وہ چیخنے لگا۔

نہیں نہیں چھوڑوں مجھے ابھی وہ چیخ کر کہنے لگا۔۔

اس کا زخم کا درد کم نہیں ہوا تھا کہ چاکو سے اس کے منہ پر چلانا شروع کر دیا۔۔

اسی طرح آہستہ آہستہ اس کا چہرہ بگاڑنے لگے بعد اس کے بازوں کی جلد کاٹنی شروع کر دی خون کی ندی بہہ رہی تھی۔۔

تم نے بیسٹ سے اس کی پرنسیں چھیننے کی کوشش کی ہے اب اس شخص کی دل دہلا دینے والی چیخیں پورے بیسمنٹ میں گونج رہی تھی۔

زین تو اپنے کان بند کیے کھڑا میر کو دیکھ رہا تھا میر کے کپڑے اور چہرہ خون سے بڑا پڑا تھا ۔

اس آدمی کے چیخوں کے ساتھ ساتھ زویا اور انمول کے چیخیں شامل ہوئی تھی وہ دونوں تو پھٹی پھٹی نگاہوں سے اپنے اپنے شوہروں کو دیکھ رہی تھیں اور انمول کا تو دل بند ہونے لگا تھا میر کو بیسٹ کے روپ میں دیکھ کر۔۔

پرنسس تم یہاں کیا کر رہی ہو جاؤ کمرے میں میں آتا ہوں وہ تو ایسے نارمل انداز میں بات کر رہا تھا جیسے کچھ ہوا ہی نہیں۔۔

زویا بھی زین کو دیکھ رہی تھی اسے بھی آج زین سے ڈر لگنے لگا تھا۔۔

جاؤ پرنسز اس نے دھاڑا تو وہ اور زویا بھاگتے ہوئے لانچ میں جا کر ایک صوفے پر بیٹھ گئی۔۔

زویا زویا تم نے دیکھا وہ میر بیسٹ ہے وہ وہ جو لوگوں کو درندگی سے مارتا ہے تم نے دیکھا میر اس شخص کا کیا حال کر رہے تھے۔

وہ اس کے گلے لگ کر پھوٹ پھوٹ کا رو دی۔

چپ کر جاؤ انو۔۔

مم۔۔۔میں کیا کروں گی زویا مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے

زین جلدی سے آدمیوں کو کہو اسے ٹھکانے لگائے تم میرے ساتھ آو

وہ دونوں باہر آئے میر جلدی سے فریش ہونے چلا گیا اس نے انمول کی طرف دیکھا تک نہیں اور زین زویا کے پاس بیٹھ گیا تو زویا ڈر کر انمول کے ساتھ چپک گئی جو کہ زین نے بھی دیکھا زین کو رہ رہ کر میر پر غصہ آرہا تھا کہ کیا ضرورت تھی گھر میں مارنے کی باہر لے جاتے لیکن اب جو ہونا تھا وہ تو ہو گیا۔۔

میر فریش ہو کر آیا تو کہنے لگا چلو پرنسز کمرے میں نیند آرہی ہے انمول دیکھ رہی تھی کہ کوئی انسان کو قتل کر کیسے اتنا پرسکون رہ سکتا ہے وہ اٹھی اور میر کے پاس آئی تو میر نے اس کا ہاتھ پکڑا تو انمول نے ہاتھ چھڑوا کر ایک زور دار تھپڑ میر کے منہ پر مارا جو کبھی اس کے گال پر ڈیمپل پر لب رکھتی تھی آج اسی ڈمپل والی جگہ پر اس نے تھپڑ مارا تھا اور میر کی آنکھیں لال انگارا ہوئی تھی۔۔

اس نے غلطی سے ہاتھ تو اٹھا لیا تھا لیکن اب اسے میر سے ڈر لگ رہا تھا وہ یہ تو جانتی تھی کہ میر اس سے کچھ کہے گا نہیں لیکن پھر بھی ڈر لگ رہا تھا۔۔

زین تم زویا کو کمرے میں لے جاؤں۔

مم۔۔۔میں نہیں جاؤں گی تمہارے ساتھ۔۔

چلو زویا چھوڑو مجھے تم نے ایک درندے ہو اس کا ساتھ دینے والے۔۔وہ چیختی رہی۔

چلیں جانم۔

۔میر نے اپنا غصہ بمشکل قابو کیا تھا اور وہ انمول کو کچھ کہہ کر مزید اسے خوفزدہ نہیں کر سکتا تھا۔۔

وہ اسے کھینچتا ہوا کمرے میں لے آیا تو وہ ڈر کے مارے چلتی رہی کمرے میں لا کر اسے بیڈ پر لٹایا اور خود بھی اس کے ساتھ لیٹ گیا۔۔

زین تم یہ سب کیسے کر سکتے ہو میر ہی بیسٹ ہیں یہ سب کچھ کیوں مجھے اب نہیں رہنا تمہارے ساتھ میں چلی جاؤں گی تم جیسے درندے لوگوں کے ساتھ نہیں رہ سکتی۔۔

تو اس نے زویا کو کھینچ کر اپنے سینے سے لگایا وہ سمجھ سکتا تھا
لیکن وہ روتی روتے اس کے سینے پر ہی سو گئی۔۔

✿✿✿✿✿✿

وہ ساحل کے روم میں جانے لگی تو ساحل نے اسے روکا تم میرے روم میں نہیں سو سکتی
کیوں نہیں سو سکتی۔۔

تم میرے شوہر ہو اور اب ہم ایک ہی کمرے میں رہیں گے تو وہ جلدی سے کمرے میں گھس کر بیڈ پر جا کر لیٹ گئی ساحل اس ڈھیٹ لڑکی کو دیکھتا رہ گیا۔۔

آ جاؤ ساحل نہیں کھا جاؤں گی میں تم کو تو ساحل نے اس کی باتوں کو اگنور کر کے ایک طرف آکر لیٹ گیا۔۔

صبح وہ اٹھی تو خود کو میر کی باہوں میں پایا اور میر کو دیکھنے لگی کل تک وہ اس کا میر تھا آج وہ ایک درندہ تھا۔۔

وہ کیسے اس کی بیوی بن کر رہ سکتی تھی مجھے جانا ہو گا مجھے کسی بھی طریقے سے یہاں سے نکل نہ ہو گا۔۔

لیکن کیسے۔۔

وہ ابھی اسے دیکھتے ہوئے سوچ ہی رہی تھی کہ میر کی آنکھ کھل گئی کیا ہوا پرنسز زیادہ پیارا لگ رہا ہوں۔۔

چھوڑیں مجھے۔۔

مجھے نہیں رہنا آپ جیسے درندے انسان کے ساتھ چھوڑے مجھے آپ۔۔ جھوٹے ہیں آپ۔۔

تم نے مجھ سے وعدہ کیا تھا کہ تم مجھے چھوڑ کے نہیں جاؤ گی۔۔

تو اب کیوں کہہ رہی ہو کہ مجھے چھوڑ کر جانا ہے تب مجھے نہیں پتہ تھا کہ آپ ایک درندے ہیں لوگوں کو مارتے ہیں۔۔

پرنسز میں معصوم لوگوں کو نہیں مارتا وہ تمہیں اغوا کر کے کنگ کے حوالے کر دیتا مجھے اسے مارنا پڑا جانا تم پریشان نہیں ہو تم سو جاؤ۔۔

تو وہ ڈر کر اس کے کہنے سے دوبارہ سو گئی پھر جب وہ دوبارہ اٹھی تو دیکھا میر اس کے پاس نہیں تھا اس نے شکر کیا کہ میر اس کے پاس نہیں ہے

وہ پھر سے رونے لگی کہ وہ اتنے مہینوں سے ایک درندے کے ساتھ رہ رہے تھی کیسے اب رہے گی اب اسے یہاں سے بھاگ کر اپنے گھر جانا تھا اسے یقین تھا کہ میر اسے کبھی نہیں جانے دے گا لیکن اسے جانا تھا یہاں سے۔۔

وہ اٹھی اور فریش ہو کر باہر نکلی تو آج میر اپنے ہاتھوں سے ناشتہ بنا رہا تھا۔

آؤ آؤ پرنسز دیکھو میں اج تمہارے لیے ناشتہ بنا رہا ہوں مجھے آپ کے گندے خون بھرے ہاتھوں سے بنے ہوا ناشتہ نہیں کرنا سمجھے آپ مجھے یہاں سے جانا ہے۔۔

مجھے آپ کے ساتھ نہیں رہنا میر نے اس کی بات سن کر غصہ ضبط کیا.

چلو کچھ کھا لو پھر دیکھتے ہیں تم کہاں جاتی ہو.

مجھے بب۔۔۔بھوک نہیں ہے وہ اپنا ہاتھ چھڑوا کر اس سے فاصلے پر ہوئی تھی۔۔

لیکن پرنسز کھانا تو پڑھے گا نا تو اس نے ناشتے کو ہاتھ میں نہیں لگایا۔۔

میں نے کہا ناشتہ کرو وہ دھاڑا تھا۔۔

تو انمول زور زور سے رونے لگی اسے روتا ہوا دیکھ کر وہ تھوڑا نارمل ہوا انمول تم جانتی ہو میں تم سے بہت پیار کرتا ہوں یہ جو تم بار بار مجھے جانے کا کہہ رہی ہوں نا تمہیں نہیں پتہ میں کیسے برداشت کر رہا ہوں ایک بات یاد رکھو تم یہاں سے کہیں نہیں جاسکتے سمجھی تو وہ زبردستی نوالہ بنا کر اسے کھلانے لگا۔۔

زویا بھی زین کو اگنور کر کے باہر نکلنے لگی تو زین اس کا ہاتھ پکڑ لیا۔۔

زویا یار میری بات تو سنو۔۔

مجھے تمہاری کوئی بات نہیں سننی ہے زین کیا سنو بات تم نے اور تمہارے بھائی نے میرا اور میری دوست کا اعتبار توڑا ہے۔۔

تم نہیں جانتی یہ ہم لوگ کیوں کر رہے ہیں تو بتاؤ کیوں کر رہے ہو اس نے ہاتھ چھڑوا کر کہا۔۔

جو میں تمہیں بتاؤں گا تم اس بات پر یقین نہیں کرو گی لیکن تم کو ٹائم سے سچ پتہ چل جائے گا ابھی انتظار کرو۔۔

لیکن مجھے اب یہاں نہیں رہنا آئی سمجھ۔۔

زین کو اب غصہ آنے لگا تھا وہ پیار سے سمجھا رہا تھا وہ سمجھ نہیں رہی تھی۔۔

آخر چاہتی کیا ہو تم۔۔

تمہاری قید سے رہائی۔۔

وہ تو ممکن نہیں ہے میری جان تمہیں پتہ ہے لٹل فیری تم جتنا مجھ سے دور جانے کی کوشش کرو گی اتنی شدت سے میں تمہیں اپنے پاس لے کے آوں گا۔

چچ۔۔۔چھوڑو مجھے جانا ہے۔ابھی وہ بول رہے تھے کہ زین نے اس کے الفاظ منہ میں ہی دبا دیے۔۔

ماہا ویسے ہی سوئی ہوئی اسے لیٹ اٹھنے کی عادت تھی تو اسے ٹائم کا پتہ ہی نہیں چلا جب کہ ساحل نے اج یونیورسٹی سے اور افس سے چھٹی کی تھی افس نا بھی جاتا تھا وہ اس کی بیگم کا ہی افس تھا ساجدہ بیگم نے ساحل کو بھیجا کہ جاؤ ماہ کو اٹھا دو۔۔

تو وہ اٹھانے آیا اب جو بھی تھا وہ اس گھر کی بہو تھی اب ساجدہ بیگم نے ہی سب کا خیال رکھنا تھا۔۔

ماہا ماہا اس نے اسے کندھوں سے ہلایا لیکن وہ ہلی نہیں تو اس نے پاس پڑا ہوا پانی کا جگ اٹھا کر ماہ کے اوپر پھینک دیا وہ ہر برا کر اٹھی۔۔

بارش بارش وہ چیخ رہی تھی۔۔

اور ساحل اسے ایسے کرتے دیکھ کر کھل کر ہنسا تھا اور ماہا اس کی شرارت سمجھتی ہوئی ساحل کو ہنستا ہوا دیکھ رہی تھی ساحل نے ماہ کو اپنی طرف ہنستا ہوا دیکھا تو خاموش ہو گیا نیچے آجاؤ فریش ہو کر ناشتہ کر لو وہ سنجیدہ سا کہتا ہوا چلا گیا..

ماہا تیار ہو کر نیچے آئی تو سب ڈائننگ ٹیبل پر بیٹھے تھے.

السلام علیکم

وعلیکم السلام بیٹا اؤ بیٹھو ماہا کو ساحل کی امی بہت پسند آئی تھی بہت دیما مزاج تھا ان کا اس نے ہانیہ کو بھی سلام کیا لیکن ہانیہ نے جواب نہیں دیا تو ماہ نے بھی دوبارہ اس کی طرف نہیں دیکھا.

ماہ نے اپنی پلیٹ سے ایک نوالہ بنا کر ساحل کے منہ کی طرف کیا تو ساحل نے اسے گھورا میرے ہاتھ ہیں میں کھا سکتا ہوں اس نے جواب دیا۔۔

لیکن میں چاہتی ہوں شادی کے بعد میرا شوہر ہر صبح ناشتہ کا پہلا نوالہ میرے ہاتھ سے لے۔

اس نے اسے گھورا لیکن ماہ نے ہاتھ پیچھے نہیں کیا ساجدہ بیگم اور ہانیہ تو منہ کھولے اس بے باک لڑکی کو دیکھ رہے ہیں جو کسی کا بھی لحاظ نہیں کر رہے تھی۔۔

ساحل نے تنگ آکر نوالہ کھا لیا اور اٹھ کر کمرے میں جانے لگا بیٹا ناشتہ تو کر لو امی میں بعد میں کر لوں گا۔۔

ساحل بیٹھو ناشتہ کرو۔۔ماہ نے کہا۔

تم کرو ناشتہ اور چلا گیا۔

ماہ کو برا لگا تھا جو ہمیشہ آپ کہتا تھا آج اسے تم کہہ کر بلا رہا تھا۔۔

انمول کمرے کے چکر لگا رہی تھی سمجھ نہیں آرہا تھا کہ وہ کیسے اپنے پاپا سے بات کریں کیسے یہاں سے بھاگیں اس نے اپنے کمرے کی بالکنی کو دیکھا تو اور ڈر گی۔

اس کی لمبائی دیکھ کر تو سر چکرا گیا تھا اس ظالم انسان جنگلی انسان کے پاس رہنے سے اچھا ہے میں مر جاؤں۔۔

وہ ابھی کودنے ہی والی تھی میر جو دروازہ کھول کر اندر آیا تھا۔

اس نے دیکھا کہ انمول کو دنے والی ہے تو جلدی سے اس کی طرف گیا اور اسے کھینچ کر سینے سے لگایا۔

چھ۔۔۔چھوڑو مجھے میر مجھے نہیں رہنا آپ کے ساتھ اس سے اچھا میں مر جاؤں۔۔

مجھے آپ سے طلاق۔۔۔۔۔۔۔۔

چٹاخ کی آواز نے ساتھ ہی انمول کی چلتی ہوئی زبان بند ہوئی تھی وہ ایک گال پر ہاتھ رکھے بے یقین نظروں سے میر کو دیکھ رہی تھی۔۔

بس بہت کرلی بکواس اب اور ایک لفظ نہیں ورنہ مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا جو تم چاہ رہی ہو نا کہ تم مجھ سے الگ ہو جاؤ گی یہ غلط فہمی دور کر لو اپنی۔۔

اس نے اس کا بازو سختی سے پکڑا۔۔

اس کے سخت پکڑ سے انمول کے منہ سے اہ نکلی تھی۔

وہ ڈر سے کانپتے ہوئے شدت سے آنکھیں میچ لی تھی۔

مم۔مم۔۔مجھے جانا ہے وہ ہکلاتے ہوئے بولی۔۔

تم اب میری اجازت کے بغیر اس کمرے سے باہر قدم نہیں نکال سکتی اپنے گھر جانے کی ساری سوچوں کو اپنے دماغ سے باہر نکال پھینکو۔

مجھے اپنے آپ پر سختی کرنے پر مجبور نہ کرو۔

میرے بابا کے پاس جانا ہے وہ زور سے رونے لگے۔

انمول اس کی شدتوں سے تڑپتے ہوئے رونے لگی۔

تمہیں شاید میری محبت اور آزادی راس نہیں جان اب اس وقت تک قید میں رہو جب یہ جو دور جانے کا خیال تمہارے ذہن سے نکل نہیں جاتا اور وہ اسے لاک کر کے باہر چلا گیا اور وہ اس کی بے رحم باتوں سے دروازے کے ساتھ لگ کر رونے لگے۔۔

وہ ڈائننگ ٹیبل سے اٹھ کر کمرے میں آئی تو ساحل کو بیڈ پر بیٹھے ہوئے پایا ساحل مجھ سے ناراضگی ہے نہ تو کھانا کیوں نہیں کھا رہے۔

چپ کر جاؤ تم تمہاری وجہ سے ہی بے سکون ہوا ہو میں۔۔

ساحل میں پیار کرتی ہوں تم سے۔

لیکن میں ہانیہ سے پیار کرتا ہوں۔۔

لیکن وہ تم سے پیار نہیں کرتی۔۔

تم جھوٹی ہو دھوکے باز ہو۔

مجھ سے شادی کرنے کے لیے کیا کیا تم نے اب ہانیہ پر الزام لگا رہی ہوں تم غلط سوچ رہی ہو کہ میں تم سے پیار کروں گا تم عزت کے لائق نہیں چلی جاؤ یہاں سے۔۔

تو وہ روتے ہوئے کمرے سے باہر چلی گئی تو باہر لان میں ہانیہ کو دیکھا جو اس کو زہریلے مسکراہٹ چہرے پر لی اسے دیکھ رہی تھی۔۔

کیا ہوا زویا میڈم کو ساحل نے کمرے سے نکال دیا بہت افسوس ہوا۔۔

تم کسی خوش فہمی میں مت رہنا ہانیہ کہ تم مجھے ساحل سے دور کر دو گی وہ میرا تھا اور میرا ہی رہے گا اس لیے میں نے تم سے چھین لیا۔۔

لیکن تم تو ساحل سے محبت بھی نہیں کرتی تو تم اس دو ٹکے کے لڑکے علی سے محبت کرتی ہوں اور ماہ کے منہ سے علی کا نام سن کر اسے شاک لگا تھا۔

کیوں شاک لگا تم تم یہی دھوکے باز لڑکی میرے ساحل کو ڈیزرو ہی نہیں کرتی تھی اسی لیے میں نے اسے چھین لیا تم سے۔

بہت جلد وہ مجھ سے محبت کرنے لگے گا۔۔

اگر میں نے اسے تم سے چھین لیا تو۔۔

اس دن تمہاری موت میرے ہاتھوں ہو گی ڈیرہانیا۔۔

اور یہ کہہ کر وہ اندر چلی گئی اب دیکھنا تم کو ساحل سے دور بھی کروں گی اور علی سے شادی بھی کروں گی وعدہ ہے یہ میرا تم سے دیکھتی جاؤ۔

لیکن ہانیہ نے غلط بندی سے پنگا لے لیا تھا لیکن وہ نہیں جانتی تھی کہ آہستہ آہستہ اسے پتہ چل جانا تھا۔۔

وہ رات کو واپس آیا تو انمول کو سوتے ہوئے پایا۔۔

وہ انمول کے پاس گیا تو اس کی گال پر اپنے تھپڑ کا نشان دیکھ کر اسے افسوس ہوا تھا کہ کیسے وہ اپنی پرنسز پر ہاتھ اٹھا سکتا ہے۔۔

وہ جو سوئی ہوئی تھی اپنے اوپر بوجھ پا کر وہ ہلکا سا کسمکای تو میر کے چہرے پر مسکان آئی تھی ایک دم سے انمول کی آنکھ کھلی تو اپنے اوپر میر کو جھکا ہوا پایا تو وہ ڈر کر دیکھنے لگی۔۔

تیچ۔۔۔۔پیچھے ہو۔

آئی ایم سوری پرنسز مجھے ہاتھ نہیں اٹھانا چاہیے تھا لیکن کیا کروں جب کبھی غصہ کم کرنے کی کوشش کرتا ہوں تم کوئی نہ کوئی ایسی بات کہہ کہہ دیتی ہو کہ مجھے غصہ آ جاتا ہے۔۔۔

انمول کو میر سے پہلے سے زیادہ خوف محسوس ہو رہا تھا۔۔۔

مجھے گن آتی ہے آپ سے آپ کے وجود سے۔۔

مجھے نفرت ہوتی ہے خود سے کہ میں نے آپ جیسے درندے سے محبت کی آپ پر اعتبار کیا اپ نے میری محبت کو ختم کر دیا میرا اعتبار توڑا ہے اپ نے۔۔

میں آپ کو کبھی معاف نہیں کروں گی جب بھی آپ میرے پاس آتے ہیں مجھے لوگوں کے خون کی بدبو آتی ہے۔۔

کیا بکواس کر رہی ہو تم وہ دھاڑا تھا۔۔

اپنی حد میں رہو تم جانتی ہو تم کس سے بات کر رہے ہو۔۔۔

جانتی ہوں میں ایک بیسٹ جو ایک درندہ ہے۔۔۔

لیکن اس درندے کو تم سے عشق ہے پرنسز تم کیوں نہیں سمجھ رہی میری جان۔۔

اب اگر اور بکواس کی تو جان لے لوں گا۔۔

میں نہیں مانتی آپ کو اپنا شوہر کیا کریں گے مجھے بھی لوگوں کی طرح قتل کر دیں گے وہ بنا ڈرے بولی تھی۔۔

وہ اس پر جھکا اس کے ادھے الفاظ منہ میں ہی رہ گئے تھے۔۔

یہ۔۔۔یہ کیا کر رہے ہیں آپ۔۔۔

تمیں بتا رہا ہوں کہ میں تمہارا شوہر ہوں تمہارے ماننے یا نہ ماننے سے مجھے کوئی فرق نہیں پڑتا وہ بھی نہ اسے سمجھے اس پر جھکتا چلا گیا اور اب انمول نے سوچ لیا تھا جو اب بھی ہو اسے یہاں سے جانا ہے۔۔

✿✿✿✿✿

زویا تم کب تک مجھ سے ناراض رہو گی۔۔

ناراض ان سے رہا جاتا ہے جن سے کوئی رشتہ ہو مجھے تمہارے ساتھ کوئی رشتہ ہی نہیں رکھنا کیونکہ کیا وجہ ہے یار میں تم سے پہلے بھی کہہ چکا ہوں میں عشق کرتا ہوں تم سے تم کیوں نہیں سمجھتی ہو۔۔

مجھ سے کیا چاہتے ہو اب تم۔۔

مجھ سے محبت کر لو تم کوشش تو کرو مجھے یقین ہے میرا عشق تمہیں مجھ سے محبت کرنے پر مجبور کر دے گا۔۔

کسی سے محبت کرنا انسان کے اپنے اختیار میں نہیں ہوتا ہے زین۔۔۔

تو اگر قسمت میں ہوا تو تمہارے لیے میرے دل میں محبت پیدا ہو جائے گی۔۔۔

وہ بے بس ہوا تھا آج اپنی محبت کے آگے تو چپ کر کے اٹھ کر بیڈ کی دوسری طرف جا کر لیٹ گیا زویا کو برا لگا تھا۔۔

اسے عادت ہو گئی تھی ہمیشہ زہن اسے اپنے سینے پر ہی سلاتا تھا لیکن آج وہ الگ سویا تھا۔۔۔

مجھے کیا میں سو جاؤں گی ایسے ہی وہ ابھی بھی اپنے جذبات سمجھنے سے قاصر تھی یا سمجھنا ہی نہیں چاہتی تھی۔۔۔

وہ زین کے بارے میں سوچتی سوچتی اس کی کب آنکھ لگی اسے پتہ ہی نہ چلا۔۔۔

صبح ناشتے کی ٹیبل پر سب بیٹھے ناشتہ کر رہے تھے لیکن انمول اور زویا بس ناشتے کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

پرنسز تم کچھ کھا کیوں نہیں رہی۔۔۔

مجھے بھوک نہیں ہے وہ جلدی سے بولی۔۔۔

ناشتہ کرو جلدی سے اس نے سختی سے کہا۔۔

وہ ویسے ہی ڈری سہمی بیٹھی سے جلدی سے ناشتہ کرنے لگی۔۔۔

زین نے بھی زویا کو سخت نظروں سے دیکھا تو وہ ناشتہ کرنے لگی۔۔

پرنسز تم خود مجھے مجبور کرتی ہو میں تم پر سختی کروں۔۔

زویا اور انمول چپ چاپ ناشتہ کر کے اپنے اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔۔

اتنے میں میر کے فون کی گھنٹی بجھی ماہ کا فون ہے

السلام علیکم میر بھیا کیسے ہیں آپ۔۔

میں ٹھیک ہوں بچے تم بتاؤ کیسی ہو۔۔

میں بھی ٹھیک ہوں بھیا بھابی کیسی ہیں۔۔۔

تمہاری بھابھی کا دماغ تھوڑا خراب ہوا ہے۔۔

کیوں بھیا کیا ہوا ہے اس سے میرے کام کے بارے میں پتہ چل گیا ہے کہ میں بیسٹ ہوں ۔۔

او شیٹ بھیا تو پھر اب۔۔

پھر کیا مجھ سے طلاق لینے کے لیے ضد کر رہی ہے

تو آپ نے کیا کہا۔۔

اپنے بھیا کو جانتی ہو نا اتنی جلدی وہ مجھ سے دور نہیں جاسکتی۔۔

تم بتاؤ ساحل کیسا ہے روڈ بیہیویئر تو نہیں کرتا نا تمہارے ساتھ بس بھائی ایسا ہی ہے لیکن مجھے یقین ہے ایک دن وہ بھی مجھ سے پیار کرے گا اوکے بھیا لگتا ہے ساحل اگیا ہے میں جلتی ہوں اب۔۔

زین تم اتنے چپ کیوں ہو۔۔

میر جو بات مجھے پتہ چلی ہے اگر تمہیں بھی پتہ چلے کہ جو تمہیں بھی 240 واٹ کا شاک لگے گا کیا ہوا ہے سب ٹھیک تو ہے نا زین بتاؤ مجھے۔۔

میں نے تمہیں بتایا تھا نا کہ میرا ایک خاص بندہ کنگ کے پاس کام کر رہا ہے تو تمہیں پتہ ہے کنگ کون ہے۔۔

کیا پاگلوں جیسی باتیں کر رہے ہو تم مجھے بتاؤ گے تو پتہ چلے گا جلدی بتاؤ مجھ سے صبر نہیں ہو رہا۔۔

کنگ کا نام دلاور بیگ ہے دلاور بیگ ہی کنگ ہے جس نے تمہاری پرنسس پر نظر رکھی تھی جس نے ہمارا خاندان تباہ کر دیا تھا اور دلاور کے بارے میں سن کر تو میر کی آنکھیں سرخ ہوئی تھی وہ غصہ ضبط کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔۔

اب تم کیا کرو گے میر۔۔

کچھ نہیں اسی کے کھیل میں اب اسی کو مات دوں گا تم زویا کو اپنے اعتبار میں لو اور اس کے باپ کی حقیقت بتا دو۔۔

نہیں میر وہ کبھی نہیں مانیں گی اس کے حقیقت جب تک وہ اپنے باپ کے جرم کو اپنی آنکھوں سے نہ دیکھ لیں۔۔۔

تو چلو ٹھیک ہے پھر اب اس وقت کا انتظار کرتے ہیں۔۔۔

✿✿✿✿✿✿

ساحل تم کہاں جا رہے ہو پلیز مجھے میرے آفس چھوڑ دو میں آج سے آفس جانا شروع کروں گی۔۔

تم بھی ٹائم سے افس میں آ جانا۔۔

ٹھیک ہے چلے آئے میں اپ کو چھوڑ دیتا ہوں وہ چاہ کر بھی ماہ سے سختی سے بات نہیں کر سکا۔۔

وہ دونوں گاڑی میں بیٹھے تھے کہ ماہا نے ساحل کا ہاتھ پکڑ لیا ساحل پلیز میری بات کا یقین کرو ہانیہ تمہارے لائق نہیں تھی وہ تمہیں دھوکہ دے رہی تھی وہ کسی اور سے پیار کرتے تھے پلیز ساحل میری بات کا یقین کرو۔۔

پلیز ماہ اپ نے جیسے بھی کر کے مجھ سے شادی تو کر لی ہے اب میرے دل میں ہانیہ کے لیے نفرت پیدا مت کریں میں آپ کے آگے ہاتھ جوڑتا ہوں پلیز۔۔

تو ماہ کی آنکھوں میں خاد بہود آنسو آگئے ٹھیک ہے ساحل لیکن جب تمہیں ہانیہ کی حقیقت پتہ چلے گی ناتب تم مجھ سے معافی مانگو گے تو وہ چپ کر کے کھڑکی سے باہر دیکھنے لگ گئی۔۔

چلیں جائیں آپ کا آفس آگیا ہے اب میں یونیورسٹی جارہا ہوں تو چپ چاپ کر کے چلی گئی ساحل کو برا تو لگا تھا ماہا سے غصے میں بات کر کے لیکن وہ بھی کیا کر سکتا تھا جن حالات میں شادی ہوئی تھی وہ ماہ کو خوش نہیں رکھ پا رہا تھا

اسلام علیکم!

زین ناشتہ کر کے کمرے میں آیا تو زویا کو کمرے میں ٹہلتے ہوئے دیکھا کیا ہوا ہے زویا کچھ چاہیے تمہیں۔۔

ہاں زین وہ وہ مجھے شاپنگ کرنے جانا تھا تو کیا تم مجھے شاپنگ کرنے کی اجازت دے سکتے ہو میرے پاس سارے پرانے کپڑے ہو گئے ہیں۔۔

زین نے اس کی طرف دیکھا جو پرامید نظروں سے ذین کی طرف دیکھ رہی تھی۔۔۔

اوکے ٹھیک ہے جان من لیکن یاد رکھنا شاپنگ کر کے سیدھا گھر واپس آنا ہے کہیں اور آنے جانے کی اجازت نہیں ہے تمہیں۔۔

اوکے اوکے تھینک یو سو مچ زین۔۔

وہ تھینک یو کرتے کرتے زین کے بہت قریب پہنچ گئی تھی کہ زین کا دل دھڑکا گئی تھی جب انجانے میں زویا کو احساس ہوا کہ وہ زین کے قریب کھڑی ہے تو اس نے پیچھے ہونے کی کوشش کی۔۔

تو ذین نے اس کی کلائی پکڑ کر اپنے قریب کھینچا۔۔

لٹل فیری یہ تو بہت بری بات ہے کہ شوہر کے قریب آ کر اس کے ارمان جھگا کر تم پیچھے ہو رہی ہو نہیں نہیں میں نے ایسا کچھ نہیں کیا۔۔

پلیز زین چھوڑو مجھے۔۔

تمیں پتہ ہے یہ تمہاری سبز آنکھیں مجھے بچپن سے بہت پسند تھی اور میں بھی تمہیں بہت پسند تھا لیکن شاید تم بھول گئی ہو لیکن وقت آنے پر تمہیں سب یاد آ جائے گا۔

اور جو تمہارے ہونٹ جب جب دیکھتا ہوں جذبات ابھرنے لگتے ہیں۔۔

اور زویا تو زین کی باتیں سن کر کان کی لو تک سرخ ہوئی تھی اور شرما کر چہرہ جھکا گئی تھی۔۔

زین کو اس کے ارادے ٹھیک نہیں لگے تھے لیکن وہ اس پر اعتبار کر رہا تھا۔۔

لٹل فیری میں تم پر یقین کر رہا ہوں میرا یقین کبھی مت توڑنا جیسے کہا ہے ویسے ہی کرنا شاپنگ کرنے جاؤ گی تو سیدھا گھر واپس آنا۔۔

اور وہاں میرے گارڈ تمہارے ساتھ جائیں گے لیکن میں تم پر اب اتنا بھی یقین نہیں کر سکتا کہ تمہیں اکیلے جانے دوں۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔

وہ جو سوچ رہی تھی وہ ایک دفعہ باہر چلی جائے گی تو وہاں سے بھاگ جائیں گی اس کی یہ غلط فہمی بہت جلد دور ہونے والی تھی۔۔۔

زین نے اجازت تو دے دی تھی لیکن پھر بھی اس کے پیچھے گیا تھا لیکن اسے آرام سے شاپنگ کرتا دیکھ وہ ریلیکس ہوا تھا اسے پتہ تھا زین خود اس کے پیچھے آئے گا اسی لیے اس نے کوئی ہوشیاری نہیں کی وہ زین کا اعتبار جیتنا چاہتی تھی پھر ہی وہ یہاں سے جا سکتی تھی۔۔

وہ چپ چاپ شاپنگ کر کے گھر آگئی تھی اور گھر آ کر وہ انمول کو شاپنگ دکھانے لگی ساتھ ساتھ دونوں پلین کر رہی تھی کہ اس گھر سے کیسے بھاگیں۔۔۔

انو تم پریشان نہ ہو دیکھنا ایک دفعہ یہاں سے چلے گئے تو واپس نہیں آئیں گے ٹھیک کہہ رہی ہو لیکن ہم یہاں سے جائیں گی کیسے۔۔۔

ارے ارے وزیر صاحب تم ہی تھے نا جس نے اسے معصوم لڑکی کو درندگی کا نشانہ بنایا تھا تم جیسے لوگ اس دھرتی پر بوجھ ہیں تم لوگوں کو ختم کرنے کے لیے ہم جیسے بسٹ کو بنایا گیا ہے۔۔۔

یہ کہتے ہی اس کی شہ رگ پر اپنا چاکو پھیرا اور چلا گیا وہ جو کچھ بولنے کے لیے معافی مانگنے کے لیے منہ کھولنے ہی لگا تھا اس کو موقع ہی نہیں دیا۔۔۔

وہ رات کو واپس کمرے میں آیا پہلے دوسرے کمرے سے کپڑے چینج کر کے آیا تھا تاکہ انمول اس سے زیادہ خوفزدہ نہ ہو۔۔۔

میری جنگلی بلی۔۔

وہ جو ایک ہاتھ تکیہ اور ایک ہاتھ منہ پر رکھے سو رہی تھی۔۔

بہت جلد پرنسس میں سب کچھ ٹھیک کر دوں گا تمہارے سارے خوف دور کر دوں گا۔۔

لیکن کبھی خود سے دور نہیں جانے دوں گا وہ جو میر کے آنے سے ہی اٹھ گئی تھی خوف سے لیٹی رہی تھی اس کی باتیں سن کر ایک انسو گر کر تکیہ میں جذب ہوا تھا جو میر کی آنکھوں نے دیکھ لیا تھا۔۔

لیکن کچھ کہہ نہیں سکا اور اسے اپنی باہوں میں لے کر سو گیا انمول بھی اس کی باہوں میں جاتے ہی دوبارہ سے سو گئی۔۔۔

اگلے دن ماہ ساحل کے لیے چائے بنا رہی تھی کہ وہاں ہانیہ آگئی۔۔

کیا ہوا ہانیہ کچھ چاہیے۔۔

ہاں چاہیے ہے نا اس نے ماہا کو کچھ سمجھے بغیر ہی گرم چائے کے پیالی اٹھائی اور اپنے ہاتھ پر ڈال دی اور چیخنے لگی۔۔۔

ساحل اور ساجدہ بیگم جلدی سے کچن میں آئے تو ساحل نے جلدی سے ہانیہ کا ہاتھ پکڑا یہ کیسے ہوا۔۔

ماہا نے گرا دی چائے زور زور سے رونے لگی۔۔

ماہ تو کب سے ساحل کا ہاتھ دیکھ رہی تھی جس نے ہانیہ کا ہاتھ پکڑا تھا اور اپنے اوپر لگے الزام دیکھ کر اس کا غصہ سوا نیزے پر ہوا تھا۔۔

ساحل میں نے نہیں گرایا اس نے ساحل کو وضاحت دینی چاہیی۔۔

ماہ آپ کیا چاہتی ہے۔۔

پہلے ہانیہ کو مجھ سے دور کیا اب ہانیہ کو تکلیف دے رہی ہیں۔۔۔

ہانیہ نے ایک جلا دینے والی مسکراہٹ سے ماہ کو دیکھا تھا جو ماہ کو زیر سے بری لگی تھی۔۔

لیکن ساحل اس نے کچھ کہنا چاہا۔۔

بس بہت ہو گیا اب آپ کچھ نہیں کہی گی

چلے آئے ہانیہ۔۔۔وہ جو جانے لگا تھا

ماہ نے روک دیا۔

روکو ایک منٹ۔

اگر یہ مجھ پر الزام لگا رہی ہے تو میں اس الزام کو سچ کر دیتی ہو۔۔

اس نے چائے کا دوسرا کپ اٹھایا اور ہانیہ کا دوسرا ہاتھ پکڑ کر اس پر گرایا دیا۔۔

ہانیہ تو ہکا بکا اپنے دونوں ہاتھوں کو دیکھ رہی تھی جو جل گے تھے۔۔۔

اب مجھ پر الزام لگا سکتی ہیں اور میں مان بھی لیتی ہوں کہ میں نے جلایا ہے۔۔

تو ماہ یہ کہہ کر چلی گئی ساحل کو ماہ پر بہت غصہ آیا لیکن کچھ کہا نہیں۔۔

ساجدہ بیگم نے بھی ہانیہ کو شکی نظروں سے دیکھا تھا لیکن ابھی وہ نہ ماہ کو غلط کہہ سکتی تھی نہ ہی ہانیہ کو کیونکہ ہانیا کے ساتھ بھی برا ہوا تھا۔۔۔

انمول ناشتہ کر کے کچن میں برتن سمیٹ رہی تھی کہ میر اس کے پیچھے آ کر کھڑا ہو گیا۔۔۔

وہ گھبرا گئی۔۔۔

کیا ہوا ہے جان میر۔۔۔

میر ایک دفعہ مجھے اپنے پاپا سے بات کرنے دے بہت یاد آ رہی ہیں مجھے میں انہیں کچھ نہیں بتاؤں گی پلیز میر۔۔۔

وہ تو اس کے بالوں میں سر دیے ہے اس کو محسوس کر رہا تھا۔

آئی لو یو سو مچ جان میر وہ یہ کہتے ہی اس کے ہونٹوں پر جھکا تھا۔۔

